جسنے دیکھا اُسکو وہ بیخود ہوا — بیخودی سے توڑ ڈالا وہ گھڑا
جو شکستہ ہو سبو باقی ہنوز — اُسمیں ہی باقی بغایت لفروز
نہ سبو اس حال میں ہی ورنہ آب — دیکھ خویش واللہ اعلم بالصواب
جو معانی کے طلب دربار ہو — فکر کا پر مارتا شہباز ہو
پتر فکرت ہی گل آلود گران — کیونکہ تو کھاتا ہی گل مانند نان
نان مٹی گوشت بھی اس سے بتر — کھا کے مٹی مست ہوئی خاک پر
خاک کو کھاتے ہے ہم عمر بھر — خاک کھائیگی ہمیں جائینگے مر
بھوک میں ہوتا ہی تو مثل کلاب — تند و بد پیوند و بدرگ بیحساب
سیر ہوتا ہی تو پھر مردار ہی — بیخبر جیون صورت دیوار ہی
پس کبھی مردار گاہے سگ ہی تو — کیون وہ شیرون میں پھر خوش تگ ہی تو
نفس تیرا سگ ہی گیرندہ شکار — استخوان کم دے اُسے اے ہوشیار
سگ اگر بھوکا نہو سرکش رہے — صید کو تیرے لیے کمتر کرے
اس سبب کی بینوائی تھی سبیل — لیگئی جو شاد تاکے قال و قیل

مین نے قصہ مین لکھا احسان شاہ — پر تجھے لازم ہی اُس سے انتباہ

ترک کر صورت کو رکھ معنی سے کام — بت پرستی ہی یہ صورت لا کلام

حاشا اللہ تو نہ یہ افسانہ جان — حال یہ میرا ترا ہی بے گمان

پیش صوفی جو کہ صاحب فہم ہو — جو ہوا ماضی ہی لا یذکر ہی وہ

فکر اُسکی جو کہ ہی مشغول حال — ذہن مین اُسکے نہیں آتا مآل

عشق چون شمع ہر ہی طمع و نفس زن — دو نون ظلماتی ہین عشق انوار تن

جب گلی گر جا بے ظاہر ہو شرر — بے فناے تن نہو جان جلوہ گر

پیرہن ہر گز نہ کر تو یہ سفر — ہی یہ رہ پر آفت و خوف و خطر

بارہا دیکھی ہی تو نے گرچہ راہ — پر نہ بے رہبر تو ہوا زبس تباہ

تو نے جس رہ کو نہ دیکھا ای فضول — ہو سراسیمہ تو اندر بانگ غول

غیر دیکھی راہ پر مت ہو دلیر — راہبر بے ساتھ اُس سے منھہ نہ پھیر

سن تو قرآن سے ضلال رہروان — کسطرح گمرہ اُنکے شیطان ہی گیا

سو ہزارون سال اُنکو دور دور — لیگیا او بار سے ہر کر کے غرور

استخوان کو دیکھ اور دیکھ اُنکے مو — لے تو عبرت جا نہ اُس جانب کو تو

کھینچ کر مرکب کو ہو جلدی روان — سوے رہ دانان و رہبانان روان

وصیت جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی علی کرم اللہ وجہہ کو واسطے اختیار کرنے صحبت عاقلوں کے

یہ وصیت تھی رسول پاک کی ۔ یا امام الاولیا یعنی علیؑ

گو کہ ہو قوت مین تم شیر خدا ۔ سب شجاعان جہان کے پیشوا

مت کرو شیری پہ لیکن اعتماد ۔ آؤ اندر سایۂ نخل مراد

سایہ اس دانا کا کر تو اختیار ۔ ہو جو مکاری سے کلی برکنار

پس تقرب اس سے لے سوئے الٰہ ۔ سر کو اپنے مت پھرا طاعت سے گاہ

ظل ہے اسکا بزمین چون کوہ قاف ۔ روح ہے سیمرغ اسکی خوش طواف

دستگیر و بندۂ خاص الٰہ ۔ لیچلے طالب کو جو تا پیشگاہ

نعت اسکی جو کہو نہین تا قیام ۔ غایت اسکی ہو نہین ہرگز تمام

آفتاب جان نہین آن فلک ۔ زندہ اسکے نور مین انس و ملک

آدمی مین ہے نہان وہ آفتاب ۔ فہم کر واللہ اعلم بالصواب

ہر کسی مخلوق کی طاعت جدا ۔ جسمین اپنی مخلصی وہ ڈھونڈھتا

سایۂ عاقل کو مامن سمجھیے ۔ جنگھا با نفس دشمن ست کیجیے

پیر جب پاوے تو ہو فرمان پذیر ۔ صبر کر اسپر جو ہو ارشاد پیر

حاشیہ: مراد سایہ دوستان خدا سے ہے جو بڑے دانشمند ہین ۱۲

دانائی اور قاف نام اس کوہ کا ہے جو محیط عالم ہے ۱۲

مستغنی دانا دستگیر اور بندہ خاص اسکا ہے جو طالب کو منزل مقصود پہونچاتا ہے ۱۲

[illegible]

بے دلیل اس مین کوئی گم گیا | جو گیا ہی وہ بلطف رہنما
پیر کے ہو ساتھ صابر بے نفاق | تا نہ چون موسیٰ سنے ہذا فراق
غائبون پر جان غالب دست پیر | ہاتھ اسکا قبضۂ رب قدیر
ایسے خلعت ہے جو غائب بہرہ ور | حاضرین ہین انسے پر حقدار تر
جبکہ پایا پیر نازک دل نہو | سست و ریزندہ چو آب و گل نہو
تو اگر ہر زخم پر کینہ کرے | پھر کہان بے صیقل آئینہ بنے

حکایت ایک مرد قزوینی اور دلاک یعنی گودنے والے کی

سن کہ یہ راوی اسکے ہین صاحب لسان | ہی یہ رسم و عادت قزوینیان
بر سر و دست و کتف وہ بیخطر | نقش گدواتے ہین ہر شکل اسد
ایک بزدل نے کہا دلاک سے | نقش نیلہ سے تو مجھکو زیب دے
ہی مرا طالع اسد تو نقش شیر | میرے شانہ پر بناتا ہون دلیر
لیکے سوزن وہ لگا گودنے نگار | تب وہ قزوینی ہوا دل بیقرار
پوچھا کہ کیا تو نے صورت بنا رہی | کر دیا جو مرگ سے بیزار ہی
بولا دلاک اسسے ہی شکل پلنگ | پوچھا ہی کس عضو سے آغاز ڈھنگ
بولا دم سے ہی شروع شکل شیر | تب کہا تو چھوڑ دے دم ای دلیر

رک گیا ہی شیر کی اُس دم سے دم | ہو گیا دل سرد و بے دم سبدم

دوسری جانب کو اتھا وہ ہنر | نقش کو بھرنے لگا بو بے خطر

تب وہ للکارا یہ کیا اندام ہی | کونسا یہ عضو ہی کیا نام ہی

پھر وہ بولا ہین یہ گوش پلنگ | اسنے فرمایا کہ تو مجھکو نہ تنگ

جو نہین ہین گوش اصلی ای حکیم | چھوڑ دینے سے نہین کچھ انکو بیم

پھر وہ سوزن سے ہوا مشغول کار | گُرد نے رو کر کہا اُس سے پکار

کیا ہی یہ اُسنے کہا ہین پیٹ و بر | گرد بولا اِسنے بھی تو در گذر

پھینک کر سوزن ہوا استاد تنگ | اُسکو للکارا کہ اے بے نام و ننگ

بے دم و گوش و سر و پیٹ بھلا | کسنے دیکھا شیر ہی ایسا بتا

شیر بھی ایسا کہین پیدا ہوا | ہی سراسر ابلہی دعویٰ ترا

نیش سوزن کی نہین تجھکو توان | وہ حکایت با چنین شیر ژیان

ہو بدرد نیش تو صابر ذرا | نیش سے اس نفس کے تا ہو رہا

جن عزیزوں نے کیا ترک وجود | انکے آگے مہر و مہ اندر سجود

جسکے تن مین مرگیا ہی نفس گبر | اُسکے ہین فرمان بران خورشید و ابر

دل ترا آیا جو صبر افروز ہی | آفتاب اُسکو جلا کیسے سکے

ہے یہی تعظیم خالق اے خلیل — آپکو کر ڈال جون خاک ذلیل

کیا ہے توحید خدا اے آشنا — حق کے آگے آپکو کرنا فنا

جو تجھے مطلوب ہے قرب خدا — ہستی موہوم سے اپنی جلا

تیری ہستی حق کی ہستی مین فنا — ایسی ہو جیسے مس اندر کیمیا

ہے خودی ہین جبتک تجھکو قرار — یہ دوئی تیری کریگی تجھکو خوار

جزو کل فانی ہین جز ذات خدا — محو ہو اسمین تا پاوے بقا

ذات مین گر ہو فنا باقی ہے تو — کل شیء هالک الا وجهه

ایک ہے جب تو نہین باقی دوئی — ہے دوئی جبتک کہ ہے باقی توئی

ہو نہ سوزن مین سر رشتہ تا — ہے جو یکتا تو اس سوزن مین آ

ہے بسوزن رشتہ کو ارتباط — اونٹ کے لائق نہین سم الخیاط

ہو کہان باریک ہستی جمل — جز بمقراض ریاضات و عمل

دست حق ہو خاص انکو اے فلان — جو بہر ناممکنے ہو کن فکان

ہاتھ سے ہو اسکے ممکن ہر محال — بیم سے ہو اسکے سرکش بے مجال

اکمہ ابرص ہین کیا بلکہ مردہ جان — ہو فسون سے اسکے زندہ بیگمان

جو عدم سے مردہ تر ہو وہ — اس کف ایجاد مین مضطر ہو وہ

ایک آن خالی نہیں سب مجید
کل یوم ہو شان ہی اسکی جدید

فعل اسہل ہی یہ اُسکے امر کا
تیسیر شکا ہی مرجع تین جا

ہو روان یک صلب سے ارحام کو
دوسرے ارحام سے اظہار کو

تیسرا یہ ہو پہنچے ہی پھر سوے اجل
تا وہان دیکھے جزاے ہر عمل

مسلک پیغمبران ہو اولیا
چشم ظاہر بین میں ہی گرچہ جدا

لیک باطن مین ہی وہ متحد یہ دل
اہل درگاہ رب ذو الجلال

یا الٰہی جان کو دکھلا وہ مقام
جس جگہ بے حرف ہی یہ کلام

تا کہ جا کے وحان پہ سر کر قدم
سیر گلگشت گلستان عدم

اسطرح کا باغ ہی وہ پر فضا
ہی خیال دوست کہ جس سے نوا

ہی عدم سے تنگتر باغ خیال
اسلیے دیتا ہی وہ دل کو ملال

جو کہ ہستی ہی اس سے تنگتر
ہو ہلال اسواسطے اسمین قمر

پھر ہستی جہان حس تنگ
ہو گیی زندان سے بڑھکر تنگ

علت تنگی ہی ترکیب و عدد
ہی یہی ترکیب حسون کی مدد

اس سے باہر عالم توحید ہی
جو وہان پہونچے تو گویا عید ہی

مت رکھدین عاقلان ستی ہا
جو سنے انجام فرعون و عاد

تہدید کرنا نوح علیہ السلام کا اپنی قوم کو

نوح نے یہ قوم سے اپنی کہا ‏— مین نہین مین ہین مین من اللہ خدا
جب اُٹھی جس بشر مجھسے تمام ‏— تب ہوا ہون مین سزاوار پیام
جو نہوتے نوح حق سے بہرہ ور ‏— کس طرح ہوتا جہان نوح پر وزبر
بے ادب جب من مردم ہوا ‏— نوح سے تب اُسمین قہر کی آتش لگا
جنے اُس شیر زبان کے روبرو ‏— بے ادب کھولی زبان گفتگو
شیر نے جون گرگ پھاڑا اُسکو جا ‏— فانتقمنا ہم اُنپر پڑھ دیا

حکایت شیر کی جسنے بھیڑیے کو پھاڑا بطور تمثیل کے

تھا کسی صحرا مین اک شیر ببر ‏— شیر گردون جسکے آگے گور خر
پنجۂ شیری سے سب تا غند کا ‏— چیرتا تھا فیل کو جون مرغ و مار
تھی مصاحب اُسکی اک لومڑی ‏— بھیڑیا بھی ایک تھا اُسکا وزیر
شیر کے فضلہ سے دونون پلتے تھے ‏— دام و دد خوف سے آزاد تھے
گوسپند و گاو و خر گوش صید ‏— شیر نے اک دن کہے یہ تین صید
گرگ سے پوچھا کہ اے میرے رفیق ‏— انکے کھانے کا مجھے بتلا طریق
گرگ بولا گاو ہے خاصہ طعام ‏— اور دیا قی کو پاوین ہم غلام

شیر نے اس سے کہا ہو پر غضب / تو ہوا میرا شریک ای بے ادب

کر دیا پھر پھاڑ کر اسکو ہلاک / ہو گیا یکدم مین وہ ہمرنگ خاک

لومڑی سے پھر کیا اسنے خطاب / کیا کہے ان تقسیم کا انکے حساب

عرض کی اسنے کہ وقت چاشت بیل / ہو [illegible] گوشت جیسے بکری یہ سبیل

تیرا آخر گوشت نقل شام ہی / شاہ کی خدمت سے سمجھے کام ہی

مالک مطلق خدا ہی چیرہ دست / تو نہوا یسی [illegible] سے [illegible]

مثل اس بابا کے تو ہو فنا / ورنہ ہوگا حال تیرا گرگ سا

تو فقیر اور حق غنی ای بے بصر / [illegible] اپنے تو ہرگز گذر

حق کے آگے چھوڑ تو ما و منی / اسکے آگے کیا بھلا ہستی تری

ہو فنا تو ذات مین اسکی اگر / ہو عطا تجھکو تجھے ملک و مال

[illegible] حق تو رکھ دل کو نگاہ / بد گمانی سے نہو تار و سیاہ

جب ہمارے نقد کا ہو امتحان / نیک و بد ہو ہے جو سب آپ عیان

جان ہو جب اسکی محک نقد ہا / پس نظر آوے تجھے سب کھوٹا کھرا

بادشاہون کے ہین جو عادات سے / کیا نہین واقف ہو تو اس بات سے

جب انکے پہلوان ہین صف بہ صف / [illegible] اہل قلم سیدھی طرف

کسلیے ہی جانب چپ دل بند / علم و خط سو یمین ہی سر بلند

صوفیون کی ہی جگہ پیش نظر / کیونکہ ہین ہمراہ دل حضور

سینہ جو صیقل ہوا با فکر و ذکر / آئینہ دل اس سے پکڑے نقش فکر

صلب فکرت سے جو پیدا ہی / آئینہ اسکے لیے لاکر دھرو

عاشق آئینہ ہو گئے ہی جو / صیقل جان ہی بجا تقوی القلوب

جو کوئی ہی خوب انظام / طالب آئینہ ہو وہ والسلام

قصہ یوسف اور انکے دوست کا

اب سنو تم اک مثال معنوی / تا کہ سن ہو تازگی دل نوی

یوسف صدیق کا اک آشنا / بعد مدت انکا آ مہمان ہوا

بھائیونکا یاد لایا جب حسد / آپ بجو تھی وہ بزنجیر اسد

ہی نہین شیرون پہ یہ عار سلسلہ / خواہش حق سے نہین ہمکو گلہ

گر ملن شیران ہین ہو زنجیر اگر / کیا حقیقت اسکی ہین اُس پہ صبر

رحمت حق کی تھی وہ صنعتگری / بے مشقت کون پاوے سروری

خاک مین گندم کو بوتے ہین نجست / چن لے جاتے ہین خوشہ پھر درست

پھر وہ گندم پیسکر آٹا بنا / جب سے کی طیار نان جانفزا

پھر اسے نادان کا جب سو دیا کہہ — ہو گئی وہ عقل جان ہوشمند

جب تی جان محو عشق ہے — یجب الزراع تب ظاہر ہوا

بعد اسکے پھر کہا صدیق نے — تحفہ کیا لایا ہی تو میرے لیے

دوست خالی جاوے جب دوست سے — دوست کب دوستی کے سمجھے گئے

حشر مین پوچھیگا بندون سے خدا — پیشکش میرے لیے لائے ہو کیا

کیا تمھارے پاس دوست آوے نہ ہو — ارمغان کیا روز رستا خیز ہی

اسکی دعا وہ جو ہنسکا ہوا — نطفہ رحمت سے کیا پانی بھلا

جو نہیں انکار خالی ہاتھ تو — کیسے جاتا ہی ملنے دوست کو

واسطے حق کے تو کم کر خور و خواب — ہی یہ ازبس ارمغان پر صواب

ہو قلیل النوم مما یہجعون — صبح کے دم ہو تو از یستغفرون

خواب خور ہی رہت جان و روان — عشق ہی تو پھر تجھے رہت کہان

اولیا ہین محو حسن ذوالجلال — خواب بیداری مین یکسان انکا حال

آشنا یوسف سے بولا اے حبیب — کچھ نہیں تحفہ نظر آیا غریب

حب کیا لاؤن بھلا مین سو کہان — قطرہ کیا لاؤن سو بحر کلان

آینہ لایا ہون تحفہ کے مثال — تا کہ دیکھے اسمین تو اپنا جمال

یاد لاتے دیکھکر اُسکو تجھے | اسلیے لایا ہون یہ تحفہ تجھے
تحفۂ دیدار حق ہے نیستی | ہست حق تیرا سبق ہے نیستی
تو فنا موجودیت کو اپنی کر | تا جمال حق ہو تجھمین جلوہ گر
جب فنا ہو جائیگا اُسکے حضور | قرب کی نعمت سے ہوگا پرسرور
نقص کا اپنے ہوا جسکو یقین | وہ کمال اپنے کو ڈھونڈھے کہین
تجھمین ہے پندار مرض لادوا | کب تو اے مغرور پھر کامل ہوا
دیدہ و دل سے ترے بہجاے خون | کبر مین پھر بھی نہوگا تو زبون
تھا تکبر مین غلو ابلیس کو | ہے مرض یہ ہر کسی مین کچھ بو
آپکو سمجھے ہے گو ہر اک سلیم | پر یہ بیماری ہے نہان زیر گلیم
اس مرض کی سخت مشکل ہے دوا | تو نہین بچیگا رہ گر اچھا بھلا
کر سکین ہر بندۂ آہن کو جدا | پر نہوا اس بند عیسی کی دوا
فلسفی جو منکر حنانہ ہے | اولیا کے حال سے بیگانہ ہے
فلسفی جو منکر شیطان ہے | دام مین شیطان کے خو غلطان ہے
تو نے جو شیطان نہ دیکھا ہو اگر | خود تو ہی ہے وہ جو دیکھے غور کر
دیو پر خندہ ہے تجھکو اسلیے | جانتا جو آپکو تو خوب ہے

الله الله نازمین ہی تو مگر — اپنے اندازہ سے پا باہر دھر

وجہ کر انسان کی خاطر سب وحوش — کر فدا انسانیت کو بہر ہوش

جب نہین کفار مین عقل و صلاح — حق نے قتل انکا کیا تھا مباح

سب ہین فرزند مین انکے سبیل — کیونکہ ہین عقل و مطرود و ذلیل

طفل نابالغ ہی جز مرد خدا — کب ہی بالغ تابع حرص و ہوا

غیر عشق حق اگر ہی خوشدلی — کیا خوشی ہی بلکہ یکسر جانکنی

جانکنی کیا ہی درانا سوی مرگ — چھوٹنا سب زندگی کا ساز و برگ

دیدۂ مخلوق در خاک ممات — سو گمان رکھتے ہین آب حیات

نفس کی خواہش مین جب تو غرق ہی — تجھمین اور سگ مین بھلا کیا فرق ہی

آتش شہوت نہین بجھتی ہا ب — آگ دوزخ سے ملی ہی اسکو تاب

نار دوزخ کو بجھاوے نور دین — وے بجھا اسلام نار کفر و کین

جہد کر تا سو گمان ہو وین نود — جاے شب سوئے نہ تو با جہد جد

نار کو دیوے بجھا نور خدا — نور ابراہیم کو کر پیشوا

ڈھونڈھتا رشب مین تو اُس نور کو — پیش کر اس عقل ظلمت سوز کو

ہر شب بد رنگ مین نیکی چھپی — آب حیوان ہی بتاریکی خفی

حرص سے ہونا شہوت مشتعل / تو نے سمجھا اُسکو کہتا ہو اہل دل
آگ کو لکڑی سے ہووے سرکشی / کب بجھاوے آگ کو ہیزم کشی
شہد کے کھانے سے ہو مانع حکیم / چھوڑ دے اسکو نہیں ہو تو سقیم
تیری علت کو بڑھاویگا عسل / پس بجھے آتش سے لکڑی کو خلل
گر نہ سرمایہ کو اپنے رایگان / راہزن کو دے نہ شمشیر و سنان
اہل کین کو چھوڑ دے اے اہل دین / ہمنشین حق سے ہو جا ہمنشین
قوم میں سب جسنے کیا ایثار ہی / جانتا احمق یہ اُسکا کار ہی

بیان اخلاص و عمل حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ

واصل حق سرور دنیا و دین / ساقی کوثر امیر المومنین
مرتضے شیر خدا پاک از دغل / سیکھ اُنسے طور اخلاص و عمل
تھے کسی غزوہ مین اندر کارزار / ہاتھ مین تھی اُنکے تیغ ذوالفقار
ایک پل مین مار کر تیغ دو سر / کر دیا کفار کو زیر و زبر
تھا صف دشمن مین نامی پہلوان / جو مقابل آ ہوا اُنکے وہان
پنجہ شیری سے اُسکو کرکے زیر / سر جدا کرنے لگے شاہ دلیر
اُسنے ہو کر زندگی سے بے رجا / تھوک مارا بر رخ شیر خدا

چھوڑ کر اوسکو اُٹھے حضرت علی — افتخار ہر نبی و ہر ولی

پہلوان نے ہوکے حیران یہ کہا — قتل میرا کیون نہین تمنے کیا

بے ادب تھا فعل میرا سر بسر — کیون ترا یہ لطف ہے میری جان پر

جبکہ دشمن پر ہوے تم چیرہ دست — کیون نہین مارا اُسے اے حق پرست

جان سے بہتر کسکو پایا اے علی — جو مری جان کو بچایا اے علی

کیا نظر آیا کہ چھوٹا وہ غضب — ہوگیا میری طرف ہے وہ سبب

کیا نظر آیا کہ جسکے عکس سے — بجھ گئی آتش مرے دل بیچ سے

ہو بلاشک تم خدا کے شیر نر — ہو مروت مین پیمبر کے جگر

ابر موسی ہو مروت مین تمہے — جس سے آیا خوان نعمت بے شبیہ

جو رہا چہل سال نازل بر کلیم — کم نہین اُس سے ہوا کچھ عدیم

جب خسیسی قوم سے آئی پدید — ہوگئی وہ نعمت اُنپر نارسید

امت احمد کہ جو ہین سب کرام — اُنپہ ہے تا حشر باقی وہ طعام

اے علی تم جملہ عقل دیدہ ہو — کیا نظر آیا ذرا مجھسے کہو

معرفت مین تم ہو صدر عارفان — مجھسے فرماؤ جو دیکھا ہو عیان

مین تمہارے حلم سے ہون رشک کش — علم نے تیرے کیا کیا مجھکو پاک

پھر کہو مجھسے جو ہو اسرار حق | مارنا بے تیغ کے ہو کار حق
سو ہزار ارواح نے چکھا ہے ربیع کو | ہو نہ آگاہی و دل مجبور سا کو
سو ہزار ارواح نے بخشے ہوش کو | ہے خبر جس سے نہ چشم و گوش کو
پھر کہو اے باز عرش خوش شکار | کیا نظر آیا ہے اور کردگار
چشم نے کیا علم سیکھا غیب سے | حاضرین جس بات سے ہیں واقف نہ
کر بیان اس راز کو اے مرتضی | اور پس ہو سوء القضا حسن القضا
کر بیان اے باز عنقا گیر شاہ | او سپاہ اشکن بخود تو با سپاہ
کس لیے رحمت سجا ہے قہر کو | از رہ ہے کہ چھوڑ دینا زہر ہی
آپ بجو اس سے اے نامی جوان | مین نے بخشی اسلیے ہی تیری جان
مین خدا کیواسطے کرتا ہون جنگ | نفس کی نام آوری سے مجھکو ننگ
شیر حق ہو مین نہین شیر ہوا | فعل میرا دین پر میرے گوا
مین ہون شمشیر و زننده آفتاب | مارمیت اذ رمیت اندر حراب
رخت خود مینی لیا رہ سے اوٹھا | غیر حق کو مین نے جانا کل فنا
جز بیاد حق نہو جنبش مجھے | جز رضای حق نہین کوشش مجھے
خشم ہو تو شاہ ہون شہ میرے غلام | خشم کو مین نے کیا زیر لگام

فرمایا نہ چاہ کر لیا گویا میرے خشم کے لائق نہین ہی

حلم نے کی خشم کی گردن شکنی | جبکہ رحمت تجھپہ ہو خشم غنی
نور ہو نہیں سقف گو ہیرخ خراب | گلستان ہون گرچہ ہو نہیں بو تراب
جو غرض آکر ملے اندر غزا | تیغ کو جانا نہان کرنا سزا
تا ادب لقد آوے سیر امام | تا کہ البغض ہند آوے سیر اکام
جو کہ ون ستر نہیں تقلید ہے | یہ نہیں تخییل بکیر و بید ہے
بندۂ شہوت بتر نزدیک حق | چون غلام و بندگان مسترق
بندۂ شہوت نرکھے خود خلاص | جز بفضل ایزد و انعام خاص
جو گرا چہ مین نہیں ہے اسکو خوب | ہے گنہ اسکا نہیں یہ جبر و جور
آپکو اُسنے گرایا خود بچاہ | قعر کے لائق کہان ستی ہے وہ
جو گنہ اسکا ہے پھر مین کیا کرون | کس طرح اس قعر سے بالا کرون
دیکھ ون یہ کہ ہوا ز بس فزون | خود جگر کھایا ال ہے پھر بھی خون
وہ جگر جو خون ہو بدبختی سے ہے | غفلت و اشغال بدبختی سے ہے
خون ہوا کیا جو کہ ہے وہ نامفید | خون ہو حب ہو قبولیت پدید
ہین حذر ہون خشم کب باندھے مجھے | جز صفات خود نہیں وان مجھمین ہے
اندر آحق نے کیا تجھکو بلا | رحم جسکا قہر پہ سابق ہوا

[illegible]

اندر آچہوتا ترا خوف و خطر — سنگ تہا اب تو ہوا مثل گہر

تجہہ کو بھی ہین ہین تیغ ... — تو علی ہین کب کرون قتل علی

معصیت سے بھی کی ... طاعت ہو — کیا فلک کی آن مین ہووے گی

جو نہوتا قصد آزار رسول — کب عمر جاتے بدرگاہ قبول

جو نہوتے سحر پیشہ ساحرین — کہینچتا کب انکو فرعون لعین

دیکھتے کب وہ عصا و معجزات — کب رضائے حق کو پاتے وہ عصات

اندر آئین کیا در تجہہ سے وا — تحفہ گو مجہہ پہ تو نے تف کیا

مین جفا گر ہون ... عطا — مین وفا گر ... گنہا

مین ہون ... صاحب کرم جیسے کیا — آپنے خوبی پر کرم بے انتہا

کہنا پیغمبر ... کا گوش کا بدار جناب امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ کو کہ ... قتل علی کا تیرے ہاتھ سے ہوگا

میرے چاکر سے پیمبر نے کہا — گوش مین ہو مجہسے قتل ... قضا

وحی سے جانا یہ حضرت نے یقین — قتل ہو میرا بدست آن لعین

بولا وہ مجہسے کہ جہٹ قتل کر — تا نہو مجہسے یہ فعل پر خطر

تب کہا مین نے یہ ہے حکم قضا — کیسے وہ ڈھونڈھون ... حیلہ

وہ گرا آگے مرے اکا ہی کریم — از برائے حق مجھے کر تو دو نیم

تا نہ آوے مجھپہ یہ الزام بد
تا نہ ہووے سوز دروں بر جان بجو

مین نے اُس سے یہ کہا جب لفظ اُلم
جس ظلم سے سرنگون تیغ و ...

مجھکو تجھسے ہے نہین کچھ بغض و کین
کیونکہ تھا نون مین یہ تجھسے نہین

تو ہی آلہ فاعل اسکا ہست حق
کیون کرون آلہ پہ مین کچھ طعن دق

تب وہ بولا کیون ہے اندیشہ قصاص
آپ لیجا آئین بھی ہی سر خاص

فعل پر اپنے کرے وہ اعتراض
اعتراض اپنے سے جو لاوے بیاض

اعتراض اُسکو روا بر فعل خود
لطف ہین اور قہر مین جو ہے احد

ہے بہ این شہر حوادث میر وہ
ہے جہات مین مالک تدبیر وہ

شب کو کر منسوخ لاوے روز کو
شب کرے روز جہان افروز کو

گرچہ ظلمت جملہ ہے نوم و سبات
کیا نہین ظلمت مین ہے آب حیات

کیا نہ ظلمت مین خرد نے لی جلا
کیا نہ سکتہ مایہ شہرت ہوا

ایک ضد سے ضد دیگر ہے پدید
روشنائی ہے سویدا مین شہید

جنگ پیغمبر سراپا صلح تھی
جس سے یکسر کفر کی آتش بجھی

کاٹکر سر ہی خسیل کا وان
وہی سر ان اہل عالم کو امان

باغبان کاٹے ہے جو شاخ شجر
تا کہ لاوے نخل تو بالا و بر

کھودتا ہے دندان بد کہ ہے سبب
تا رہا ہو درد علت سے حبیب

نفع سے ہی بیشتر نقصان بھرا ہی شہیدون کی بقا اندر فنا
جو کہ جانے وو ختن وو جانبرید جسکو جو بیچے ہی وہ جانے خرید
خانہ ویران کرے زیر و زبر بعد یکساعت کرے معمور تر
ایک سر کو جو کرے تن سے جدا سو ہزارون سر کو لاوے بر ملا
جو نہ فرماتا قصاص اندر جنات کیون یہ کہتا اسمین ہی تمکو حیات
کسکو یہ زہرہ کہ جو از خود بھلا تیغ مارے بر اسیران خدا
خوف کر مت ہو بدن طغیر زن عاجزی کر پیش حکم ذو المنن
بو البشر نے سوے شیطان لعین کی حقارت سے نظر الکدن یہ
خود پسندی نے لیا جو انکو گھیر کام شیطان پر کیا خندہ دلیر
وحی کی حق نے کہ ای آدم صفی تو نہین جانے ہی اسرار خفی
جو کرون مین باز گونہ پوستین کوہ کو کردون مین ہموار زمین
جو کہ پہاڑون سو جہاں مردان سو بلیس نو مسلمان ہون عیان
عرض کی آدم نے ای تیری پناہ مین ہوا ذلت پہ اپنی شرمسار
یارب اس جرات پہ میری عفو کر پھر نہوگی یہ خطا بار دگر
ای خدا تو سب کا ہی حاجت روا تجھ سو ہی تو کر دیگر نار دا
تلخ تر فرقت سے تیری کچھ نہین بے تری رحمت کہان تاکب کہین

پھر ہوا رو سوئے گروہ مرتضیٰ / وہ کرم وہ خوبی بے انتہا
شاہ مرداں نے کہا یا پہلواں / میں نہیں ہوں غضب پر باشمناں
کیونکہ جاں ہے خوشتر آئی مجھکو مرگ / آخرت کا جسمیں ہے سب ساز و برگ
مرگ بے برگی کی ہے مجھکو حلال / برگ بے برگی ہوا مجھکو زوال
میں نہیں سگ شیر حق ہوں حق پرست / شیر حق ہے جو کہ معنی سے ہے مست
شیر دنیا ڈھونڈھتا اپنا شکار / شیر حق مولا پہ اپنے جاں نثار
نخل مرد جب بقا کاٹے ثمر / کیوں نہ پروانہ جلے پھر شمع پر
جب سنی اس گروہ نے گفتگو / توڑ کر زنار پھینکا روبرو
عرض کی میں تم پہ کرتا تھا جفا / جانتا ایسا نہ تھا تمکو شہا
میں شب تاریک تم تابندہ ماہ / میں فدا تم پہ ہوا ہی بادشاہ
میں ہوں اس دین پہ اب جیت ہے فدا / جسمیں تم سا گوہر رخشاں بنا
قوم سے اپنی کہا میں نے گناہ / ہوں نثار اس شمع کا پروانہ وار
عرض کر مجھے شہادت آج تھا / میں نے دیکھا ہی تجھے مرد خدا
قوم سے پھر اس کی پچیس مرداں / چار ہزار سوے دیں آگئے دواں
تیغ حلم شاہ مرداں ہے بجی / قتل ہوجانے سے خلق آئی بچی
تیغ حلم اس تیغ سے ہے تیز تر / بلکہ سو لشکر سے فتح انگیز تر

تمام شد دفتر اول

خلاصۂ دفتر دوم مثنوی مولانائے روم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد اُس یکتائے بے ہمتا کا ہے جسنے اپنی یکتائی سے ہر شیٔ کو نور
یکتائی اپنے حبیب کریم سے پیراہن ہستی کا پہنایا کیا وجود امتحانی
جسمی کے کہ ہر ایک مین فرق ظاہر ہی اُسکی وحدت پر دلیل ہین
اور نعت اُس سرور دین پناہ سرمایۂ لی مع اللہ کی کہ
جسکے جمال جہان آرا کو آئینہ جزو وکل کا بنایا اور خلعت عرفان کے عطا کرنے
واسطے فخر انبیا و اولیا کے مبعوث فرمایا اور تعریف اُسکی آل اطہار اور
اصحاب با وقار کی جنھوں نے شمع عرفان سے خانہ تاریک دل کو روشن و
منور کیا اللھم صل علی سیدنا و مولانا صاحب التاج و المعراج و علی آلہ
و اصحابہ ذوی السرور و الابتہاج اما بعد بیان ہی بعضی حکمت کا تاخیر مین
اس مجلد دوسرے کی کہ اگر تمام حکمت الٰہی بندہ پر یکایک منکشف ہو
تو ہیچ فوائد اُس کام کے وہ بندہ اپنے کاروبار مفید و جسمانی سے

بازرہے اور حکمت بے پایان حق تعالی کی اُسکے ادراک کو فنا کردے
اور ساتھ اُس کام کے نہ پہونچے پس حق تعالی تھوڑا اُس حکمت
بے پایان سے مثال یعنی اُس بندہ کی کرتا ہی تاکہ اُسکو طرف اُس کام کے
کھینچے اور اگر اُس فائدے سے اُسے کچھ خبر نکرے ہرگز وہ جنبش نکرے
کیونکہ اُسکو جنبش مین لانا اسیواسطے ہی جسکی مصلحت کے لیے وہ پیدا
کیا گیا ہی اور اگر حکمت اُسکی اُس بندہ پر منکشف ہو جگہ سے ہلے
جیسے کہ مثال یعنی شتر مین ہو تو چلنا اُسکا مشکل ہی اور جو سخت ہو تو بھی
جگہ سے ہل سکے وان من شیء الا عندنا خزائنہ وما ننزلہ الا بقدر معلوم
خاک بے آب کلوخ نہو اگر پانی بہت ہو تب بھی کلوخ نہو والسماء رفعہا
ووضع المیزان بتاتا ہی ہر چیز کو بے میزان نہ بے حساب مگر وہ لوگ جو عالم
خلق سے مبدل ہوے ہین یرزق من یشاء بغیر حساب مین محسوب ہین
ومن لم یذق لم یدر سے پرسیکے کہ عاشق چیست گفتم کہ چو ماشوی بدانی
عشق و محبت بے حساب ہی اسیواسطے کہا ہی کہ صفات حق کے حق تعالے
مین بحقیقت ہین اور نسبت اُنکی طرف بندہ کے مجازا ہی جیسے تمام ہین نہ محبوبہ
مین کون ہی اور کیا نام ہی الحمد للہ حق حمدہ والصلوۃ علی رسولہ محمد وآلہ

مثنوی کچھ دیر تھی مہلت پذیر — صبر سے ہوتا ہی خون آخر کو شیر

سخت سے تیرے نہو فرزند اگر — خون نہووے شیر شیرین ای پسر

جب حسام الدین نے پھیرا باگ کو — اس طرف اوج فلک سے خوش نگو

جبکہ دریا سے سو ساحل پھرا — چنگ شعر مثنوی بجنے لگا

مثنوی جو صیقل ارواح ہی — واپسی یہ روز استفتاح ہی

مطلع تاریخ اِس خوش نظم کا — سال ہجرت ششصد و شصت و دو تھا ۶۶۲

جا پھر آئی بلبل وقت بہار — باز آیا پھر بصید این شکار

ہو نشست اس باز کی بازو نشان — تا ابد یہ در رہے عالم پناہ

آفتین ہین انکی شہوت اور ہوا — ورنہ یان شربت مین ہی شربت بھرا

شیر صافی خون سے ہی متصل — نور باقی ہی روان ہستی مین مل

حرص شہوت مین کی نسبت ہی بلا — ہی وہی محفوظ جو اس سے بچا

اسمین جو رکھے قدم بے احتیاط — شیر کو تیرے ہو خون سے اختلاط

تو عوق گندم نفس آدم کو ملا — ہجر جنت طوق نفس انکا ہوا

ہوگئے انسے ملائک سب بری — بھاگ گئے تھے انسے سب حور و پری

ورد کے طوفان سے تھا دل بیقرار — از برای نان ہوئین آنکھین تر

تھی اگرچہ مو سے بھی کمتر خطا
پھر یہ مو تھا دونوں آنکھوں کے اوگا

جبکہ تھے وہ دیدہ نور قدیم
بال تھا دیدہ میں جون کوہ عظیم

حق سے کرتے وہ جو ول مشورت
تو پشیمان ہو نکرتے معذرت

عقل سے جب عقل ہوجائے بہم
مانع افعال بد ہو یکقلم

نفس جب با نفس دیگر یار ہے
عقل جزوی عاطل بیکار ہو

در دل اینابت تو یار کو
بار وحشت ہر گز نہ تو اغیار کو

دوستون سے جو کہے تو اک شفیق
جبکہ ہو ایسا تو حق ہو خود رفیق

دیدہ دل کا آئینہ ہے دوسرے یار
اسکا رو آلودگی سے ہے بر کنار

یار ہے آئینہ جان اے نکو
رخ پہ آئینے کے دم مت مار تو

تا نہ دم سے تیرے ہو پوشیدہ رو
دم بخود ہو سامنے میں اسکے تو

ساتھ ہووانا بہ بیداری خواب
جاگنا نادان سے ملکر ہے خراب

جب زمستان میں ہجوم زاغ ہو
بلبلیں پنہان کرین آواز کو

کیونکہ بے گلزار ہو بلبل خموش
جیسے غروب شمس خواب دیدہ پوش

آفتاب ترک گلشن کو کرے
تا کہ تحت الارض کو روشن کرے

آفتاب معرفت پنہان نہیں
مشرق اسکا غیر عقل و جان نہیں

جسمین مرد ہمیشہ تابان ہے بخلاف اس آفتاب کے کہ جسکو طلوع و غروب ہے ۱۲

خاص کر خورشید علم معنوی | روز و شب یکسان ہی جسکی روشنی

مطلع الشمس آی جو اسکندر ہی تو | پھر جہان جاوی تو نیکو فر ہو تو

رو بمغرب ہی تری خفاش حس | رو بمشرق ہی تری پرپاش حس

حس خمسہ کے سوا ہین اور حس | وہ مثال زر ہین یہ ہین جیسے مس

سوق جسمین اہل محشر کا مقر | حس مس کب ہو عمل ہین حس زر

حس ظاہر کی غذا ظلمات ہی | حس جان کو آفتاب آب حیات

اے مرے جی کی جلا دل کے حبیب | حس جان کو تجھسے ہین معنی نصیب

جیب سے اپنی ید بیضا دکھا | ہمچو موسی چشم ہو تا پر جلا

آفتاب معرفت تیری صفات | آفتاب چرخ ہی یک وصف ذات

تو کہین خورشید ہی دریا کہین | ہی کہین تو قاف اور عنقا کہین

پاک تیری ذات انکی ذات سے | کیا تجھے نسبت ہی معدومات سے

روح ہی با علم و دانش تا مدار | کیا ہی اسکو ترکی و تازی سے کار

تجھسے اے بے نقش ہی جملہ نقوش | از موحد تا مشبہ خیرہ ہوش

گہ مشبہ پر موحد طعنہ زن | گہ موحد کی ہر صورت شکن

جسنے دیکھا ہی خدا سے ایک نشان | وہ بر حق طاعنی ہین ہر زمان

دیکھتی جو حس حیوان شاہ کو | دیکھتے پھر گاو و خر اللہ کو
تجھ میں ہوتی جو نہیں حس گر | جز حس حیوان برون از حس و شعور
پس بنی آدم نہوتا باوقار | مشترک حس کا نہوتا راز دار
نا مصور یا مصور بول یار | ہی غلط جب تک کہ ہو صورت نگار
نا مصور یا مصور وہ کہے | جو سراپا مغز بیرون پوست ہے
گو یہ ہو تو نہیں تجھ پر حرج | ورنہ جا ہی صبر مفتاح الفرج
ہو حجاب چشم کو دارو صبر | بھی جلا دے بھی کرے و شرح صدر
جبکہ ہو آئینہ دل صاف و پاک | ہوں نمایاں نقش بیرون از آب و خاک
نقش کو دیکھا بھی نقاش کو | فرش دولت اور بھی فراش کو
یار کا آتا ہی جب دل میں خیال | ہے خلیل اللہ کی ہی اسکی مثال
کیا کہوں کیسا ہی وہ نازک بدن | صورت اسکی بت ہے معنی بت شکن
خاک اسکی راہ کی ہے دلفریب | خاک اسپر ہو جو اس سے ناشکیب
ہمچو لالہ خاک وہ داغ جگر | طوطیا چشم مازاغ البصر
خاک وہ اکسیر ہے اے ہوشیار | خاک اسپر جو نہو اسپر نثار
وہ جمیل اور دوست رکھتا ہے جمال | تو جوان کی ہو طلب کب پیر زال

دیکھ تو ہر چیز میں وہ جان ہی | ساتھ اپنی جنس کے میلان ہی
جذب ہی دنیا میں با سخت و نرم | سر کھنچے ہیں جنس کے گرم گرم
قسم باطل میں ہی جذب باطلان | باقیوں کو کھینچ لیں اہل الامان
ناریان ہیں جاذبان اہل نار | نوریان ہیں نوریوں کے خواستگار
زنگیان ہیں طالبان زنگیان | رومیان ہیں جنس کے اپنی کشان
آنکھ کیوں باندھی نہیں تو چشم کو | نور روزن سے نہیں آنکھیں صبور
جب تلک یک مو ہی ہستی سے تری | کچھ نہیں ہی تجھ میں مستی سے تری
اقتضائے چشم دل کا ہو سپاس | جو کہ جویا ہے خدا ہی بے قیاس
جب تلک اک مو ہی تیرے پیش چشم | ہی ترے نزدیک گوہر ہمچو پشم
پشم کا گوہر جب جانے تو ذوق | ان خیالوں سے پرا ہے جسمیں غروق
ایک حکایت سن تو اے گوہر شناس | تا عیان کو جانے تو از قیاس

ہلال جاننا ایک شخص کا خیال مو کو بیچ عہد حضرت عمرؓ کے

عہد فاروقی میں جب ماہ صیام | دیکھنے کو چڑھے تھے تمامی خاص و عام
تا ہلال صوم سے لیویں وہ فال | ایک بولا دیکھ اے عمرؓ ہلال
جب آیا وہ نظر فاروق کو | بولے تیرے وہم کا تھا ماہ نو

ورنہ بیٹا ترہون مین افلاک کا — کیون نہ آیا وہ نظر تجھکو بھلا
بولا وہ ترک کے ہاتھ آنکھونپہ مل — دیکھ تو اوس ماہ نو کو پھر سنبھل
آپ نے ابرو کو بھی گو تر کیا — پر نہ دیکھا ماہ تب اوس سے کہا
کج ہوا ابرو کا تیری کیون یہ بال — جو ہوا ہے دید کو تیری وبال
اسکے ابرو سے ہوا کج ایک مو — ماہ نے اوس سے چھپایا اپنا رو
جبکہ یک مو ہو حجاب آسمان — کب پھر ان اجزا مین دیکھے روے جان
چھوڑ کجبازی کو ہو تو راست باز — راستی تجھکو کریگی سرفراز
ہو اگر تو مرد نا راستان — عقل ناقص سے تو ہو افسردہ جان
بر سر اغیار چون شمشیر ہو — چھوڑ دے روباہ بازی شیر ہو
جا اشداء علی الکفار ہو — خاک ریزان بر سر اغیار ہو
مار گرگون ہین تیغ آتش کو بھی — کیونکہ ہین وہ دشمن یوسف قوی
مال خس ہے جبکہ ہے وہ بے ثبات — تجھکو ہے وہ مانع آب حیات
مال کو جو خصم ہر فن نے لیا — جان تو رہزن کو رہزن نے لیا
فاش ہے سارے جہانمین یہ مثل — تخم جو بووے اوسیکا پاوے پھل
خار کو بویا تو گل پانا محال — خار مین گر کر تو ہو پھر پائمال

ہے جو گل کف مین تو وہ ہو جاے خار — جا جو سوے یار وہ ہو جاے یار

ہر شقی ہی کیمیاے زہر مار — کیمیاے نیک ہی پرہیزگار

اُس شقی سے خیر کا ہونا امید — جو نہ رکھے میوہ کچھ مانند بید

دفتر صوفی نہین حرف سیاہ — بلکہ دل ہی اُسکا روشن مثل ماہ

مایۂ دانشوران نقش و قلم — مایۂ صوفی ہی اسرار قدم

مطلع خورشید ہی ذات ولی — ہی اسیکو فتح باب خوشدلی

آرسی مین جو نظر آوے تجھے — دیکھتا ہی خشت مین صوفی اُسے

پیر تھے وہ جبکہ یہ عالم نہ تھا — جان تھی اُنکی بدر لیے عطا

پیشتر اس تن کے عمرین گذار — پیشتر کھیتی کے پایا برگ و بار

چرخ سے پہلے تھے وہ بالا نظر — نان کو دیکھا دانہ سے پیشتر

دورہ مین اُنکے فلک ہی جرعہ نوش — جود سے اُنکے ہی خور زربفت پوش

مجتمع جو اُسے تو دیکھے دو یار — ایک بھی ہین اور بھی ہین صد ہزار

جسطرح خورشید جان کا ہی جدا — اندر من روزن ابدنہا

قرص کو دیکھے تو وہ اک ذات ہی — پر حجاب تن اسے ظلمات ہی

روح حیوانی مین تنہا ہی نفاق — روح انسانی مین یکسر اتفاق

عقل جز و اس راہ سے آگہ نہیں	واقف اس سر سے بجز اللہ نہیں
روح انسانی ہی یکجان ہمدگر	روح حیوانی سفالی ہے و قر
عقل کو کیا کام اس سودا سے ہی	گر کہو لذت کیا بھلا سمجھنا ہے
حسن حال اسکا نہو ہرگز بیان	عاشق جسکے حال کے دونون جہان
اسکے وصف حال سے مارون جو دم	چاہتا ہی نطق تن ہو جاے ختم
اب سنو مانع ہوا ہی کیا مگر	مستمع کا دل کیا جاوے کدھر
لازم آیا چھیڑنا مجھکو مقال	ذکر یک صوفی یہ بہر وصف حال
شکل کو صوفی نہ جان ای بے تمیز	ہمچو طفلان کب تلک جوز و مویز
جسم ہی جوز و مویز ای باخبر	مرد ہی تو جلد ان سے گذر
سن فقط اب صورت افسانہ کو	تا جدا کر کاہ سے تو دانہ کو

حکایت اُس گدھے صوفی کی جو بھوکھ سے گر پڑا

ایک صوفی تھا مسافر راہ کا	صوفیون کا ایک شب مہمان تھا
میزبان سے اپنے اُسنے یہ کہا	واسطے مرکب کے دانہ گھاس لا
بولا وہ لاحول یہ کیا بات ہی	خدمت مہمان مجھے دن رات ہی
جب یہ خر دہ کر رہا تھا خطاب	رات بھر لاحول تھا اسکا جواب

دن ہوا تو خادم آیا بامداد — خبر یہ لایا جلد تر پالان کو لاد

جب ہوا اس جا سے وہ صوفی روان — رو رہا تھا دن ہوا آخر ہر زمان

تھے اٹھاتے لوگ اسکو دمبدم — جانتے تھے ہو یہ بیماری کا غم

شیخ سے کہتے تھے کیا اسکو ہوا — وہ یہ کہتا تھا کہ قصہ کیا ہے خبر [illegible]

اسنے شب لاحول کی کھائی غذا — [illegible]

جو کہ قوت اسکا تھی لاحول تھا — شب سبح روزانہ [illegible]

اکثر آدم خوار ہیں یہ مردمان — ہیں مسلم انکے ہے تو خواہ [illegible]

خانہ شیطان ہیں دل انکے مگر — ہو تو انکے مکر سے [illegible]

جنسے کھائی مکر شیطان سے دغا — [illegible] کھا گیا

عشوہ یاری ہر بد میخوار دیکھ — دام [illegible]

دیکھ دم کھینچے گا وہ پھر اتار — [illegible] اس [illegible]

شیخ ہو تو آپ کر اپنا شکار — فصد دیگر نہ کھا تو زنہار

تو نہیں غیر میں خانہ نگر — کام اپنا کر نہ کر [illegible]

خیر کیا ہے یہ تن خاکی ترا — واسطے جسکے نہ غم تجکو سدا

جبتلک تن کی کرے پرورش تو — کشمکش [illegible]

ہین منافق جو کہ ہین تن پرور	ڈالدے آتشکدے مین جا کر
ہی زبان پر اُنکی جاری حق کا نام	جان مگر آلودہ کفر و ظلام
پاک کو ہو میل ذات پاک سے	میل ہو ناپاک کو ناپاک سے
اصل کین دوزخ ہی بس کین ترا	جزو اُس کُل کا ہی خصم دین ترا
جبکہ ہی تو جزو دوزخ ہوش کر	جز کا سوے کُل ہو میلان مستمر
تلخ ہو مایل بہ تلخان بالیقین	کب دم باطل ہو با حق ہمقرین
تو ہی ناجنسون سے کیون جویای وہ	صحبت ناجنس ہی کو رچھوڑ دے
جنس کو با جنس ہی میلان عجب	یہ تجانس زینتون کا ہی سبب
حق نے بھیجا انبیا کو اسلیے	تا کرین دین کو جدا وہ کفر سے
اُنسے پہلے کوئی رو برہ نتھا	نیکی و بد سے کوئی آگہ نہ تھا
تھا مروج نقد و قلب اندر جہان	یہ جہان جون شب تھا ہمچون شب روان
جب بر آیا آفتاب انبیا	غش ہوا دور اُنسے اور صافی جدا
آنکھ جانے فرق کرنا رنگ کو	آنکھ جانے گوہران و سنگ کو
اسلیے فرمایا حق نے والضحیٰ	والضحیٰ نور ضمیر مصطفیٰ
ورنہ فانی کی قسم کب ہی روا	کب فنا ہو لایق گفت خدا

تھا انا الحق نور دل منصور کا — پر انا فرعون کا تکبر و زور تھا

لف پہ موسیٰ کے عصا آیا گو — پر عصا کے ساحران تھے نا سزا

یس کلام پاک باد کہا کے گو — درنہ آوے تا چلیں با اصل نور

پر نشون دیوا اندر قلب کر — جائے ہمچون کفش کز پا کے کمز

گرچہ حکمت کو کرے تکرار تو — نا سزا ہو تو وہ پھیرے تجھسے

نو لکھے تو یا نشان اُسکے کرے — لاف نہ ہو یا بیان اُسکے کرے

تجھسے وہ رہے اے عزیز — بند کو توڑے بجو دبھر گریز

وہ ٹھہرے پیش ہر نا آشنا — ہمچو بازے شہ بخانہ روستا

یانا بادشاہ کا اپنے باز کو بخانہ روستا اور مبتلا ہونا

علم ہی وہ ہمچو باز شہر یار — روستا کے گھر گیا جو ہو فرار

دیکھکر اُس مرد نے اس باز کو — ایک رسی میں کیا یادر گرو

کاٹ ناخن پر کو بھی کوتہ کیا — قوت اُسکا یا غذا سے کہ گیا

پھر کہا نا اہل تھے وہ ظلم ساز — حد سے اُفزون پر نہ ناخن دراز

دست ہر نا اہل سے ہو تو نزار — آ بسوے مادر تیمار دار

مہر جاہل ہی یہی تو جہ انتم رفیق — کج چلے جاہل امام اندر طریق

سمجھ کو جو جاہل دکھاوے ہے دلیل ۔ وہ قیمت نہیں ہے اسکی جاہلی

شاہ تھا جو اسکا جو یا جا بجا ۔ العیان پہونچا بجانب دشت کا

باز کو دیکھا جو با حال تباہ ۔ رو دیا اور پیٹا تالو سر آہ

اور کہا اس سے یہ ہے تیری سزا ۔ جو ہوا تو چھوڑ کر ہمکو جدا

کیوں کیا جنت سے دوزخ میں قرار ۔ [illegible] نار

ہے سزا جو چھوڑ کر شاہ خبیر ۔ خیر ہو ہو بھاگے سو گندہ پیر

پیر گندہ ہے یہ دنیاے دنی ۔ عاقل دنیا سراسر ہے فنی

ہے یہ دنیا جاہل و جاہل پسند ۔ ہے وہ عاقل جو ہو اس سے بلند

جا ہوئے جو کوئی وہ مسافر ہو ۔ حال اسکا خوار ہے جیسے باز کا

باز وہ ملتا تھا پر با دست شاہ ۔ بیزبان کہتا تھا ہوں نہیں میں گناہ

کام سے اپنے ہوا میں شرمسار ۔ کرکے توبہ میں ہوا تو وہ پیدا

کھو گئے ہیں پر جو تو نواز ۔ ہو مدد کیا نرمی میں کر ترجیح

وزن میں گر یہ میں [illegible] ۔ جنگ میں [illegible]

دیکھ موسیٰ حق سے لاے اک عصا ۔ جس سے فرعون کو کیا بے دست و پا

صرف تنہا ہی آیا یہاں ۔ زیر فرمان ہو گیا اسکے جہاں

[illegible]

تھی کہاں احمد کو یہ بو کچھ سپاس	ہوتا شایق آپ ہی فضل حق
چند بت توڑے جو احمد نے یہاں	ہو گئے حق گو گروہ امتان
جو نہ ہوتیں کوششیں انکی عیاں	پوجتا آبا کے بت تو بھی بتان
ہو سکے تو شکر اسکا کر ادا	تا بت باطن سے وہ کر دین رہا
شکر دین ہے تو نے جو پایا ابھی	پا گیا ہے مفت میراث پدر
مرد میراثی کو کیا ہو قدر مال	رستمی کو پا گیا ہے مفت زال
رحمت حق ہے برائے گریہ ہا	رو کہ تا ہو بحر رحمت جوش زا
تا نہ روئے ابر کب ہو خوش چمن	تا نہ روئے طفل کب بہے نیچے لبن

حلوا خرید کرنا حضرت احمد خضرویہ رحمۃ اللہ علیہ کا واسطے غریمان کے بالہام حق

شیخ خضرویہ تھے اکثر وامدار	پا چکا اشرفی کہتے وہ نامدار
وام لیتے تھے امیروں کے ہزار	خرچ کرتے تھے بجا جان نثار
تھے بنوائے تھے تار و نابل	ہیں بوقت مرگ تا میر اجل
عمر آخر جب ہوئی تو اس زمان	مرگ کا دیکھا بجسم خود نشان
ہو گئے نومید آنکے وامدار	گرد شیخ آ کر کیا سب نے قرار

[illegible]

[illegible]

آپ بھی تو کیا ہوے ہے بدگمان | کیا نہیں ہے حق کو بخشش کی توان
اک گمان آیا سو شیخ کبیر | بیچتا حلوا کوئی طفل صغیر
جب ہوا معلوم یا شیخ کریم | لے لیا حلوا وہ با دینار نیم
حاضرین بزم نے کھایا تمام | طفل نے مانگے جبھی قیمت کے دام
شیخ بولے کچھ نہیں ہے میرے پاس | تب ہوا وہ طفل ناداں بے حواس
وہ طبق حلوا زمین پہ مار کر | کر کے نالہ پیٹا اُسنے اپنا سر
عرض کی جاؤں جو میں بے نقد بھی | مار ڈالیگا مجھے استاد ابھی
اور بھی سب نے کہا ای مرشد [illegible] | کیا یہ کچھ بازی ہی ہے یا طفل صغیر
تا نماز دیگر اُس کودک نے کی | گریہ و زاری مگر بے سود تھی
شیخ فارغ از جفا و خلاف | ہمچو مہ رو کر لیا اندر غلاف
با اجل خوش با ازل خوش شاد و کام | فارغ از تشنیع و گفت خاص و عام
منھ پہ جسکے جان خندان مثل قند | خلق سے پہونچے ہے آب اسکو گزند
وہ کہ دے جان بو سے جسکی چشم کو | کب ہے چشم فلک سے بیم ہو
شمع ہو کر شب مین نور ماہ پر | سنگ مین غوغو تو کیا اسکو ضرر
سنگ نے طلیعہ اپنا لاتا ہی سجا | مہ نہیں گھٹتا ہے لیکن منھ چھپا

[illegible]

ہر کوئی کرتا ہی کام اپنا روا | کب گدا سے آب بھرے حوض صفا
خستہ ہو وان پر رہے شب | آہ جانی ہو وان از اضطراب
مصطفےٰ نے شق کیا یہ خواب شب | تا اثر خفا تھا کہیں سے لیکن تعب
بانگ سنکر تجھے نہیں تا گوش | خاص کر وہ تھی ہی خاص اللہ
جب در آیا امیر بھی وقت نماز | ناگہان اک خادم آیا با نیاز
اک طبق پر چار صد دینار کر | لا ادھر اسنے بر شیخ نکو
یہ کرامت دیکھ جملہ حاضران | ہو گئے حیرت رسیدہ بیکران
کر اٹھے وہ سب کیا باز شور | کیا عجب ہی تری شاہی کا زور
کیا یہ سلطانی تری ای ذو فراز | ای خداوند خداوندان از
ہمنے یہ جانا نہیں تو عفو کر | جو سخن ہمنے کہے تو درگذر
ہاتے ہم سب ہین کہ را عیبہا | توڑتے ہین لاجرم قندیلہا
شیخ بولے کیا ہی قیل و قال | درگذر کی ہین نے تمسے او جدا
سر تھا جسکا ہوا ہین عشق کا | رحمت حق سے ہوا وہ آشکار
پھر کہا و نیا ہی اندک ای فلان | لیک ہی موقوف گر یہ کودکان
تا نہ روئے کودک حلوا فروش | کب در آوے بحر بخشایش بجوش

ہوا ہتا جو تو اگر مشکل کا حل
گل سے ہوتا نہ محروم دل

رو کم ہو موت شادی سے بلا کا
بے تضرع ہو نہیں کچھ کام کا

نقل بطور تمثیل

اک نے زاہد سے کہا ہی اے خبر
گریہ کم کرتا نہ ہو نقصان بصر

بولا وہ دو حال سے خالی ہیں یہ
چشم یہ بینی ہون یا نہون خواب مین

نور حق دیکھین تو پھر کیا غم کی جا
وصل مین اسکے نہون کم دیدہ ہا

جو نہ دیکھین نور حق وہ کور ہیں
نور حق بین چشم ہا پر نور ہیں

دید چشم عیسی ہی تو غم نکھا
راستی چشم بخشے ہر ملا

روح عیسی تجھسے ہی نزدیک تر
لے مدد اس روح سے چاہیے اگر

لیک بیکار تن پیر استخوان
دل پہ عیسی کے نہ رکھ تو ہر زمان

زندگی جسم عیسی سے نہ ڈھونڈھ
کام فرعونی کو موسی سے نہ ڈھونڈھ

یہ بدن تیرا ہی خیمہ روح کا
یا سمجھ اسکو سفینہ نوح کا

چھوڑ اسے تو دوسرا خیمہ ملے
خاص وہ جو لائق درگاہ ہی

نفس سگ ہی از نہ تجھ چھوڑ
دشمن جان ہی تو اس سے منہ موڑ

سگ نہین دوست طالب استخوان
چھوڑ اسباب تنعم اے میان

کیا وہ دیدہ جسمیں منافی نہیں | امتحان ہاں نا غیر مصروف نہیں
دو سرین پکڑ رہا تو گریہ | ہم وہ بہتر گریہ مسیح و مسا
ابر گریان ہوں ہجر شاخ وثمر | شمع بھی باگریہ ہوا بندہ تر
ہجر میں فانی کے جلد یہ تعجب | غافل از لعل وہ جہانے کان میں سب
کیونکہ میں تقلید کے وہ نقش بند | مرد بے تحقیق از بس ناپسند
آفت ہر نیکی فی تقلید ہے | کاہ ہو گو کہ وہ سمجھیں ہیں ایسے
ہے مقلد نوحہ گر اندر حدیث | جز طمع مطلب نہیں ہے غیر خویش
ہیچو نائی نالہ و زاری کرے | لیک بیکاری خریداری کرے
نوحہ گر گرتا ہے بین سوزناک | پر کہاں سوز و درون و ایمان چاک
ہے جدا تحقیق و تقلید ہے جدا | ہے یہ جیسے داؤد و دیگر صدا
مومن کافر خدا کہتے ہیں لیک | درمیان انکے بڑا ہے فرق ایک
وہ گدا کہتا خدا ہے بہر نان | ذاکر حق متقی از میں جان
نام حق لیتا ہے تو بہر طعام | بے طمع ہو وہ مگر تو صبح و شام
گفتگو اپنی گدا جب جانتا | بیش و کم وہ کچھ نہیں پہچانتا
سالما کہتا خدا ہے ناخوام | ہیچو خر کے کھینچے ہے مصحف مرکا

جو بدل ہوتا ہے یہ ذکر نام حق	ذرہ ذرہ اسکا ہوتا ہے سبق
سحر میں ہے نام شیطان اہرمن	تو بنام حق ہوا خرمہرہ خمر

حکایت دہقان کی بطور تمثیل

تھا بندھا اک بیل اک دہقان کے	شیر اسکو کھا کے بیٹھا تھا جہاں
رات کو وہ دہقان آ کے ملنے لگا	شیر نے تب دل میں اپنے یہ کہا
روشنی اس رات میں ہوتی اگر	خوف سے دہقان کا پھٹ جاتا جگر
مجھکو اس ظلمت میں سمجھا ہے وہ بیل	آفتاب اسکو نظر آتا سہیل
حق یہ کہتا ہے تجھے اے بیخبر	نام سے میرے گیا جل کوہ طور
کوہ کیا افلاک میں آتی اگر	خون ہو جاتا زہرہ پھٹ کر
سن لیا ماں باپ سے میرا لقب	آگیا غفلت میں تو اے بے ادب
تو جب بے تقلید واقف ہو کہیں	بے نشاں بے خانہ ہو جیون ہاں

ذکر ایک صوفی کا جو ایک شب صوفیوں کا مہمان ہوا

سن یہ اس کر باتہدید کو	تا کہ جانے آفت تقلید کو
ایک صوفی خانقہ کے اندرون	آکے اترا خر کو جا باندھا برون
ہاتھ سے اپنے دیا آب و علف	نے مثال آن فقیر ناخلف

سنے کی اب حکایت جسنے تمام | پر فقیہانہ آوے شہر آئے وہ بکام
صوفی اصحاب کے تھے اس بینوا | بیچا اس خر کو انھوں نے ناروا
سیکڑوں نقصان میں ہیں صوفی | اور ہیں سب انکے بیشک فضلہ خوار
جو کوئی مخمصہ سے پایمال | تب اسے مردار ہوتا ہے حلال
پھر منگا کھانے کو کھایا بے سخن | گرد مطرب کے ہوئے سب حلقہ زن
وہ لگا گانے طریقہ پر وہ بچا | خر گیا ہے خر گیا ہے خر گیا
جملہ صوفی اسکے ہم آواز تھے | تھا مسافر ہم نوا تقلید سے
حرص میں کھانے کی غافل تھا فقیر | کچھ نہ سمجھا وہ کہ یہ کیا ہے نفیر
جبکہ گذری شب ہوئی آخر سماع | اٹھ گئے سب کہکے باہم الوداع
اس مسافر نے بھی ہنگام سحر | خانقہ سے اٹھ گیا عزم سفر
باندھ کر اسباب خادم سے کہا | جا ابھی مرکب پہ تو پالان لگا
بولا وہ سائیں وہ خر گیا ہے تو گیا | رات جو کہتے تھے تم سب خر گیا
پیر بولا میں نے خر سونپا تجھے | کیا ہوا وہ جلد بتلا تو مجھے
الغرض ہونے لگی رد و بدل | جسنے پہونچائی تھی نوبت تا جدل
ہو جمع بیٹھک حجاب چشم و گوش | دور کر تو دل سے حرص نان و نوش

آدمی کو حرص رو گر کرے | روشنی دلکو تیرہ تر کرے

صاف چاہیے چشم و عقل و سمع کو | گر دریدہ پردہا ہے طمع کو

حرص سے صوفی ہوا گم کردہ راہ | کام اسکا ہو گیا آخر تباہ

رحمت حق سے جسے ایمان ہے | خر صفت ہے گرچہ وہ سلطان ہے

جو ترازو کہ طمع ہو تی بحال | راست کب کہتی ترازو وصف حال

جو لقاے حق سے برخوردار ہے | اسکے آگے یہ جہان مردار ہے

جبکہ مستی سے وہ صوفی دور تھا | اسلیے وہ حرص سے بے نور تھا

تو جہان امید راحت کی کرے | گر وہ پیش اسکے ہے آفت سوچ لے

کوئی جا بے محنت و آفت نہین | خلوت حق کے سوا راحت نہین

خالی از دام و دوان گوشہ نہین | کسکو ہے آرام جز خلوت کہین

ذات مین جسکی نہین صبر و قرار | حق نہ دیگا اسکو ایمان زینہار

جب خیال بد ہو تیرا رہنما | ہو خیالون سے ترے تجھپر بلا

یہ خیالات زر و فرزند و زن | راہ کے تیرے ہین ہشیار راہزن

دور کر دے دلسے اپنے یہ خیال | ورنہ ہوگا تو اسی مین پایمال

قول نبوی ہے کہ ای اہل بلا | ہر مرض کی حق نے پیدا کی دوا

پرہیز غافل اُن واقف طبیب
جب خدا چاہے تو ہو صحت نصیب

جو خدا چاہے وہ ہو تجھپر عیان
کیا جہان کیا کمال کیا زبان

جو وہ چاہے اسکو پہونچے ناگہان
از سماع و از بشارات خروش

ہر وطن ہی طالب اسی پر نظر
جسطرح سے تن ہو متصل جان بر

مناجات بدرگاہ قاضی الحاجات

ای خدای پاک بی انباز و یار
دستگیری کر کہ ہون میں سخت خوار

ای خداوند کریم بی نیاز
ہو کرم سے تو ہمارا کارساز

یاد دے مجھکو سخنہای دقیق
جنسے ہو تو حال پر میرے شفیق

بھی دعا تجھسے اجابت تجھسے ہی
ایمنی تجھسے مہابت تجھسے ہی

جو خطا ہووے الہی تو اصلاح کر
تو ہی مصلح ای خدای بحر و بر

حال کو تبدیل کر دیتا ہی تو
جو سے خون کو نیل کر دیتا ہی تو

جملہ بینا گری ہی تیرا کام
جملہ کاموں کا تجھی سے انصرام

آب گِل کو تو نے بہم مار کر
اس سے پیدا کر دیا نقش بشر

نفس تیں دیکھ بجفت جان و غم
یا پرا از اندیشۂ شادی و غم

پھر کیا بعضون کو انسے بھی رہا
شادی و غم سے کیا انکو جدا

اٹھ گیا از خویش و پیوند و سرشت
کر دیا بینا انھیں با خوب و زشت

جو ہی محسوس اسکو تو کر یا ہنر
جو ہی جو بنا پیدا اسے دیتا نظر

عشق نے پیدا ہے جو اندر نہان
یا ہے بیرون نقشہا اندر جہان

اے اسیر عشق یار مہ جبین
وہ جو ہی معشوق صورت نہین

اٹھ گئی صورت تو پھر معنی عیان
ہی اگر کامل تو ہی اسکا نشان

خاک سے دل کو لگایا ای سلیم
ڈھونڈھتا ہی تو اسکو جو ہی اصل قدیم

دیکھتا ظاہر جو تو نقش و نگار
ہین سراسر پردہ پروردگار

یہ ملمع جائیگا اور رنگ سب
خال خط کی پھر نہ پائیگا طلب

ہی کمال ذوالجلال جاودان
چشمہ آب حیات اسمین روان

خود وہی ساقی وہی جام شراب
جب کریگا تو طلسم تن خراب

زنگ دل سے جو پھر آئینہ سا دل
کب تو سمجھے اسکو ہو حق ناشناس

صورت فانی تری اصل الاصول
تو نہین معنی سمجھتا ای فضول

وہ نہین معنی کہ غلبہ کر گئی
مہر کو صورت پہ عاشق تر کرین

کو بکی قسمت خیال غم فزا
بہرہ چشمان خیالات فنا

ہی اگر بینا حقیقت کر قبول
چھوڑ صورت پالان غیر حصول

خر جو ہو تو بالیقین پالان ملے — جان اگر ہو تو مغز جان ملے

جو نہیں طاقت تو پھر کیا پا سکے — جو نہیں ہو تخم کیا پھل کھا سکے

مت کھو پایا کسینے مفت گنج — پھر اٹھانا ہی تجھے بے سود رنج

ہی وہ کار بخت بس تو کام کر — حکم نادر پر نہیں ای بے ہنر

کام کرنا گنج کا مانع نہیں — گنج پاتا ہی بقسمت بالیقین

قید کو اپنے تردد مین نہ لا — یہ کیا تو خوب ہی یا وہ کیا

اس تردد کو رسول باوفاق — منع کرتے ہین اسمین ہی نفاق

یار بد ہی وہ جو ہی آسودہ دل — لذت فانی مین یکسر مشتغل

بزم شیطانی پہ رغبت ہے وہ دنی — جسکی فانی پہ ہو فی دل بستگی

چھوڑ شیطان کو تو کر یاد خدا — ترک کر فانی کو لے راہ بقا

ہفت رنگی چھوڑ دو یک رنگ ہو — معرفت مین حق کی تیز آہنگ ہو

پھر تو ہوگا اور ہی کچھ تیز رنگ — ہاتھ آئینگے جواہر جاے سنگ

کارگاہ حق عدم آباد ہی — جس عدم سے خلق کی بنیاد ہی

کارکن اس کارگہ مین ہی نہان — کارگہ مین جاکے دیکھ اسکو عیان

کارگہ یعنے عدم کی سیر کر — صنعت صانع کو باہم کر نظر

جب خبیثی مین اپنی تہا فرعون مست	کارگہ سے کور تہا وہ خود پرست
سیکڑون اطفال بے گناہ	پر کہین پہرتی ہی تقدیر اِلٰہ
انکی مونچہون پر قضا ہو کر بلند	زیر لب کرتی تہی ہر دم ریشخند
خون کیے لیکن کلیم حق نے آ	اس گنہ کی دی اسے کیسی سزا
نفس کو مارے تو پہر بیڑا ہی پار	دشمن جان ہی ترا یہ دوستدار
دوستون کو لے بچا دشمن کو مار	تا نہو پہر حملہ آور بار بار
پر طبیبون کا عدو بیمار ہو	یا معلم سے ہو بغض اطفال کو
ہو رہی دشمن اپنی جان کے	راہزن ہین دین اور ایمان کے
مصطفےٰ سے بغض تہا بوجہل کو	تہا عدو انکا حسد مین ہو گرو
بوالحکم سے ہو گیا بوجہل نام	حاسدون کا ہی یہی انجام کام
خوب دیکہا مین نے کرکے جستجو	ہی جہان مین خوب تر خوبے نکو

ذکر اسکا کہ انبیا نائب حق کے ہین اور اقطاب قائم مقام انکے

حق نے بہیجے انبیاے ذی وقار	تا حسد ہوون حاسدون کے آشکار
فضل چالاکی وفن سے درگذر	خلق نیک اور کار خدمت پیشہ کر
کیونکہ حق سے تہی کسیکو کچہ نہ عار	حاسد حق تہا نہ کوئی جاندار

جسنے سمجھے انبیا اپنے مثال — وہ ہوا آخر سیہ ہیں پایمال

جب ہوئی ثابت بزرگی رسول — پس جسے کرنا نہیں اُنسے قبول

پس ولی قائم ہوا اندر ہر زمان — تاکہ اُس سے خلق کا ہو امتحان

ہی امام الحی حق کا ہر ولی — خواہ از نسل عمر ہو یا علی

مہدی و ہادی ہی وہ اے راہ جو — باطن و ظاہر ہو تیرے روبرو

نور ہی وہ عقل اُسکی جبرئیل — ہی ولی کم اُس سے اُسکی قندیل

ہم ہیں مشکات و ولی قندیل ہی — مرتبہ ترتیب نور کو منزلی جو

سات سو تھے نور ایزد کے حجاب — پوچھ لو انکا تجھی ہی تم حساب

از پس ہر پردہ یک صف کا مقام — صف بصف ہیں یہ پردے تا امام

قوم آخر کی صف اپنے ضعف پر — کر نہیں سکتی ہو اگلوں پہ نظر

وہ صف پیشینہ بھی اپنی نگاہ — کر نہیں سکتی جو بیش دیکھا

روشنی جو ہے حیات اولین — ہی وہ از بس رنج جان آخرین

اندک اندک احولی کم ہو اگر — ہو وہ دریا جبکہ ہفصد سے گذر

دل نہو تو تن بجانے گفتگو — دل نہ ڈھونڈے تن سے کیا ہو جستجو

پھر یہ دل ناچیز ہو اور بے صفت — ہو صفت اُسکی خدا کی معرفت

چاہتا ہے شرح یہ میرا کلام / پر یہ ڈر ہے تا نہ لرزے فہم عام

آدمی ہے باب ہیں اسمیں نہاں / باب جانان کا ہے سراپردہ زبان

جب اٹھا دیتا ہے پردہ وہ سخن / راز اسکا ہے یہ ہو پھر مبرہن

یعنی اس گھر میں ہے گندم یا کہ سم / مار و کژدم جملہ ہیں یا گنج زر

غافل اپنے سے ہیں یہ نسل بشر / اسلیے کرتے ہیں عیب یکدگر

تو جو حق ہے اصل قوت انسان کا / قوت حیوانی نہیں اسکو بلا

پر وہ علت سے ہوا اسمیں خراب / روز و شب کھاتا ہے طعم خاک و آب

جیسے کھا و مرض سے کوئی گل / اسکو سمجھے ہے غذائے مستقل

قوت اصلی کو فراموش کر گیا / حرص بیماری سے یہ کرنے لگا

خلق کا عز و شرف ہے عمارت / امر کا عز و شرف ہے ماہیت

واسطے عزت کے کھینچو خواریاں / خواریوں میں رکھے پاؤ عز و شان

با امید عمر چندے یہ خیال / گر رہے ہیں غم میں گزرے دن ہے جو بال

کیوں نہیں ہوتے ہیں حق کا ہمنا / ہے وہ اس عزت میں روشن آفتاب

مشرق خورشید ہے سج سما / آفتاب حق ہے اوسکے ماورا

جسکا مشرق نسبت ذرات ہے / روز و شب سے پاک اوسکی ذات ہے

اسکے ہیں ہم ذرہ وش پایندگان — مہر بے سایہ ہیں اندر دو جہان

گرد اسکے پھر رہیں ہیں ہم عجب — ہی اسی خورشید کے فر کا سبب

شمس اُن اسباب سے ہی باخبر — اُس سے رشتہ اس سبب کا دور تر

تو نکر باور کہ ہیں بے آفتاب — صبر کچھ ان پاکہ ہی خیر باب

میں جو ہون نومید نومیدی مری — جان ہے تو شمس کی ہمنگری

صنعت صانع نہیں ہرگز بیدا — ہست نے ہی ہست ہستی کو کیا

سب نے پایا ہی وجود اُس سے — جو جہان میں ہی بلند و پست ہے

پرورش پایا ہی جیون سب نے جہر — جو نہ رکھے حال پر اپنے نظر

اصل ہے جسکو نہیں ہی کچھ گہی — زمہ ہم پایا ہی ایک منزل بھی

آب شیرین پیا ہی آب شور — کر دیا ہی جسنے اُس نادان کو کور

آب تلک کوستا ہی بہت سے — مجھسے پایا ہوا گا ہی تجھے

دست منفی ہی یہان پر نیک وطن — خیر و شر کا تاکہ پہچانے وطن

اے حسام الدین ضیاء الحق تو زود — کر دوا کورئی چشم حسود

توتیا سے کبریائے تیز فعل — دارو ظلمت کش استیز فعل

وہ کہ نابینا کے آنکھوں میں لگے — کور صد سالہ کو جو بینا کرے

جملہ کوروں کی دوا اکراہ و قہر
آہ نہال میوہ دار بوستان دہر

جملہ کوروں کی دوا کو حسود
جو حسود ہی سے کریں تجھسے جحود

وہ کہ جو آیا حسود آفتاب
کیہ رہو ہو جبکہ ہو وہ آفتاب

ہی یہ دردلا دوا ای آہ آہ
ہی نشانہ خاسد اندر قعر چاہ

نفی خورشید ازل وہ چاہتا
کب میسر ہو یہ اسکا مدعا

باز وہ ہی جسکہ آوے پیش شاہ
کور ہی وہ باز کی گم جسنے راہ

حکایت باز کی بطور تمثیل کے

باز اک صحرا میں جغدوں کے گیا
راہ کو کر گم پڑا ویران میں جا

گرچہ تھا وہ نور از نور رضا
پر ہوا اندھا زسرہنگ قضا

جغد سب کہنے لگے کر ازدحام
باز آیا چھیننے یہ خوش مقام

ہر طرف غصے سے مانند سگان
گھیر کر اسکو کیا شوریدہ جان

باز بولا مجھکو یہ ویرانہ جب
کب پسندیدہ ہی دیکھو میں چلا

میں نہیں راغب یہاں کے جغدہا
حضرت سلطان میں جاتا ہوں شتاب

یہ خراب آباد چھا سے بوم ہم
ساعد سلطان مبارک ہی مجھے

جغد بولے باز ہی مکار تر
چھینتا ہی مکر سے اپنے یہ گھر

مرغ آبی دوست ہو کب شاہ کا ۔ مت سنو گر عقل رکھتے ہو بجا

ہی اسے اس بات کا سودائے خام ۔ بولتا ہی لاف ہے چغدون پہ دام

ہی وہ ابلہ جو اسے باور کرے ۔ مرغ لاف کب سزاے شاہ ہی

باز بولا ہی گروہ بے بصر ۔ تم اگر توڑو گے میرا ایک پر

شاہ چغدستان کرے یکسر خراب ۔ جہل سے اپنا کرو مت گھر خراب

ہی عنایت شہ کی میری پاسبان ۔ ہی نگہبان میرا مین ہون جہان

دلنشین شاہ ہی میرا خیال ۔ جو نہو تو شاہ ہو شوریدہ حال

مین ہون ایران مثل ماہ آفتاب ۔ پھاڑتا ہون آسمان کے مین حجاب

روشنی عقلونکی ہی میری فکر سے ۔ انفطار چرخ میرے ذکر سے

باز ہون مجھسے ہی متحیر ہما ۔ راز سے میرے ہین واقف چغد کیا

ہو مرے دمساز تا ہو تم بھی باز ۔ چغد ہو تمکو کرو مین شاہباز

جب سنوگے دوست ہے تم میری پند ۔ شاہ تب سکو کریگا سر بلند

طبل میرا ہی ندائے ارجعی ۔ حق مرا شاہد ہر غم مدعی

مین نہین ہمجنس سلطان غیور ۔ پر ہی مجھمین نور کا اسکے ظہور

مین نہین گو جنس اپنے شاہ کا ۔ پر ہوا ہون ذات مین اسکی فنا

ہین ہوا فانی تو کیا باقی ہو شاہ	ہین ہوا اوسکا فدا و خاک راہ
خاک پا اوسکی تو ہو جائے اگر	شاہ سب تجھکو کرینگا تاج سر
خاک اسکی راہ کی ہو میری جان	خاک پر ہی جسکے قدمونکا نشان
اس نشان کیواسطے تو خاک ہو	جان فدا ہی صاحب لولاک ہو
کیا عجب جو وہ رسول دو جہان	تھا ہمیشون کو دین تبا اوسکا نشان
بیشتر عشاق ایسے ہو گئے	قصد صورت سے حقیقت کو گئے

حکایت اس عاشق کی جسنے مجاز سے حقیقت کو پایا

تھا کوئی شاگرد اک استاد کا	علم مین ہر فن کے جو کامل ہوا
بحث حجت مین بڑا نامی تھا وہ	وقت کا اپنے اک علامی تھا وہ
اوسپہ تھی استاد کی شفقت کمال	پاس رکھتا تھا اوسے وہ نیکفال
خانۂ استاد مین تھی اک کنیز	سیمتن شیرین بیان ہر دل عزیز
قامت اسکا رشک تھا چون سرو سہی	نازک اندامی مین رشک حور تھی
چاہ غبغب چشمۂ آب حیات	لب بسان کوزۂ قند و نبات
چشم نرگس فتنۂ آفاق تھین	دلبری مین وہ دونون ابرو طاق تھین
تھی سراپا اسمین شان برتری	چال مین خجلت دہ کبک دری

جو پڑی شاگرد کی اُس پر نظر ہو گیا دل یک بیک زیر و زبر
بھول گیا ساری کتابوں کے ورق عشق کا اُسکے لگا پڑھنے سبق
جب ہوا استاد پر ظاہر یہ حال آ گیا خاطر مین تب اُسکی ملال
زن سے پوشیدہ کہا اے سرو قد اپنے عاشق سے نہ کر تو جد و کد
لے لیا دل اوسکا دلداری کی عاشق بیدل کی غمخواری کی
وصل سے اب اُسکو بہرہ ور کر جا مریض عشق کا تیمار کر
بول اس شب وصل ہو حاصل تجھے آ ملے دلدار اے بیدل تجھے
پر نہ جا بے حکم میرے اُسکے پاس چشم بد سے کر رقیبونکی ہراس
تب کہا اُسنے اُسے امیدوار عاشق بیدل رہا با انتظار
تین شب گذرین اُسی امید سے تین وعدے اسطرح کے ٹل گئے
چار مین شب کو کہا اُسنے کہ یار آج رہنا بالیقین امیدوار
جب سنا یہ وعدہ عاشق نواز شمع سان جلتا تھا باسوز و گداز
رات بھر دیکھا کیا وہ سوے در راہ سے اُسکی نہین پھیری نظر
جھونکہ مین اُسکی آتا تھا خیال جلوہ گر تھا اُسمین دلبر کا جمال
انتظاری جب گئی حد سے گذر ساتھ ہو استاد کے وہ سیمبر

تک بیک پہونچے سے آئی رو برو	وہ یہ سمجھا ایک ہو وہ یا کہ دو
لطف استاد کے سبھی شامل ہوا	ذرہ جا خورشید سے واصل ہوا
دیکھ صورت مین معانی کا ہیولا	وہ مجاز اپنا گیا یکبار بھول
نقش مین پنہان ہی نقاش ازل	نقش ہو فانی تو پھر مطلب ہی حل
جان کو جیسے جسم سے ہی اتصال	کچھ نہیں اُس مین شباہت کی مثال
نور بینائی گیا چربی سے مل	خون کے قطرے مین مخفی نور دل
ان عجائب مون مین کہان ہی کیفیت	عقل کب جانے ہی اسکی ماہیت
پایا پیغمبر سے نور معرفت	جان تو وہ نور ہی مریم صفت
جان جان ہے جبکہ غافل ہو یہ جان	جان کو حائل ہو گیا گویا جہان
اس جہان سے غیر ہی دیگر جہان	حشر مین ہوگا تجلی وہ عیان
اس جہان کی جو حقیقت ہی کہون	حشر تک اس شرح مین عاجز رہون

حکایت اُس پیاسے کی جو پانی مین اینٹ ڈالتا تھا

تھا کہین پیاسا اک تشنہ دہان	تھی اُسے دیوار حائل درمیان
تشنہ مستسقی نزار و خوار	عاشقے مستے غریبے بیقرار
تھی یہی دیوار پانی کا حجاب	تشنگی سے وہ کہے تھا آب آب

ناگہاں یک خشت اس دیوار کی | کھنچکے پہنچی تو پانی میں گری
گوش میں پہونچی جو اسکے بانگ آب | خشت لے لے پھینکتا تھا بیحساب
یک بیک اس آب سے آئی ندا | پھینکنے اینٹوں سے کیا حاصل ہوا
بولا وہ دو فائدے ہمیں ملے | ایک تو تسکین ہی اس آواز سے
بانگ اسکی بانگ اسرافیل ہے | زندگی سن جسکی مردوں کو ملے
یا مثال بانگ رعد ایام بہار | جس سے پاتے ہیں چمن چندین نگار
یا مثال بوی یوسف خوب لطیف | جو ہوئی جانبخش یعقوب نحیف
یا نسیم روضۂ دار السلام | عاصیوں پر ہو روا نے انتقام
یا مثال بوے سرور ہر دوسرا | جو شفاعت سے کرے عاصی رہا
یا حسن نے لیلی سے مجنوں خوش کلام | یا کہ بھیجے ویس رامی کو پیام
دوسرے جو خشت گھٹتی ہے ادھر | متصل پانی سے ہوتا ہوں ادھر
جب تلک دیوار ہے تن کی بلند | آب مطلب سے تو ہے نا بہرہ مند
اس سے تو پائے نہ جب دم تک نجات | کب میسر ہو تجھے آب حیات
پستی دیوار ہے قرب جلال | نقل اس دیوار کی ہے عین حال
پردہ دیوار تن ہے محتجب | باعث وصلت ہے وہ سجدہ اقترب

توڑ تو یہ خانۂ تن زود تر | جیسے توڑا شاہ نے خیبر کا در
ہو گیا تو کہنہ سال اے بے خبر | آ گیا وقت رحیل اے ہوش کر
جا چکے ایام کچھ ہو یا نہیں | رو سیاہی سے ابھی ہو یا نہیں
کرم خوردہ ہو گئی بیخ شجر | آگ پر رکھدے تو اسکو پھونک کر
ہان ہان اے راہرو بیگاہ ہے | آفتاب عمر سوے چاہ ہے
جب تلک اس جان کا ہے روشن چراغ | روغن عرفان سے تر کرلے دماغ
بول مت فردا کہ فردا حشر ہے | پرسش اعمال و بعث و نشر ہے
جان تو یہ تن ترا ہے سخت بند | توڑدے اسکو نہو تو تن پسند
صرف کر تو مال کو لب بند کر | بخل سے ایثار تن کے درگذر
ترک شہوات و لذائذ ہیں سخا | کم چھٹا جو بند شہوت میں پھنسا
یہ سخا ہے شاخ سرو جنتی | وائے وہ یہ شاخ جسنے چھوڑ دی
عروۃ الوثقی ہے یہ ترک ہوا | شاخ جان جس سے کھینچی سوے سما
تو ہی یوسف یہ جہان ہے مثل چاہ | صبر ہی رسی ہے بفرمان اله
صبر کی رسی سے ہو تجھکو نجات | ورنہ ہو اس چاہ کے اندر وفات
شکر کر حق کا جو یہ رسی ملی | اسکے لینے میں نہ کر تو کاہلی

ہاتھ مین اُسکو پکڑ چہرے پر آ | تا کہ دیکھے بارگاہِ بادشا
اور بھی دیکھے جہان جان جدید | جو کہ ہو ظاہر ولیکن ناپدید
یہ جہان فانی ہو نظرون مین عیان | عالم باقی ہو نظرون سے نہان
باد پر یہ خاک ہو بازی کنان | گرز نما و پردہ پردازی کنان
خاک ہو چون آلہ اندر دست باد | باد ہو عالی وہی عالی نژاد
چشم خاکی کی نظر ہو خاک پر | باد مین ہو اور ہی عالی نظر
چشم حس مرکب ہو نور حق سوار | غیر راکب ہو یہ گھوڑا نابکار
پس ادب دے چوب سے بد اسپ کو | ورنہ پیش شاہ ہو وہ کب نکو
نور حس مرکوب راکب نور حق | با ادب مرکوب ہو منظور حق
چشم شہ رہبر ہو چشم اسپ کی | ہو وہ مضطر تر بدون رہبری
گم کرے معلوم گھوڑا رسم راہ | چاہیے راکب سے اُسکو انتباہ
پر نظر مین ہی نہین راکب سے | خود بخود آثار یا گفتار سے
نور حس کو نور سے حق کے بھی | نور پر ہو نور کی صنعت بھی
نور حس کھینچے ہو تجھکو خاک پر | کھینچتا ہو نور حق افلاک پر
جملہ محسوسات ہین کہ خر آب | نور حق دریا ہو وہ مثل سراب

نور حس ہی جو مکدر اور گران	باوجود اسکے ہی نظروں سے نہان
نور حق ہر چیز سے ہی پاک تر	کیون نہو وا سکی سمجھے اور نظر
ہاتھ ہی پنہان قلم ہی خط گذار	اسپ پیدا ہی ہی پنہان سوار
تیر آتا ہی مگر پنہان کمان	جان ہی پیدا و پنہان جان جان
تیر کو مت توڑ ہی یہ تیر شاہ	تیر پر ہی شاہ کی ہر دم نگاہ
مارمیت قول ہی اوس شاہ کا	جزو کل پر ہی جو قادر ہی بملا
صید ہم صیاد لاثانی کہان	گو وہ چوگان ہم ہین چوگانی کہان
ہر طرف ہی نور اوسکا جلوہ گر	قصۂ منصور کو تو گوش کر
پختگی لے تو فنا سے دوستو	تن کو ویران کر کہ جان معمور ہو
ہو فنا تو نور حق باقی رہا	جب ہوا بندہ فنا سلطان ہوا
چوب آتش مین جلے آتش بنے	پھر اسے لکڑی نہین کوئی کہے
نور حق جب ذات انسان نے لیا	تب وہ مسجود ملائک ہو گیا
ہی وہی مسجود جسکی جون ملک	جان ہی پاکیزہ از طغیان شک
آگ کیا آہن ہی گیا تو بار عب	ہنس تو بارش مشبہ و روز و شب
رکھ تو کم گویا یہ بحر بیکران	ہو خمش دریا کے اوپر لب گران

گرچہ پیشو رکھیں نہ مجھسے تاب نجم | پر نہیں ہیں ہم صبا برانز غرقاب نجم

بحر پر ہو عقل جان میری فدا | خونبہای عقل جان جسنے دیا

اسمیں جاؤں جب تلک جاوے تن یا | جو نہوں پا بچو بط ہوں میں شنا

بے ادب حاضر ہی غائب سے بھلا | حلقہ گو کج ہو مگر در پر لگا

ای تن آلودہ پھر تو گرد حوض | پاک ہو کب باہر اس سے کر تو خوض

ہی بہت پاکیزگی اس حوض کی | پاکی اجسام ہو ازبس کی

پاکی محدود ہو خواہ مدد | ورنہ اندر چرخ کم ہووے عدد

آب آلودہ سے بولا مجھمیں آ | پیش لایا اس سے وہ عذر لجیا

آب بولا تو نے جو یہ شرم کی | پھر تو جا نیگی کب آلودگی

مجھسے آلودہ اگر پنہاں رہے | شرم اسکو مانع ایمان ہے

گرچہ پوشا ہوں سے ہم عون جان | پر نہیں ڈرتے ہیں عالی ہمتاں

شاد جب شکر سے شیرین ہو ہوا | واسطے شکر کے مرنا ہو روا

ای ملامت جو سلامت نے تجھے | ای سلامت جو رہا کر تو نے مجھے

حکایت حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ

جو کہ تھے ذوالنون مصری ذوفنوں | ایکدم پیدا ہوا انکو جنون

جاہلون کی گرم جب دیکھی دکان — کیون نہوون اُنسے جدا دانشوران

تنگ جہلاسے وہ دیوانے بنے — عالمون کے شر سے زندانین گئے

جب قلم ہو ہاتھ مین مکار کے — کیون نہو منصور لائق دار کے

جب کمینون کو فلک نے زر دیا — کیون نہ وہ چاہینگے قتل انبیا

کیا کیا یوسف پہ اخوان نے حسد — جور مین کیا کیا تھی انکو جد و کد

ہے حسد جیون گرگ باطن مین نہان — گرگ ہو آخر اُٹھینگے حاسدان

جو حریفان شکم ہین جیفہ خوار — خوک کے مانند ہون وہ بیشمار

ہو زناکارون کا پر بد بوبدل — ہون شرابی جملہ وان گندہ ہین

گندگی جو دل مین ہے اُنکے نہان — حشر کے اندر ہو محسوس و عیان

ہے بدن انسان کا صحرا کے مثال — آدمی ہے تو تو رکھ اُسکو سنبھال

ہین ہزارون اُسمین خوک اور بھیڑیے — نیک بد ہے جسم مین ہر ایک کے

ذات مین تیری ہے جو خصلت نہان — حشر ہو تیرا اُسی صورت وہان

اس سے ہے جو دل کو بدنامی کا رنگ — ہے بدی کی بد جزا نیکی کی نیک

بندگان خاص علام الغیوب — جانتے ہین حال ہر انسان کا خوب

راز مولا کی جنھین تمیز ہے — بھید مخلوقات پھر کیا چیز ہے

جنکو حاصل سیر ہو افلاک پر	انکو کیا مشکل ہو چلنا خاک پر
والشرف جو دوست ذو النون کے	ایکدن انکی عیادت کو گئے
بولے انکو دیکھ وہ للکار کر	کون ہو مجھسے رہو تم دور تر
تب کہا سبنے کہ ہم ہین تیرے یار	تیری پرسش کو کیا ہی یان گذار
آپکا کیا حال ہی اے دوستان	کسلیے زندان مین ہو تم نل نہان
تم تو ہو یک بحر مواج فنون	ہی عبث تہمت یہ بہتان جنون
دیکھے گلخن کب ہو غرق آفتاب	کیسے ہو عنقا شکستہ با غراب
ہم ترے دلسوز اور غمخوار ہین	رنج و راحت مین شریک و یار ہین
سنتے ہی پتھر وہ لیکر چوب دست	بھاگ نکلے خوف سے وہ خود پرست
ہنس کے بولے ذو النون تب بے اختیار	دیکھکر انکی محبت کا شعار
دوست سے کب دوست ہوتے ہین نفور	رنج و راحت ایک ہی انکے حضور
دوستی جون ہی رہی رنج آتش اشتعال	ہو زر خالص با تش خوش جمال

حکایت لقمان حکیم کی

عارف کامل تھا لقمان حکیم	تھا دل اُسکا پر با سرار قدیم
باوجود عزت و فضل و کمال	ظاہرا رہتا تھا بندون کی مثال

خواجگی میں آہ گیا یہ بندگی | با ہمہ اعزاز و سر افگندگی

ایک دن اک شاہ نے اس سے کہا | کر طلب کچھ مجھ سے در وجہ عطا

بولے لقمان شرم گرامی شہریار | مجھ سے کہتا ہے سخن تو نابکار

ہیں مرے دو بندہ طاعت پذیر | تجھ پہ وہ دونوں ہیں حاکم اے امیر

بولا شہ وہ کون ہیں بتلا مجھے | بولا وہ اک حرص و دیگر خشم ہے

جو کہ ہے شاہی سے فارغ ہو وہ شاہ | نور اسکا فوق تر از مہر و ماہ

بندہ تھا لقمان بشکل خواجگان | بندگی بھی اسپہ ظاہر ہیں عیان

خواجگوں نے کی ہے ایسی بندگی | تا گمان ہو یہ سر افگندگی

خواجگی سے سر تھے اور چشم پر | کام اپنے کر دیے جون لعل و در

جو مطیع نفس ہے مثل غلام | خواجگی کا اسکو پھر دعویٰ ہے خام

حال لقمان خواجہ پر ظاہر ہوا | تب بدل وہ اسکا عاشق ہو گیا

خربزہ آیا جو اک دن ارمغان | پیش خواجہ پر نہ تھا لقمان ہاں

تب کہا خواجہ نے اسدم با غلام | جا ابھی لقمان کو لا جلدی تمام

جبکہ لقمان پیش آقا کے گیا | کاٹ خربوزہ اسے اس نے دیا

کھا لیا لقمان نے اسکو بلند | چند قاش اسطور سے کھائیں گر

جب دی اک قاش مالک نے کھلا — میں تو کھاؤں تا کہ دیکھوں مزا
جبکہ کھایا تلخ تھا از بس وہ پھل — جس سے رنگ اسکا ہوا زرد و بدل
ایکدم تلخی سے وہ بیچین ہوا — پھر کہا لقمان سے ای مرد خدا
کیسے تو نے کھا لیا اس زہر کو — لطف جانا کسطرح اس قہر کو
کیا ہے یہ صبر و تحمل تو — کیا تجھے یہ جان اپنی ہے عدو
کیوں کیا تو نے نہ حیلہ کچھ ذرا — بے تامل کسلیے تو کھا گیا
عرض کی اسنے کہ میں نے بارہا — نعمتوں کو ہاتھ سے تیرے لیا
شرم کی اس تلخ سے لاؤں ابا — کھا نہ لوں اسکو کہ جو تو نے دیا
تھی عذوبت اسمیں تیرے ہاتھ کی — پھر بھلا تلخی کہاں اسمیں رہی
ہو محبت سے ہمہ تلخی شکر — ہو محبت سے مس نا چیز زر
ہو محبت سے یقیناً درد صاف — دور ہو درد دل اس سے بےخلاف
ہو محبت سے بلاشک خار گل — ہو محبت سے بلاشک سرکہ مل
ہو محبت سے گلستان نار جا — بے محبت باغ گلخن کر شمار
ہو محبت کے سبب سے نیش نوش — ہو محبت کے سبب سے شیر موش
یہ محبت ہی نتیجہ عقل کا — کب گزافہ تخت کے لائق ہوا

عشق یہ کب ہے کہ عقل ناقصان ‌ ‌ عشق ہی لیکن جہاد ورن پر نہان

کفر فرعونی و ہر گبر عنید ‌ ‌ عقل کے نقصان سے آیا ہی پدید

عاقبت نادیدنی ہی حرص سے ‌ ‌ عقل پر اور دل پہ ہی خندہ اسے

عاقبت بینی خرد کی خاصیت ‌ ‌ نفس ہی وہ جو نہ دیکھے عاقبت

تا نہ دیکھے عسر تو یہ نہیں جو ن کہ ‌ ‌ یُسر کا کب لطف حاصل اسکو ہو

جان جو ابراہیم ہو پر تاب نور ‌ ‌ نار مین دیکھے وہ فردوس و قصور

یہ جہان تن غلط انداز ہی ‌ ‌ ہان مگر وہ حرص سے جو باز ہی

جو نہ جانے تو خزان سے نو بہار ‌ ‌ کب تو جانے رمز خوش ضحک شمار

سُن تو اس معنی بین پاک نادر بیان ‌ ‌ تا معانی سے تجھے ہو وے نشان

نقل بلقیس فرمانروای شہر سبا کی

ہوین ہزارون رحمت پروردگار ‌ ‌ عقل پہ بلقیس کی لیل و نہار

لایا ہدہد نامہ عالی نشان ‌ ‌ جانب حضرت سلیمان سے وہان

نکتہ ہا سے نامۂ پیغمبری ‌ ‌ دیکھکر بلقیس نے تعظیم کی

جسم ہدہد جان عنقا دیکھکر ‌ ‌ جانا نعمت اسکو یا معانی نظر

جسم کو نو دل اُسکا سجھ سکا ان ‌ ‌ عقل کی آنکھون سے تھا سکی عیان

عقل با حس این طلسمات دو رنگ | چون محمد با ابو جہلان بجنگ
کافرون نے دیکھا احمد کو بشر | کیون نہ دیکھا معجز شق القمر
چشم ظاہر بین مین اپنی خاک ڈال | دیدۂ خود بین ہے دشمن کی مثال
حق نے چشم حس کو ہی اعمی پڑھا | بت پرست اور ضد ہم سب کا ہوا
کیونکہ کف دیکھا نہ دیکھا بحر کو | چھوڑ فردا حال کو دیکھا نہ تو
ذرہ اس خورشید سے جو ہے پیام | ہے یہ خورشید اسکا تابع اور غلام
جو کف خاک اس طرف چالاک ہے | مسجد افلاک ہے وہ خاک ہو
خاک آدم جو ہوئی چالاک حق | اسکے آگے جھک گئی افلاک حق
خاک دروی سے نشین ہے ہر اب | دیکھ اسے جو عرش سے گذرا شتاب
وہ لطافت جان تو با آب نے | جو عطا ہے مبدء وہاب نے
ہی وہ حاکم یفعل اللہ ما یشاء | خلق کے ہر درد کی جسنے دوا
جو ہوا و نار کو سفلی کرے | تیرگی و دردی و ثقلی کرے
جو زمین کی ذات کو علوی کرے | راہ گردون کو پیا سطوی کرے
جو کہ دے عادت کو اپنی پیچ و تاب | آب کو آتش کرے آتش کو آب
کوہ کو کر دے سبک مانند کاہ | مہر کو دے ابھی مقرون بماہ

ہمیں بھی جدا گانہ ہے گردش کو جیسی — اور مہتاب آفتاب کو یعنے

کسکو وہ رہبر کرے جو ہیں ثبات — ہو گئے از بس جگہ اس میں ثبات

نام اُسکا بے علل ہے مستقیم — بے علل ہے اُسکی تقدیر قدیم

انکار فلسفی کا آیت ان اصبح ماءکم غوراً سے

ایک قاری نے پڑھا اندر کتاب — ماءکم غوراً کی آیت کو شتاب

ناگہاں یک فلسفی گذرا ادھر — معنی آیت پہ اُسدم غور کر

یہ کہا میں آب کو لاؤں بہ — اُس زمیں کو کھود با بیل و تبر

شب کو سویا ایک نے مارا بزور — اک طپانچہ ہو گیا جس سے وہ کور

تب کہا اُسنے کہ اے مرد شقی — لا تبر سے کھود کر یہ روشنی

جب ہوا بیدار دیکھیں چشم کور — ہو گیا معدوم اُن دونوں سے نور

جب وہ استغفار کرتا زار ہو — کیا عجب پاتا وہ نور چشم کو

لیکن اسپر بھی نہیں تھا درخوری — جذبۂ توفیق خدائے ایزدی

شستی اعمال و شومی وجود — رہزن توبہ ہوئی تھی اُسکی زود

دل ہوا سختی سے اُسکا مثل سنگ — کشت توبہ کا بندھے کب اُس میں ڈھنگ

تا نہووے گریۂ ابر مطیر — ق — تا نہووے خندۂ برق منیر

کب ہو پیدا سبزۂ ذوق وصال — کب ہو جوشاں چشمۂ آب زلال

کب گلستان راز گو ہو با چمن | کب بنفشہ عہد باندھے با سمن
کب شگوفہ آستین پر زر شار | چھائے تا پکڑے بایام بہار
کب رخ لالہ ہو روشن ہمچو خون | زر کو گل کب لاوے کیسہ سے برون
کب کھلائے خاک اسرار ضمیر | کب ہو مانند فلک بستان منیر
ہر وہم اسنے پہونچایا ہے نشان | پہونچے ہر شخص کو یک جان بجان
یہ نشان ہین اُسکو جو رکھتا ہو دید | وہ بصر پر کب بھلا آوین پدید
خوش نشان ہے یہ وہ دیکھا جسنے شاہ | جو نہ دیکھا ہو کب اسکو انتباہ
جو نشان رکھتے تھے جملہ انبیا | خاص ہین اُس جان کو جو ہی آشنا
کہ سکے ہی کون درہا کو شمار | خاص وہ جو عشق سے ناہوشیار
یہ سخن ناقص رہا اور بیقرار | دل نہین بیدل ہو نہین معذور وار
نحس کیوان یا کہ سعد مشتری | حصر سے حاصر کے ہی یکسر بری
شرح کرتا ہون سنے بعضے اثر | ہین برائے درک نفع و ہم ضرر
جس کسیکا طالع ہوئے مشتری | شاد ہو وہ با نشاط شری
جسکا طالع ہو زحل با ہر شرور | اُسکو لازم احتیاط اندر امور
بس کرامی یا وہ کہتا وہ آفتاب | آگ کو لاوے نہ یکبارہ بتاب

ہوں کواکب اندروں آسماں ایکدم میں جملہ بے نور نشاں
حکم ہی جو اوسمیں تو مشغول ہو اور گفتار روح سے تو معزول ہو
ذکر اللہ حکم ہی شاہِ غیور جسنے دیدوں کو دیا آنکھیں نور
لیک ہر گز مست تصویر خیال پا نہیں سکتا ہی ذات بیمثال
ذکر جسمانہ ہی فکر ناقصاں ذکر شاہانہ ہی فکر کاملاں
عقل کو باطن سے ہی خوش آگہی چشم ظاہر اس فضیلت سے تہی
عقل سے ہی حس ظاہر کو خلاف یہ الحکم کو جیسے احمد سے مصاف

انکار کرنا موسیٰ علیہ السلام کا چرواہے کی مناجات سے

ایک چرواہا سے شوریدہ حال کہہ رہا تھا ای خدائے ذوالجلال
تو جو ہو تو چاکری تیری کروں صاف کر نعلیں لا آگے دہروں
جوں جیوں بالو نکلیں سر شانہ کر جسم کو دہووں ترے ہیں خوب تر
ای خدا قربان ہو تجھپر میری جاں جملہ فرزندان و جملہ خانماں
دو ملوں دست و پا تیرے ہو بہا وقت خواب آوے تو جہاڑوں تیری جا
جو کوئی بیماری آوے تجھکو پیش میں ترا غمخوار ہوں مانند خویش
اسطرح بیہودہ بکتا تھا شبان دیکھ اُسے موسیٰ نے پوچھا ای فلاں

ساتھ کسکے ہو رہی ہی گفتگو | بولا چرواہا کہ حق کے روبرو
جس سے پیدا ہین زمین و آسمان | جسنے بخشی ہی یہ کون و مکان
تب کہا موسی نے ہی او بیہنر | ہو گیا تو کافرون سے بھی بتر
پاک ہی وہ ان سبھون سے ہر دو گو | کفر کی باتین ہی یہ جو بکتا ہی تو
چارق و پاپوش لائق ہی تجھے | کب بھلا یہ شی ہی اوسکو زیب ہی
جو نہ باندھے تو سخن سے حلق کو | آتش آکر نے جلا سب خلق کو
جانتا ہی تو کہ وہ ہی خدا | پھر یہ گستاخی تجھے کب ہی روا
دوستی بیخبر ہی دشمنی | ایسی خدمت سے ہی حق مطلق غنی
بے ادب کہنا سخن با خاص حق | مارتا ہی دل سیہ کرتا ورق
لم یلد لم یولد اسکی شان ہی | والد و مولود سب امکان ہی
جو کہ جسم آیا صفت اسکی جدید | جو کہ حادث ہی ہوا اس سے پدید
وہ پشیمان ہو کے بولا ای کلیم | دل کو میرے کر دیا تو نے دو نیم
بند کر لی یہ زبان یکبارگی | جان و دل مین آگئی آوارگی
پھاڑ کر کپڑون کو سر پر خاک اوڑا | آہ کرتا جانب صحرا چلا
تب ہوئی موسی کو یہ وحی خدا | کیون مرا بندہ کیا مجھسے جدا

تم ملانے کے لیے آئے یہاں — یا کہ ڈالے فصل اندر مردمان

میں نے دی ہر ایک کو اک اصطلاح — ہے جدا ہر ایک کا ذکر و صلاح

حق میں اُسکی مدح تیرے حق میں ذم — اُسکے حق میں شہد ہے تیرے حق میں سم

اُسکے حق میں نور تیرے حق میں نار — اُسکے حق میں گل ہے تیرے حق میں خار

اسکے حق میں نیک ہے تیرے حق میں بد — اُسکے حق میں خوب ہے تیرے حق میں رد

خلق کی میں نے نہ بہر جلب سود — بلکہ بندوں پر کروں بخشش وجود

ہندیوں کو اصطلاح ہند مدح — سندھیوں کو اصطلاح سند یار

مجھکو حاجت ہی نہیں اُنسے مگر — پاک خود ہوتے ہیں وہ تسبیح کر

دیکھتا ہوں دل کو میں و حال کو — نے ظواہر کو نہ قیل و قال کو

ناظر دل ہوں اگر خاشع ہو وہ — گو کہا جو اُسنے ناخاضع ہو وہ

کب تلک کہتا رہے باتیں بنا — چاہتا ہوں سوز دل وہ سوز لا

کب تلک الفاظ رنگین و مجاز — عشق ہی تو ہے کہاں سوز و گداز

عشق ہی تو جان میں آتش لگا — سر بسر فکر و عبادت کو جلا

موسیا آداب دانا اور ہیں — سوختہ جانان رواںا اور ہیں

عاشقوں کو سوز ہے ہر دم علاج — گانوؤں ویران پر نہیں عشر و خراج

جو خطا بولے خطا اسکی نہو | ہون اگرچہ وہ شہید انکو نہ دھو

خون شہیدوں کا ہی پانی سے بھلا | سو صوابون سے بھی ہے بہتر یہ خطا

عاشقوں کا کیا ہو پھر خاک ہو | جب گریبان تا بدامن چاک ہو

جو ترے دل میں ہے لبریز تلاش | درد کے نشتر سے ہے لکھو خراش

عاشق حق ہیں وہ دنیا سے جدا | عاشقوں کا مذہب و ملت خدا

پھر ہوئے موسی کے اوپر آشکار | راز ہائے خالق پروردگار

دل پہ موسی کے سخن نازل ہوئے | دیکھنا کہنا بہم یکسان ہوئے

چند ہی بیخود ہوکے پھر آیا بخود | چند اُڑا موسی ازل سے تا ابد

جو کہ ہیں شرح ہے اسکی ابھی | کیونکہ شرح اسکی ورای آگہی

جو کہوں عقلوں کو وہ برہم کرے | جو لکھوں اقلام کے پا خم کرے

جو کہوں میں شرح ہاے معتبر | تا قیامت انکو سمجھو مختصر

اسلیے کوتاہ کی میں نے زبان | تو جو چاہے دل سے اپنے پڑھ سنان

جبکہ موسی نے سنا حق سے عتاب | جستجو لا وہ چوپان کی شتاب

نقش پا سے اسکے لیتے تھے سراغ | ڈھونڈھتے تھے اسکو اندر باغ و راغ

پایا آخر اسکو موسی نے بدشت | حال میں اپنے بسے ہوش و ذست

[illegible] / [illegible]
[illegible] / [illegible]
[illegible] تو [illegible] / [illegible]
سب کو مانند [illegible] کیا [illegible] میں / پڑ گیا آشفتہ خون جب
میں [illegible] تھا [illegible] / سا [illegible] تھا [illegible]
اسپ کو سیر [illegible] کیا تو نے مرا / گذرا اب گرہ میں ہے وہ [illegible]
محرم ناسوت لاہوتی ہوا / آفرین ای ہادی راہ خدا
حال میرا ہی [illegible] حال [illegible] / جو کہ دونوں میں ہے نہیں [illegible]
آئینہ میں نقش جو آوے نظر / نقش تیرا ہی جو ہے آئینہ پر
مرد نا [illegible] میں جو بچوکے ہے دم / لائق [illegible] ہے یہ نالی سے ہم
ہاں ولی ہاں کو جو تو حمد و سپاس / سمجھو نافہم جو پاں کر قیاس
اسکے نسبت حمد تیرا خوب ہے / نسبت حق لیک نامرغوب ہے
تو بے کیک تک اٹھا پڑہ اگر / ہو نہ وہ ایسا کہ جانیں خوب تر
ہے برحمت ذکر کا تیری قبول / چون نماز مستحاضہ در اصول
ہیں نمازیں اسکی آلودہ بخون / تیرا ذکر آلودہ تشبیہ و چون

[illegible]

ہو فرو آلودگیِ عصیان تا بہ
پر پلیدی جہل کی ہو بے حساب

یہ پلیدی جب بلطف کردگار
ہو نہیں زائل ز انسان نثار

اپنے سجدہ مین جو کہتے ہو اگر
معنی سبحان ربی جانکر

ہوے اے رب پر اداکر جو سجود
نا سزا ہو جس طرح میرا وجود

رتبہ کا تیری جو ہو بالا کو میل
ہو عروج اسکا بالائی سبیل

جو جھکی سر تیرا سوے زمین
آتی حق لا احب الآفلین

بیان اختیار کرنے محنت کے واسطے حیوات ابدی کے

قسمت کی ہی رنج مین راحت نہان
عیش بے محنت میسر ہو کہان

ہی نتیجہ رنج و تقوے کا نعیم
ہی ثمر شہوات کا نار جحیم

حفت الجنۃ بمکروہ اتہا
حفت النیران من شہوات تہا

تخم آتش سے ہی پیدا شاخ تر
سوختہ آتش ہی کو ثمرہ ور

جو جنت قیدی و رکات ہی
یہ جزای اتقای شہوات ہی

جسکو حاصل دولت قصر جنان
ہی جزای رنج و اتقا جان

ایک کو ملتے زر و سیم و خرد
ایک ہی جو کسب صبر برد

وہ کہ جان جسکی طبائع کے کنا
منعمت و نعمت اسکا شعار

بے سبب جیسے ہو چشم شب گراں	تو کہ جس سے نہ جو سبب پیدا کچھ
بے سبب پیدا کرے آب روان	چشمہ پیدا معجزات انبیا
بے سبب ہیں جیسے بیمار و علیل	بے سبب ہیں جیسے مشکات و قنادیل
ہو فتیل نعمت سے اس کو چراغ	لا کے رکھے آفتاب اس سے فراغ
جا کو تو کہگل کی جا سے سقف بنا	پاک ہی کہگل سے سقف آسمان
جب ہوا لبریز ...	خلوت شب سے در آیا روز بار
خبر ...	... درد دل سے خونبار
... کر عیسی ...	ہو گیا اس سے تو پیدا دے بد
... عیسی ہو تعلیم معرفت	وہ نصیب سے کہاں احمق خر صفت
رحم خر پر سر بسر بیہودگی	... نہیں تعلیم خر سے بہتری
رحم کر عیسی پہ تو خر پر نہ کر	نفس کو غالب نہ کر تو عقل پر
چھوڑ دل کو تاکہ روئے زار زار	اس سے حاصل ہو دوام جان ...
تو رہا خر بندہ اکثر سال بس	کیونکہ تابع خر سے ہے خر بندہ بس
آرزو و حال کو ہو یادگی	تا ملے اجرت کہیں بیچارگی
رنج و محنت جو سبب ہو عیش کا	اس مشقت کو تو اپنے سر اٹھا

گنج جب پاتا ہے تجھ سے اپنے رنج
تجھ سے آوے کب بغیر از رنج گنج

مصطفیٰ کہتے ہیں ہے جاہل عدوان
دشمنی نفس کا شرح و بیان

ہے یہ انداز کا جاہل ہے پیچ عدو
زندگانی اپنی ہے اپنا زبون

ڈرتے ہیں دلکو جیسے آب نیا
ڈرتے تن کو جیسے آب نما

الغرض دانشوروں کی دشمنی
جاہلوں کی دوستی سے ہے بھلی

کیونکہ عاقل ہے اگرچہ تیرے خصم
تو وفائے جاہلان ہے مکر

معرفت لاتا ہے عاقل بے نشان
معرفت ہو جاہلوں کی مرتاب

دوستی ابلہان رنج و بلا
یہ حکایت گوش کر اندیشہ کا

اعتماد کرنا ایک مرد کا ریچھ پر اور مارا جانا
اسکا ہاتھ سے اس ریچھ نادان کے

ریچھ کے دیتا ہوا اک اژدہا
آگیا اک مرد نے اسکو بچا

سنکے نالہ جس کا وہ شیر مرد
ہو گیا یکبار اسپر دل بدرد

شیر مردان ہیں معین اس جہان
عاجزوں کی جب سنیں آہ و فغان

بانگ مظلومان پہ جیسا گوش
اسطرف جاوین جیسے رحمت حق ہین بجوش

مہربانی ہے شکار شیر مرد
کب بیان ادرو کو ڈھونڈھنا غیر درد

ورنہ جیسا ہو یان پہنچے دوا
ہو جہان قہر اسکا ہو فنا

بخت رحمت تو کر رحمت قبول
رحمت حق تا کرے تجھ پر نزول

پھوٹ جائے کم پڑھا تشنگی
پر وہ الست پیچ پیچ آسمان کی

استغفار ہم سے شتاب
[illegible] الصواب

بے سوا اسکا نہین ہے کمال
گرچہ ہو آواز ملت وہ بلال

پاک کر آنکھین اپنے عیب کو
کرتا تماشا الا الہ غیب کو

بخت کر تو صفر پیشی سے کام
تا کہ صبح اللہ ہوا [illegible]

جب کرے جاوے زمین طاقت اگر
چارہ گر ہے عجز اپنا عرض کر

گریہ و زاری ہے سرمایہ قوی
رحمت کلی ہے اک دایہ قوی

جب تلک روتے نہین طفل صغیر
دایہ [illegible] دیوین اسکو شیر

تا کہ عقل [illegible] پایہ [illegible]
تب اسے مطلب نہین [illegible]

عقل جزوی ہی ہے تیری ابتر
ہے ترا [illegible] شیر [illegible]

چھوڑ دے [illegible] عقل
تھا جو تجھ کو جان [illegible]

جو نہین ہو زور تو زاری چھوڑ
ہو کے عاجز [illegible]

جب ان ریتیجی کو بخشی نجات
ہو گیا وہ قید سے [illegible] نجات

بندگی اُسکی لگا کرنے مدام — جان و دل سے ہو گیا اُسکا غلام

ایک نے اُس مرد سے پوچھا کہ یار — خرس تیرا کسلیے ہی دوستدار

تب کہی اُسنے حدیث اژدہا — بولا سائل یہ نہین تجھکو روا

جو درندہ ہے وہی تجھکو اعتماد — دوستی پر اُسکی ہی تو دل نہاد

دوستی ابلہ کی دشمن سے بتر — اسکو ہر حیلہ سے جلدی دور کر

بولا وہ جا جا یہان سے ای حسود — بولا سائل اسمین ہے تجھکو نہ سود

مرد جو بد دانش و نااہل تھا — اور شقاوت سے مطیع جہل تھا

اُس نصیحت گر کو جانا اُسنے بد — خرس کو جانا محبت با خرد

کہنا موسیٰ کا گوسالہ پرست سے کہ خیال اندیشی تیری ان کہلے ہوے معجزون سے ہے

ایک گوسالہ پرست از کافران — تھا زمان موسوی مین بدگمان

اُس سے موسیٰ نے کہا ای بدنہان — تو شقاوت مین ہی شیطان سے زیان

مجھسے دیکھے معجزہ تو نے ہزار — پر رہا تو شک مین با صد اضطرار

وسوسہ سے منکر پیغمبری — ہوکے مارا طعنہ مجھپر ای شقی

گرد اُٹھائی نیل سے مین نے عیان — تا چہل سالہ ز سوی آسمان

دفع ہوتا تمسے شر قبطیان — تمپر اوترا من و سلوی بے نشان

قال اللہ تعالی و نزلنا علیکم المن والسلوی

سنگ سے چشمے ہوئے تھے نمود | جبکہ کی میں نے دعا اندر سجود

ہاتھ میں میرے ہوا اژدر عصا | ہوگیا دشمن پہ پانی خون سا

ہوگیا تھا کف مرا جون آفتاب | آفتاب اس سے ہوا مثل شہاب

یہ وہ صد چندین چندین گم مرد | دیکھ تو ابلیس ہا اندر نبرد

کی جو گوسالہ نے جادو سے صدا | سجدہ ریز اسکا ہوا تو ابلہا

کیون نہ اسکے مکر کا لایا خیال | سحر میں اسکے ہوا کیون پائمال

گاؤ کو تو نے خدا سمجھا بلاف | کیون ہوا میری نبوت سے خلاف

اسکے آگے سر جھکانا تھا خری | ہوگیا تو صید سحر سامری

آنکھ پھیری تو نے از نور جلال | جہل تھا تیرا سراسر اور ضلال

مجھسے دیکھے اور بھی اعجاز ہا | پر نہ آیا تو سوے راہ خدا

گرگ کب یوسف کے اوپر عشق لائے | جز بمکر و حیلہ تا لے اسکو کھائے

جبکہ گرگی سے چھٹے محرم بنے | چون سگ اصحاب کہف آدم بنے

دیکھ احمد کو کہا صدیق نے | ہو یہ صادق جو کہے وہ سچ کہے

لیک بوبکر جب احمد کی [illegible] | تب کہا کاذب نہیں ہو اسکا رو

جو نہ تھا بوجہل از اہل صفا | دیکھ صد شق قمر منکر ہوا

آئنۂ دل صاف ہوتا اسمین تو
ہو شناسِ صورتِ زشت و نکو

تھک کے اک دن سو رہا مردِ جوان
تھا مگس ران اُسکا خرسِ پُر توان

مکھیون کی ہو گئی از بسکہ دھوم
ہانکتا تھا جب وہ کرتی تھین ہجوم

مہربان ہو ریچھ نے پتھر بڑا
مکھیون پر زور سے مارا اُٹھا

جا لگا وہ سنگِ خارا مرد پر
ہو گیا سوتے سے چکنا چور سر

مہرِ احمق دوستیِ خرس ہے
دوستی ناداں کی ہے ناچیز تر

عہد اُسکا سست و پیمان ضعیف
قول بیہودہ وفا اسکی نحیف

کھائے جو سوگند تو باور نہ کر
توڑ دے سوگند مردِ حیلہ گر

چشمِ دل روشن ہو گر اے عزیز
عود و لکڑی مین ہو گی پھر تمیز

گنج ہے ہر جا تو مت کر اسپہ رنج
کوئی ویرانہ نہین خالی ز گنج

دیدۂ باطن مگر روشن نہین
گنج کو تو جان پنہان ہین کہین

کر مروت ساتھ سب کے اختیار
خواہ ہو بیدل کوئی یا ہوشیار

جو کوئی دشمن ہو احسان اُسپہ کر
تا کہ اُس احسان سے ہو وے دوست تر

جو نہو وہ دوست کینہ کم ہوا
یہ ترا احسان اُسے مرہم ہوا

الغرض ہو دوستدارِ انجمن
پیش آ ہر اک سے با خلقِ حسن

جو حضورِ اولیا سے دور ہو — دور ہو کر حق سے وہ مقہور ہو

جدا کرنا باغبان کا صوفی و عالم و سید کو

باغ میں پہنچا انہیں کوئی باغبان — اُسنے دیکھا تین شخصوں کو وہان
ایک عالم ایک تھا اُنمین شریف — تیسرا تھا اُنمین صوفی ہم ردیف
باغبان کے آگیا دل مین نفاق — لیک اُن تینون مین دیکھا اتفاق
مکر سے صوفی کو کر اُنسے جدا — ملکے باقی دو سے خلوت مین گیا
اور کہا اک تم مین ہی عالم بڑا — سیّد عالی نسب ہی دوسرا
کون یہ صوفی شکم خوار خسیس — تا تمھارے ساتھ ہو وہ ہمجلیس
آگئے دونون بمکر باغبان — یار سے اپنے ہوئے وہ بدگمان
پھر اٹھائی باغبان نے چوب دست — جاکے صوفی سے کہا ای جو بد پرست
ہی تو کس پیر طریقت کا مرید — جس سے سیکھی ہی یہ چوری ای پلید
خوب مارا اُسکو تنہا دیکھکر — نیم کشتہ کرکے چھوڑا خاک پر
تب کہا صوفی نے یارون سے پکار — ای رفیقو اب ہو تم ہوشیار
مجھکو تمنے غیر جانا کیون بھلا — اس رفیق نو کے مکرون مین درآ
مجھپہ جو گذرا وہ ہوگا تمپہ بھی — فعل کی اپنے سزا لازم یہی

باغبان نے پھر بہانہ اور کر / بھیجا اُس سید کو یا سمت دگر

یہ کہا ظالم سے کہ اے باریک بین / تو ہو علامۂ زمانہ بالیقین

وہ جو ہے سید سراپا ہے غلط / خاندان میں اپنے نسبت ہے غلط

جو ہے سید ہے صدر فسق و فجور / عقل یا قیاس پر ہے اتنا غرور

ہے کمینہ زانی وہ بد خو غبی / جھوٹھ کہلاتا ہے وہ آل نبی

جبکہ تھا وہ باغبان بوالفضول / جانتا کیا قدر اولاد رسول

بالیقین تھا وہ نہ نسل انسان / جو کہے پاک کو ایسا بدگمان

الغرض پھر کھینچ کر دل اُسکا پھیر / دام میں اپنے لیا عالم کو گھیر

دام میں آ گئے ہوا جب وہ اسیر / تب کہا سید سے اُسنے کہ ای شریر

تجھکو ای بیکس نے دی چوری سکھا / باغ میں اس قصد سے جو آگیا

شیر کے بچے بھی ہوں شیر دل / تجھکو پیغمبر سے کیا نسبت ہو بول

مارنے اُسکو لگا پھر وہ پلید / تھا وہ گویا ثانی شمر و یزید

اُس شقی نے اُسپہ وہ بیداد کی / خارجی نے جیسی با آل نبی

اُسنے ظالم سے یہ رو رو کر کہا / مجھکو جو چھوڑا احمق تو نے کیا

جب تلک سید ترا ہمدم رہا / تجھکو اس بدذات سے کچھ غم نہ تھا

اے بہاتو نا سمجھکر کام کر | کوئی دم مین ہو شکستہ تیرا سر
کر چکا جب کام سب یہ کا تمام | تب کہا عالم نے اے بے ننگ و نام
کون ہے فتنے سے ہی جو بے ملال | ہاتھ تیرا کاٹتا ہون بے ملال
تو نے پائی کیا یہ خست از وسیط | یا ملاہی مسئلہ اندر محیط
پھر تو عالم نے وہی پایا ثمر | ہو گیا ضربون سے پارہ اسکا سر
بولا عالم ہی ہے میری سزا | کیون ہوا یارون سے مین اپنے جدا
اپنے یارون سے رہا ہی جو کہ دور | پیش آئے اسکو یہ جملہ فتور
جو حضور اولیا سے دور ہے | بارگاہ حق سے وہ مہجور ہے
جو نتیجہ ہے بھرا ہان عجم | کب ہے بہتر بادشاہان اس سے کم
سایۂ شاہان طلب کر تو شتاب | تا ہو اس سایہ سے بہتر زآفتاب
کیون بھٹکتا ہی یا بجا کہ بکو | جستجو کر جستجو کر جستجو
تا یہ مکان دو ستون سے نہ جدا | جہد کر اس بات مین کرتو نہ دیر

حکایت حضرت طیفور بایزید بسطامی کی

جب کہین جاتے سفر مین بایزید | ڈہونڈھتے دانا یون کو فرید
راہ مین دیکھا کہین جو ایک مرد | اسکو پایا اہل باطن ذل بدرد

ذات مین تھا اسکی مردون کا کمال | تھا مگر درویش وہ اہل عیال
روبرو اسکے ادب سے بیٹھکر | پوچھا بسطامی نے حال اے باخبر
پھر کہا اسنے کہ اے روشن ضمیر | ہی مجھے کعبے کا جانا ناگزیر
بولا وہ کیا زاد رہ ہی تیرے پاس | عرض کی دو صد درم ہی حق شناس
تب کہا کر طوف میرا سات بار | طوف حج سے اسکو نیکوتر شمار
رکھ مرے آگے درم وہ اے جواد | جان حج ہوکر ہوئی حاصل مراد
ہم بجان خدمت مری حمد خدا | تا نہ سمجھون ہی خدا مجھسے جدا
مانئے راحت ہی رنج جہان | رنج مین دنیا کے ہی جنت نہان
اے پسر او کلبۂ تاریک سرد | جا کر اسمین صبر با سختی و درد
چشمۂ حیوان جام عیش ہی | بادشاہی قسمت درویش ہی
دیکھ لے مخفی خزان مین ہی بہار | دے خزان کا یہ بہار آخر کو بار
در نعم مین ہی دے تجھے نت برگ ساز | کر طلب تو مرگ مین عمر دراز
نفس جو تجھسے کہے اسکا ہی بد | سن تو قول اس بد کا کر تو اسکو رد
کر خلاف اسکے کہ سب پیغمبران | یہ وصیت کر چلے اندر جہان
مشورت ہر کام مین ہی نفس [illegible] | تا ہے آخر پشیمانی سے دور

نفس چاہے ہے کہ تا ویران کرے | خلق کو گمراہ و سرگردان کرے
نفس تن ہی بلکہ ہے اُس سے بتر | کس لئے ان جز ہی ہے ہر جگہ شر
نفس سے کرتا ہے تو جو مشورت | کر خلاف اُسکے ہی میں ہے مصلحت
مشورت با نفس خود اندر فعال | جو کہے وہ ہو خلاف اُسکا کمال
تجھکو جو بیمار ہو مہلت نہیں | وہ دکھاوے صد مکر حیلہ
گرچہ لاوے وعدہ ہا سر ز کہ | سحر سے اپنے وہ باندھے ہر کہ
اے ضیاء الحق حسام الدین تو آ | کب اُگے شورہ میں بن تیرے گیا
حکم خذہا لا تخف تجھکو ہوا | ہاتھ اژدر ہاتھ میں تیرے عصا
ہان ید بیضا دکھا اے بادشاہ | کھول صبح نور شبہای سیاہ
حق نہیں پھر او باطل کے ہوا | ہے تقاضی حق سے انکھوں کو جلا
نفع سے دنیا کے ہے تو برکنار | زہر پی رکھ آب حیوان کا
ایمنی کو چھوڑ آفت کر مقام | چھوڑ دے ناموس سود اے امام
کہہ چکا ہوں عقل کا میں امتحان | بن گیا دیوانہ و شیدا اندر جہان
آگ پانی خاک و باد و شور و شر | بے خبر ہم سے خدا سے با خبر
بر خلاف ان کے ہیں ہم ناہ بکار | حق سے غافل اور سب سے ہوشیار

[illegible]

اہل دنیا نے بغیر از علم بل	کیا خریداری کرے کا ...
مشتری ہیں ...	کیا تجھے ... غنیمت ...
... تفسیر آیت ...	
... ہمت ...	لطف سے اپنے خدایا فضل کر
... نفس کی ... بچا	تا کہ ہو نفس کا کیا بد ...
چونکہ ... تو بزرگ ...	ملتجی ... ای رب شکور
سہل ہے دنیا کا سارا رنج و تاب	آخرت کا سخت ہے رنج و عذاب
ایک لوگوں نے کیا ہے اجتہاد	قہر سے رکھا ہے تن کو نامراد
رنج سے ...	کر لیا ... ریاضت اختیار
جو کہ ہے بیدین ہے وہ راہزن	کیونکہ بیدین ہے کھاتا ہے ان کا
جبکہ بیدردی تھا فرعون پست	عاقبت بولا انا وہ خود پرست
یہ انا فرعون کو لعنت ہوا	وہ انا منصور کو رحمت ہوا
یہ انا بر وقت کہنا تھا صواب	وہ انا بیوقت کہنا تھا عذاب
اسلیے ہر مرغ بے ہنگام کا	کاٹنا ہے تیغ سے واجب گلا
نفس کو اپنے اگر تو قتل کر	جسمیں حاصل ہے نیکی کا ثمر

[illegible]

جبکہ ہو اس نفس عقرب سے خلاص	قرب سے حاصل ہو تجھکو اختصاص
مار کے چہرہ زہر و انتون کو نکال	تا نہ کاٹے تجھکو اپنے حسب حال
گر نہ مے مار نفس کو جز اولیا	تا تجھے دیوے کر انکار ہا
راہبر پایا تو ہو یہ توفیق حق	لطف غیبی سے ہو حاصل یہ سبق
یار ہیت از ہیبت ہیبت جہان	جو کہ رکھے جان ہو وہ بن جان
ہے وہی گیرندہ دست ہر و با	دمبدم تو اس سے ہو امیدوار
دیر میں حق سے ملا تو غم نہیں	دیر سے ملتا ہے رب العالمین
دیر سے کرتا ہے رحمت کردگار	تجھسے کب غافل ہے وہ پروردگار
تو جو چاہے شرح وصل و ہم ولا	پڑھ ذرا تفسیر سورۂ والضحیٰ

جواب سائل کا کہ جب نیکی و بدی حق کی طرف سے ہی تو پھر عبادت بے سود ہی

جو تجھے وسواس ہی یہ تو اگر	نیک بد کا ہی خدا مختار و رب
چاہیے کیوں مجھکو کرنا اجتہاد	جو نہیں تقدیر میں نیکی مراد
سچ کہا لیکن ہی اسکی اک مثال	یہ نہیں نقصان فضل ذو الجلال
جو لکھے نقاش نقش خوب و زشت	صورت مسجد بناوے یا کنشت

دونوں استادی پہ ہیں اسکی گواہ | اسکو ہے فن میں کامل دستگاہ

تا ہو ظاہر اسکی دانش کا کمال | منکر استادی پہ اسکی ہے وبال

جو ہنر مشقی ہے اسکو دسترس | اسکی استادی میں نقصان ہے وبس

جبکہ وہ حکمت میں اپنی طاق ہو | مومن و کافر کا وہ خلاق ہے

بندگی میں اسکی ہیں دونوں بہم | فرق ہے دونوں میں یہ بیشی و کم

اہل ایمان دل سے سجدہ میں دوتا | سجدہ کافر ہو جبری بر ملا

حق نے تجھ پر جب کیا فضل و کرم | بندگی اسکی کرو پھر دمبدم

ہم میں مخلص پاک ہیں ہر یہ ادا | ہیں اسی درگاہ کے ریزہ ربا

جو جمال حق سے ہو جویای نور | اسکی خدمت میں ہی جانبازی ضرور

جب چراغ امتحان روشن ہوا | سیکڑوں عشاق کو مارا جلا

اے دل اس ماتم میں جا کر قرار | جو کرے آفت سے تجھکو سنگسار

عشوۂ اہل جہان ہیچ زن | مت پذیرا کر کبھی یہ مکر و فن

دین اگر دشنام بھی کاش تجھے | ناقصوں کی مدح سے خوب ہے

پرورش میں تن کی سب کمال | گر چہ کار دین کا بھی کر خیال

کسب عقبی کے جو آوے بکام | گنج بخشش کا بتاوے وہ مقام

حق نے فرمایا کہ دنیا کا ہے سب	بازیٔ اطفال سے کچھ نہیں بڑھ کر
کسب نقش یہ ہے سرا	نفس کی خواہش ہے

بیدار کرنا شیطان کا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو

اب اتو یہ حکایت گوش کر	تا شنید تو مکر شیطان
یہ روایت ہیں کہ خال المؤمنین	سوتے تھے قصر میں اک شب
تھا بندھا دروازۂ قصر امیر	جس سے تھی آمد شد رہ گیر
ناگہاں اک مرد نے اُن سے کہا	جاگیے وقت نماز آ گیا
جب اٹھے دیکھا کہ کوئی ہے نہاں	رہ پڑا وہ کر رہا تھا وہ نہاں
اس سے پوچھا کون ہے کیا نام ہے	بولا وہ ابلیس نام فرما ہے
آپ کو کیوں جگا جگا دیا	باعث اس بیدار کرنے کا بتا
یہ تری آواز ہے یا بانگ صفیر	بانگ مرغان ہے نہیں ہے مرغ گیر
جو ہزاروں عشق کی رہزن ہوئی	مرغ تو ہے ... کہ ہے یہ دوستی
جس سے سینہ اندر ہوا بانگ صفیر	ہوں فریفتہ سچا مگر ہوں اب اسیر
تجھ سے قوم نوح ہیں نوحہ کنان	دل کباب و سینہ آتش دل طپاں
عاد کو تو نے کیا برباد ہے	اندر آتش کر رہا فریاد ہے

رجم قوم لوط بھی تجھسے ہوا | کیا وبا آنکو عقوبت میں پھنسا

مغز نمرودی ہوا تجھسے تو گکا | تجھسے سو فتنے ہوئے ہیں آتش کا

عقل فرعونی کی فیلسوف | تیرے باعث سے ہوئی ہے بیوقوف

بولہب بھی تجھسے نا اہل ہوا | بوالحکم بھی تجھسے بوجہل ہوا

ای کہ یہ شطرنج کھیلی تونے کیا | اوستادوں کو دیا تونے ہرا

راہزن کب چاہتا ہے بہتری | مکر یہ تیرا انہیں ہے سرسری

راہزن کب ہو سکیگا راہبر | مکر یہ تیرا انہیں ہے مختصر

گو کیے شیطان نے عذر بیشمار | پر نہ مانے آپنے وہ زینہار

اور کہا سچ بول تو ای فتنہ زا | تا کہ ہو تو چھٹکارے میرے ہا

ای سگ ملعون تونے میرا جواب | راست کہہ مت کہہ دروغ ناصواب

مجھکو کیوں بیدار تونے کردیا | تو ہو بیداری کا دشمن برملا

تب کہا شیطان نے اُسسے ای امیر | اسلیے میں نے جگایا کر صفیر

فوت ہوتی آپکی جو اک نماز | آہ یہ آکرتے بصد سوز و گداز

آپ کا وہ آہ و نالہ فکر سے | نیک تھا وہ سو نماز اور کر سے

اسلیے بیدار میں نے کردیا | تا نہ ہو تو مستحق اس فضل کا

ل قوم لوط علیہ السلام [illegible]

مین ہون حاسد ہی حسد میرا شعار — ہین عدو ہون دشمنی تیری کار

سنکے فرمایا یہ تو نے سچ کہا — تو ہی ہی اندازہ ...

تو ہو مکر ہی ہر کس تیرا شکار — مجھسے اپنی سگ نکرو ...

کام جو تیرا ہی ابر نفس — انگبین ... مگس

جو بلا کو ہی بسو سے انگبین — ...

یہ ترا بیدار کرنا خواب تھا — بیش کی کشتی کو گرداب تھا

اسلئے اس خیر پر تو نے پڑھا — خیر بہتر ترسنے تا دیوے ہٹا

مثال کجروی کی نسبت فعل ابلیس کے

جیسے کوئی شخص گھر میں ایک چور — دیکھ دوڑا اسکے پیچھے زور زور

ملے کیے اس مرد نے میدان چند — تا کرے اس دزد و شاطر کو بند

دوسرا اک چور لاکارا پکار — دیکھ آثار اس طرف یہ چال زار

مرد سمجھا ہو کہین دزد دگر — ہو نہ وہ اس جا ن تو ہو پیچاو ضرر

وسوسے ان ہوا اٹھانے پر پلید — مارنا اس چور کا پھر کیا مفید

یہ مسلمان مجھکو از رہ کرم — ہو بلاتا سو تیجھے ندم

اس توقع پر کہ ہو یہ نیکخواہ — چھوڑکر اس دزدکو آیا براہ

اور کہا اے یار تو کیا ماجرا	کس لیے کی تو نے مجھ سے یہ ندا
بولا وہ یہ دیکھ آ کر اے سیاہ	چہرے کے کیا ہیں تکا تو اے نشان
تب کہا اسنے کہ کیا احمق ہے تو	پڑ گئے تھے یہ کیا ہی نشان
شرم خالی ہو تری یہ کیا بھلا	کیا نشان ہیچ تحقیق یار تھا
بولا وہ میں عشق سے بیتاب ہوں نہاں	میں ہوں گا تو تحقیق یکجا
بولا تو طرار ہو یا ہے تو تو	بلکہ تو خود دین تری ہے
کھینچتا تھا پور کہ میں کشش کا نشان	تو نے چھیڑا کہ کہا یار نشان
تو جہت کے ہیں ان اشش جہات	وصل میں کہا آپ کیا ہے بات
شمع دیکھے ہر وجہ بیصفات	[illegible]
غرق ہیں جو ذات حق میں سر بسر	کب رہے ان کو صفات اور نظر
سر ترا جو جب کہ اندر عصر جو	کب نظر آوے تجھے آپ کو
طاعت عامی گناہ خاصگان	وصل عامان ہے حجاب کاملان
جو کرے دستور کو شہ محتسب	شہ عدو اسکا ہو بیشک بے سبب
شاید اس سے کچھ گنہ صادر ہوا	بے سبب کب تغیر بھلا
شہ جو تجھکو آستان پر لے بلا	پھر نکالے آستان سے بر ملا

جان ان تو تجھا ہوا تجھسے گناہ	جہل سے تو پیش لایا جبر آہ
تشنہ ای تجنے کان خجل	عقل ستا اپنی …

قصہ بگیرا اندر کجروی منافقان وہ مسجد ضرار بنانا انکا

یک مثال دیگر اندر کجروی	آیت قرآن سے سن تو ای اخی
اسطرح کجبازی بے جفت و طاق	کھیلتے تھے بانی اہل نفاق
از برای عز دین احمدی	کی بنا مسجد کی تھے وہ مرتدی
تھی یہ کجبازی ارباب فتور	ایک مسجد کی بنا با مکر و زور
فرش اسکو کیا زیبا نگار	ایک تفریق جماعت تھی بکار
پاس پیغمبر کے آئے سب وہ خر	چون شتر بیٹھے وہ زانو مار کر
عرض کی ای سرور والا ہمم	کر خرامان جانب مسجد قدم
تا مبارک ہو وہ تیرے نام سے	نامور ہو تا قیامت وہ بسے
مسجد و اصحاب مسجد کو نواز	تو ہے مہ ہم شب ہین کر تو سرفراز
ایک ساعت اسجگہ تشریف دے	پاک کر ہم سبکو اپنے فضل سے
نور سے تیرے ہو شب ہمچو روز	ای کہ تو ہے آفتاب دلفروز
ای دریغا دل سے ہو یہ تا سخن	تا بر آتی یہ تمنای کہن

سبب لطف بیوفایان تو نہ جا ہے وہ پل میان سنو مجھسے ذرا

تو ہی جاہل جو قدم اسپر دھرے ٹوٹ کر وہ پل قدم کو توڑ دے

چاپلوسی کی انھون نے جب کمال پیش محبوب خدا ای ذو الجلال

وہ رسول مہربان رحم کیش جز تبسم کچھ نہ لائے عذر پیش

شکر انکا اُس جماعت نے کیا ہو گئے دلشاد جو وعدہ سُنا

جبکہ آیا وقت جاوین جناب غیرت حق نے کیا اسد غم شتاب

حکم پہونچا تا نہ جائین وہ وہان صرف ہی اسحابہ مکر مرتدان

قصد انکا جز سیہ روئی نہین ڈھونڈھتے کفار ہین کب خیر بین

ہے دغل دو رخ یہ مسجد کی بنا ہے دغل انکا سراسر یا خدا

قصد ہے تفریق اصحاب رسول فضل حق کا کب شناسا ہو فضول

تا جہودی ایک لاوے از ملک شام وعظ کہلا اس سے ہو مغوی عام

سرور عالم نے فرمایا کہ ہان ابتو جاتا ہون غزا پر مین وہان

اس سفر سے جب پھرون اُسوقت پر جانب مسجد کرونگا مین گذر

دفع کر انکو گئے سوے غزا کھیلی اُن مکار سے نرد دغا

جب ہوے واپس تو وہ حاضر ہوے دیر دی ایفای وعدہ پھر ہوے

حکم آیا کہ محمد اُنسے صاف | ہے تمھاری آرزو یکسر خلاف
اے دغابازان فراموش ہو | تا نہ بولون مین تمھارے راز کو
جو نشان چند اُنکے مکر سے | درمیان لائے ہوئے نادم سے
پھر گئے شرمندہ ہو وہ قوم بد | حاشا للہ حاشا للہ دفع بخود
ہر منافق مصحفے زیر بغل | سوی پیغمبر پھر آیا بد غل
پر نہ رکھے مروج دین کچھ وفا | ہر زمان سوگند کو جو توڑتا
راستون کو حاجت سوگند کیا | کیونکہ ہین دو جسم اُنکے پر جلا
آپ بولے اُنسے یہ سوگند ہا | راست جا بون تا کہ سوگند خدا
پھر مکرر قوم نے کھائی قسم | ہاتھ مین مصحف لیے وہ سب ہم
کہ بحق این کلام کبریا | ہے بنا مسجد کی از بہر خدا
اسجگہ کچھ حیلہ اے سرور نہین | جز عبادت مطلب دیگر نہین
آپ بولے مجھکو آواز خدا | پہونچتی ہے کان مین ہمچون صدا
گوش پر تم سب کے ہے مہر الٰہ | اُس صدا سے تا نہ پاؤ انتباہ (یعنے آگاہی)
جب ہوا ظاہر کہ وہ مسجد نہ تھی | بلکہ تھا مکر یہودان شقی
حکم نبوی جلد تر صادر ہوا | تاکہ ڈھاوین مومن اُس مسجد کو جا

یعنی آنحضرت نے بیان کیا ... منافق ... بغل مین [illegible]

کام اپنا جانچ تو ای مرد کار	تا نہو جون مسجد اہل ضرار

وفای عہد اور تعظیم اہل دل کے بیان مین

اولیا سو گند سے بیزار ہین	دیدہ و دل انکے حق سے چار ہین
عہد شکنی ہو سراسر احمقی	بیوفا ہوتے نہین ہین متقی
راستی سے جبکہ ہووے فروغ	رحمت کی خاطر بدیر ابہو دروغ
جہوٹہ سن لین رب آکی امید پر	زہر کہاوین جب ملے اسمین شکر
قدر کی شب اور راتون مین نہان	تا کرین راتون کو سب بیداریان
کہ نہ سب ادیان کو باطل بیان	دام دل حق کے لیے ہین باطلان
حق کہا سکو تو یہ بھی احمقی	جو کہے ہین جملہ باطل ہو شقی
دیکھ نقش آسمان زرنگار	حق نے رکھا اسمین کیا کیا کاروبار
پس نگر راسکی جانب کر نظر	حق نے فرمایا کہ ثم ارجع بصر
گرم و سرد و رحمت و تکلیف و غم	جانب حق سے ہی نازل دمبدم
جوع و نقص مال و جانہا و ثمر	ہی طریق امتحان ہر بشر
ابتلا کا ہی ہمارے یہ سبق	تا جدا نامرد سے ہو مرد حق
خوش وہ جانب جسنے اپنے عیب کو	خود کو جو معیوب سمجھا وہ نکو

فکر مین آوے جو تیرے وہ فنا | فکر و اندیشہ سے باہر ہی خدا
اسقدر گستاخ ہی تو کیا عجب | جب سمجھتا ہی کہ کیسا ہی وہ رب
ناسمجھ تعظیم مسجد کی کرین | دشمنی اولیا دل مین دھرین
یہ حقیقت ہی وہ ہی یکسر مجاز | ہی نہ مسجد جز دل اہل نیاز
مسجد اعلی ہی قلب اولیا | سجدہ گاہ جملہ جمین ہی خدا
تا بدرد آوے نہ مرد حق کا دل | ہو نہ کوئی قوم رسوا و خجل
قصد جنگ انبیا ہی انکا طور | جسم دیکھا اور نہ دیکھا کچھ بغور
خلق پشیمان تو رکھتا ہی اگر | کیون نہین ڈرتا کہ ہو اسطور پر
آشناسون کا ہی تو عادات گیر | دل لوگ آوے درستا از دست پیر
سب سے بہتر دل کا رکھنا ہی نگاہ | تو خاصان خدا بے اشتباہ
جان ہی اس جسم ظاہر مین نہان | آستین تن لے تھی مانند جان
روح سے بھی عقل ہی پوشیدہ تر | تن ہوا جنبان تو جان آوے نظر
دیکھکر جنبش کو جانا زندہ ہی | یہ نہ جانا عقل سے آگندہ ہی
روح وحی اسکی بھی مخفی تر ہوئی | عقل سے ہو جو نہ متمیز کبھی
عقل احمد ہی سبھون پر آشکار | وحی کا لیکن ہی مخفی کاروبار

ہی جہان محدود بے حد ہی خدا — کل شیء غیر وجہ اللہ فنا

ہی نہیں ان کفر و ایمان یہ جہان — پوست ہی دو رنگ وہ ہی مغز جان

یہ فنا ہی پردۂ ذات اِلٰہ — شمع کی فانوس مین ہی جیسے راہ

جان ہماری جان حیوان سے زیاد — کیسلیے قالوا بلی ہی ہمکو یاد

پھر زیادہ ہم سے ہی جان ملک — کیونکہ ہی کب اُنہین حس مشترک

جان اہل دل ملک سے ہی کلان — جو ہوے مسجود اہل آسمان

ورنہ کمتر کو کرے بہتر سجود — کب وہ سمجھین اسے اہل شہود

کب ہی لائق پیش لطف کردگار — گل کرے سجدہ بہ پیش خاک و خار

بس تو اپنے مرتبے کو جانکر — سجدہ ہاے شکر کر شام و سحر

جو نہوتی خلق محتاج زمین — تو کبھی مخلوق وہ ہوتی نہین

بس تو ہی محتاج حاجت کر عیان — تا کرے حق فضل تجھ پر بیکران

گرچہ ہی تو دور تر خدمت سے چھٹ — ہو پشیمان کاہلی سے منھ نہ موڑ

تا کہ آوے جنت سے تجھے بھیجے نسیم — باندھ مت رحمت کو ای مرد لئیم

دوست بھی ہی اب تن کر تیز ہم — حیث ما کنتم فولوا وجہکم

جبکہ خنجر مین پھنستا کہین — ہے بلا ہے دست پا اُٹھتا نہین

اسمین بہتے کی نہین کرتا تلاش — جانتا ہو یہ نہین جاے معاش

عقل تیری عقل خر سے بھی ہو کم — اسلیئے دنیا سے دل تیرا ہے ہم

تجھکو اس کیچڑ مین ہے نا اہل تو — شب کو رہنے کا تجھے کیون میل ہو

ہو لیتا ہو حق نے رخصت دی تجھے — عاجزون پر لطف وہ اپنا کرے

دیکھ اپنا مکر و زور و فسق سب — روز ہیئے مصطفے شب بو لہب

روز عبد اللہ تیرا نام ہی — شب معاذ اللہ مست جام ہی

صورت انسان مگر باطن پلید — شکل آدم خصلت دیو مرید

ہو جہان گوہر بحر مثال — کھانے کہہ وہ خدا اعزاز جلال

جانتا ہی ہر بشر اپنے کو خوب — اہل اسے پوچھ تو اپنے عیوب

بندہ حق کا کیا کر عیب کم — شاہ کو جوہی سے مت کر تہم

آدمی ہی بادشاہ بحر و بر — بحر و بر اسکا ہی یکسر گذر

شہ نہین تو شاہ کا ہو تو غلام — تا کہ بخشے شاہ تجھکو احترام

مشکلم ہو گرچہ ظاہر مین بشر — دل ہی با یومی اتی دیدہ ور

گو ہر کے اندر تن اسکا ہی مگر — روح ہی اسکی سیالا جلوہ گر

اسکو تو بیکار و غفلت بنجان — آنکھ خوابیدہ مگر بیدار جان

چشم ہو بیدار تیری دل بخواب — دل جو سویا پھر کہان ہو فتحیاب

تمام شد دفتر دوم مثنوی شریف

[illegible]

خلاصۂ دفتر سوم مثنوی مولوی روم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حکمتین لشکر خدا کی ہین اندر زمین کے کہ قوت باقی ہین اُسنے
ارواح مردین کی اور پاک ہوتا ہی علم اُنکا شائبۂ جہل سے اور
عدل اُنکا شائبۂ ظلم سے اور جود اُنکا شائبۂ ریا سے اور حلم اُنکا
شائبۂ نادانی سے اور قریب تر کرتی ہین طرف اُنکے اُس
چیز کو جو دور ہی اُنسے بابت توجہ آخرت کے اور آسان کرتی
ہین اُس چیز کو جو مشکل ہی اُنپر طاعت اور اجتہاد سے اور وہ
حجتین انبیا علیہم السلام کی ہین اور دلائل اُنکے جو خبر
دیتے ہین اسرار خدا سے اور جملہ اُسکے سے جو مخصوص ہی
واسطے عارفین کے اور خبر دیتی ہین پھر آسنے اُسکے سے

فلک نورانی رحمانی کہ باستارگان روشن جو حاکم ہین اوپر فلک دخانی کُروی کے جیسے کہ بہ تحقیق شمس حاکم ہی اوپر صور توں ترابیہ کے اور حاکم ہی اوپر حواسوں ظاہری و باطنی کے پس گردش و دوران اس فلک روحانی کا حاکم ہی اوپر فلک دخانی اور کواکب اور عناصر کے فائدہ دیا اللہ تعالی نے اُس فلک سے اپنے بندوں کو اور زیادہ کیا اُنکی فہم کو اُسمین اور نہین سمجھتا ہی ہر قاری مگر اوپر اندازہ محنت اپنی کے اور نہین چلتا ہی چلنے والا مگر اوپر مرتبہ قوت اور رہنما اپنے کے اور فتویٰ دیتا ہی مفتی بقدر رسائی رائے اپنی کے اور تصدیق کرتا ہی مصدق بقدر قدرت اپنی کے اور بخشش کرتا ہی جواد کریم بقدر موجود اپنے کے ورحالیکہ شکر کرنے والا ہی واسطے فضل معظم اور قدر بزرگی اسکی کے پناہ چاہتا ہی خداوند تعالی سے خساست حظوظ نفس سے اور جو جاہل ہی طلب زیادتی کی کرتا ہی قلیل کی جو دیکھتا ہی بیچ نفس اپنے کے اور قلیل جانتا ہی کثیر عظیم کو غیر اپنے سے

اور مغرور ہی ساتھ نفس اپنے کے اُن چیزون پر کہ نہین جنا جو
اُنکا جانب حق سے اور اوپر جاننے والے طالب کے لازم ہو کہ
سیکھے اُسکو جو نہین جانتا ہی اور سکھاوے وہ جسے جانتا ہی
اور رفیق ہو ضعیف الذہن کا اور نہ غرور کرے اوپر ندبیضی
کند ذہن کے اور نہ غضب ہو اوپر عاجز الفہم کے کیونکہ ایسے ہی
تھے تم پہلے احسان کیا اللہ نے اوپر تمھارے پاک ہی وہ اللہ جو بری
اقوال ملحدین اور شرک مشرکین اور نقص ناقصین اور اوہام متفکرین
اور کیفیات باطل متوہمین سے پس واسطے اُسکے ہی حمد و بزرگی
تمام اوپر تلقین کرنے کتاب مثنوی الٰہی ربانی کے وہی توفیق
دینے والا اور فضل کرنے والا ہی اور درود اوس اللہ کا اوپر محمد مصطفیٰ
صلی اللہ علیہ وسلم کے اور اوپر آل طہار اور صحابہ قارئین کے الی یوم القرار

ای ضیاء الحق حسام الدین شتاب	آکہ دختر تیرے سے ہے حجاب
کھولدے گنجینہ اسرار کو	گوہر اسرار کر انبار کو
ہی تجھے قوت بحول کردگار	اس کو دے سے نہین تو ستو وا
ہی جو روشن یہ چراغ آفتاب	تیل بتی سے نہین ہی اُسکی تاب

قوت جبریل مطبخ سے نہین — بلکہ فیضان رب العالمین

ہین ترے ایسے ہی بہتر جمیل — ناز سے تجھ پر ہوگئی نار خلیل

ہے وہ آتش تجھ پہ بھی برد و سلام — ای ضیا تجھ سے ہے نور خاص و عام

ہین عناصر مایۂ ہر یک مزاج — طبع تیری برتر از اہل مزاج

اور یہ عنصر ہے فقط خلق — شکر آیا نہ رکھے خلق حلق

ای ضیاء الحق ہے عالی ہو گا — خلق بخشے سنگ کو حلوا ترا

لقمہ بخشائی کرے ہر کس کو — خلق بخشی کار مردان ہی و بس

خلق بخشے جسم کو اور روح کو — خلق بخشے جملہ اعضا کو بکو

ہو عطا جسکو اجلالی ہو تو — ہر دو عالم زور سے خالی ہو تو

ہر کسی سے تا نہ کہہ سر شہان — کھو سکے قند کو پھر تو نہان

ہو نہ کہنا روا سر جلال — ہو جو سوسن سو زبان رکھے جو لال

خلق بخشے خاک کو لطف خدا — تا کہ بے پانی اگائے صد گیا

ہر غذا کی پھر غذا ہے ای لبیب — آکل و ماکول ہیں یہ سب بگیر

یہ جہان سب فانی و برباد ہی — وہ جہان باقی و خوش آباد ہی

یہ جہان سب آکل و ماکول ہی — وہ جہان سب قابل و مقبول ہی

جسم ہی وہ اک ہے آب حیات | تا ابد باقی رہے ہو بے ثبات

جو جنین ہے یہ سخن کوئی کہے | ماسوا اسکے جہان اک اور ہے

وہ جہان جسکا کہ نہیں سکتی زبان | تو پڑا کیون ظلمت مین بہر امتحان

وہ کہیگا سب یہ باتین ہین غلط | جای عشرت ہی شکم یا در نقط

جنین جسکا جسنے جو دیکھا نہین | لا سکے وہ کسطرح اسکا یقین

ایسے ہی عقبی سے تو منکر ہوا | جب شنا ابدال سے وہ ماجرا

لیس معنی حرص اس جہان کی ای عزیز | تجھکو پردہ اس جہان سے کر تمیز

اس طمع نے کر دیا ہی تجھکو کور | تجھپہ کرتی ہی یقین مخفی بزور

پنجہ پیرون کا پذیرا ہو بجان | تا ہے آفات سے اندر امان

اولیا مقبول حق ہین بالیقین | حاضر و غائب ہین سب کے ناظرین

دیکھ تو یک جیب سے موسی نے کیا | کر دیا فرعون کو بے دست و پا

جیب کا کون تکیہ ہوا ای بوالہوس | بلکہ ہو اُسنے غافل یکنفس

عمر تیری لیئے زر کے شمال | ہو گیا جو صرف پھر پایا محال

لوٹ مت ہو زاک تھر آکھاڑ | دیکھ اک مدت مین خالی ہو بہا

جمع کیا چاہے منہ رکھو ترنگ | مت فراہم کر تو اسکا چپ و دنگ

ہستی حق مین جلن اپنا بنا | دفن کر اسمین انانیت کو جا
دل کو اپنے درد دلبر مین جلا | تب بقا سے اُسکی پائے تو بقا
دولت عظمیٰ ہی درد ای دوستان | تا کرے یاد اُسکی با اشک روان
نالۂ بیدرد ہی افسردگی | درد سے نالہ کو ہو دل بردگی
حق نے دی فرعون کو دولت تمام | تب کیا اُس خام نے دعوی خام
عمر بھر پہچانا اُسنے درد بر | حق سے غافل ہو گیا وہ بدگہر
کی نہ یاد حق بآواز حزین | کیا ہی خدا ہی مستعان نعم المعین
عاقبت کیسا گیا وہ بد نہاد | دولت و حشمت سے اپنی نامراد
گر یہ اک دولت ہی کر اسکا حصول | نور رحمت تا کہ ہو تجھپر نزول
نالۂ سگ کو وہان بھی ہی شرف | فضل سے حق کے ہی وہ بھی بہرہ ور
جب سگ اصحاب کہف پُر وفا | نیک کردارونکی صحبت مین گیا
عارفانہ غار پہ بیٹھا وہ جا | جام لطف ایزدی اُسکو ملا
ہین بہت سا سگ پرست جنکے نام ہین | پر نہ روبک غذا وہ خام ہین
واسطے اس جام کے تو جان دے | پر بدون صبر و محنت کب ملے
پائے اس دولت کو تو کب ای مہج | صبر کر ہی صبر مفتاح الفرج

کاہ ہی وہ جو اوڑے اندر ہوا
باد کی تجھ سے حقیقت کو دکھا

غول ہر جانب بلاتے ہیں تجھے
شے نہ تھا جھکو بلاتے ہیں تجھے

تجھسے کہتے ہیں کہ ہم تیرے شفیق
راہ میں تیرے ہیں ہمجوار و رفیق

پر نہیں ہیں وہ ترے یار و معین
اُنکے مکروں میں نہ آجانا کہیں

یہ نہ تیرے یار ہیں نے غمگسار
بلکہ ہیں حق میں ترے جوں گرگ ہار

مت در اس مکر میں آ تو ہوشیار
اُنکے مکروں سے تو ہوگا سخت خوار

اُنکی دعوت ہی بلاشک دلفگار
جوں نفیر صید گیر اندر شکار

حزم سوء الظن ہی ارشاد رسول
ہر قدم کو دام جان او دیو الفضول

روی صحرا گو ہی ہموار و فراخ
ہر قدم ہی دام مت جا تو گستاخ

وہ کہ جو گستاخ تر آئے یہان
دیکھ اُنکے کلہ ہا و استخوان

جبکہ گو سنتا نہیں اُن سب کے تو جا
ہڈیوں سے اُنکی پوچھ از ما مضی

تا کہ ظاہر ہو کہ وہ مستان گور
کسطرح پہونچے بچاہاے غرور

چشم جو رکھتا ہی کورانہ ندا
جو نہیں ہیں چشم لے تو اک عصا

اُس عصای حزم و استدلال کو
جو نہیں ہیں چشم کر تو پیش رو

پاس تیرے جو نہیں ہی وہ عصا
بے عصا کش ہو نہ ہر رہ میں کھڑا

ہیچو کوران گم زن ہو تو ورا	سنگ و چہ سے تا رہیں محفوظ پا
از لبان پاک سے وہ بنیا کہ	تا گرے شاید نہ وہ اندر مغاک
ہو کہ پیکر دوست ناری ہوا	ڈھونڈے لقمہ لقمہ ماری ہوا

قصہ اہل سبا و ناشکری و طغیان انکا اور بیان شکر و وفا کا

کیا سنا نا قصۂ اہل سبا	یا کہ جا پا بند تھا جز صدا
حق نے بخشا تھا انھیں بس فراغ	ستونہ اردن قصر اونہا و باغ
شکر نعمت کا فرض ہے وہ بد رگان	یا وفا کمتر ہے لائے از سگان
کیونکہ در سے سگ کو جو لقمہ ملے	روز و شب ولادہ اس در کا رہے
پاسبان در ہو وہ لیل و نہار	گو کہ ہوں اسیر جفا میں بار بار
ہو اسی در پہ اسے پاس و قرار	غیر لقمے پر نہ جاوے زینہار
جا کہ گر اسے جو لقمہ طلب	اور سگ اس کو سجا کے دین اسکو ادب
جاؤ ہینا ہو تیرا اول مکان	حق ہے اس نعمت کا تجھ پر بیگمان
تو جو اول اول سے وزرہ	آچکیان ہی ہے دانش فروز
حرص سے اس کی پھر کرے	ہر دکان کے گرد کیون پھرنے لگا
در پہ تو اون پھرتا گیوں کے ملا	کس لیے نا نقد ہی با حرص ہوا

چرب وہ ہو جسم فربہ تر یہ جان — کام ہووین تیرے بھی بہتر یہان

صومعہ عیسیٰ ہو خوان اہل دل — چھوڑ اسے اُن چرب [illegible]

جمع آنا اہل آفت کا اوپر در صومعہ عیسیٰ علیہ السلام کے واسطے طلب شفا کے بدعا اونکے

جمع ہوتی تھی ہر جانب سے خلق — از ضریر و شل و لنگ و اہل دلق

صومعہ عیسیٰ کے اوپر ہر سحرگاہ — تا دم اُنکا سب علل سے ہے بنا

جبکہ ہوتا ورد سے انکو فراغ — چاشتگہ آتے برون وہ خوش دماغ

ہاتھ اٹھا کرتے تھے تو سے یہ دعا — حاجت ان بیچارگون کی ہو روا

پاکے صحت جملہ ہوتے تھے روان — سوی خانہ چہ کہان و چہ مہان

آزمایا تو نے اکثر وقت ہو — ایسے لوگون سے ہوئی صحت

ناسپاسی و فراموشی زیاد — ہوگئے آئی وہ عسل نوشی زیاد

لاجرم تجھ پر وہ وابستہ ہوا — اہل دل کا جبکہ دل خستہ ہوا

جلد انکو پاکے استغفار کر — ابر آسا گریہای زار کر

باب اول سے جو پائے لقمہا — حق گزاری کرنہ کر اسکو رہا

جا اسی در پر نہو گم سگ سے یار — کہف کے سگ کا تو ہوتا ہمقطار

جب سگان مین تھا صحابی سگ ہو پر	تا ہوئے وہ اولین سے نفور
کیونکہ انمین تھی وفا بھی غار کی	پھر نہیں ہے کیون وفاداری تجھے
جب وفاداری ہے کتون کا شعار	کیا ہو تو ننگ سگان او بے وفا
نورگی جا نور ہو پا نار نار	جا بجا گل ہو گل سجا ہی خہا خیا
نیک تیرا یار بالای فلک	یار فاسق ہے ترا زیر سمک
تو رہا ہو درمیان ہر دو آن	بے مدد چون آتش اندر کاروان
دومین اسکا تمام اے یار دیر	ہے منزہ جو کہ از بالا و زیر
ہو نہ چون عیسی بگردون جاگزین	ہو نہ چون قارون تہ قعر زمین
ساتھ تیرے ہو مکانمین بیگان	ظلم کو تیرے وفا سمجھے یہان
جو جفا لا تو وہ سمجھے گوشمال	نقص سے لاوے تجھے سوے کمال
درد کو چھوڑا روش مین تقی نے یار	اسلیے ہے قبض تجھپر رنج و بار
قبض جو دیکھے تو کر اسکی دوا	تا در آوے بسط تجھپر بر ملا
بسط نے کھے اس شجر کو آب سے	جو بر آوے میوہ با اصحاب دے

باقی قصہ اہل سبا کا

مردم اس بستی کے تھے از بسکہ خام	کام انکا کفر نعمت تھا تمام

اہل سبا کے کہ تو عذاب بھیجا اور اون کو بھی عذاب کرے ۱۲

کفر نعمت جو ہی اندیشہ ال	جو کرے محسن سے تو اپنے بدال
جبکہ گذرے حد سے ایذا کی	بولے خوشباش جو تمہیں ہو وبا
ناصحان پر نصیحت جن کی ہے	مانع ناشکری و طغیان ہوے
سب نے انکے قتل پر باندھی کمر	تخم کفر و منافقی بویا مگر
ہو جہان تنگ آئے جب حکم قضا	ہو قضا سے رنج جلد ابر بلا
پس اذا جاء القضا ضاق الفضا	تحجب الابصار اذا جاء القضا
جب قضا پہونچے تو ہو سب چشم بند	تا نہ دیکھے چشم عقل نیز پسند
الغرض ہو گئی انھیں ایسی سزا	ہو گئے وہ پایمال اندر بلا
جو غرض انکے لیے کھودا تھا چاہ	گر گئے خود اسمیں وہ گم کردہ راہ
ہمنشین یوسفان کرتے تھے چاہ	ہو گئے پاداش میں خود مبتلا
کون وہ یہ مثال حق جو ترا	ہیچ قیدی بستہ اندر گور
وہ مبادر صر نالان ہو وہ پیش خدا	تاکہ پہونچے سے تیر شہ
حق کے آگے اس سے تو اندک صبر کر	داد لوے تیری یا بین نہ تجھ پر
دوست تیرا فی الحقیقة ہے خدا	ما سوا اُسکے ہین آفات و بلا
ہو حق حق تجھ پہ واجب لا کلام	ہو وفا باطل سے نا واجب تمام

بعد حق کے ہے حق اُم و پدر | جسنے آیا اس جہان مین تو بدر
حکم ہین حق کی ہر دن بجا | تب ہوئے ماں باپ تجھسے مقترن
ہے حق مادر حق پدر سے زیاد | جو نہ مانے تو اسے ہووے آزار
تو فدائی ہو فدایان ہو رہا | حق کو بھولا تو ہے ابلیس بے وفا
جای عبرت ہے کہ جو مخلوق ہی | سر جھکاتا ہی تو ہر دم سپاس
سر جھکا اس اپنے مالک کے حضور | جو کہ ہے بخشندۂ جان و شعور
ہے وہی تیرا معین و مستعان | لامکان ہر مکان مین ہر زمان
از رہ قرآن جسکا ہے فرمان یقین | کسکو اسکے حکم سے یکدم گریز
آسمان بھی جسکا قضا بدلائے سر | ہون تمامی اہل دانش کو زکر
دانش وہ ہے جو ہووے یار حق | ورد کا اسکے پڑھے ہر دم سبق
سنج ہے اک گنج دولت بیگمان | پر سمجھتے ہین اسے کب کودکان
کھیل کا اطفال جب سنتے ہین نام | دوڑتے ہین جیسے خوش ان کا کام
اے خزان کو ہے اس مدت نما | منتظر دشمن ہین کرنے کو شکار
غفلت سے پیری ہوئی تجھپر عیان | ہو گئی عمر جوانی رائگان
نما لگا سے برآ دل صاف کر | کچھ نہین حاصل ہے دنیا کا ثمر

دل ہی اب خانۂ آباد ہے | دل اگر ہشیار ہو تو شاد ہے

سیر دل کر دل ہو ظرف لایزال | دیکھ کیا کیا اسمیں ہیں نگین بہا

کانٹک کو مت جا کہ ہوگا بیخرد | جو گیا اسمیں تو ہوگا خلق رد

جو کرے اک ذرہ میں مقام | اک مہینے تک رہے وہ عقل خام

جو رہا دہقانیوں میں ایک ماہ | عقل ہو تا زندگی اسکی تباہ

فائدہ تجھکو سفر میں ہے زیاد | پائی یوسف نے اسی سے مراد

ملگیا محبوب شیریں لب جسے | پھر بجا ہی خار ہے گلشن اسے

ہیں بہت حال مسکیں خارکش | تاکہ ہوا اک شب وصال ماہ وش

جسنے سودا اپنے گلرخ سے کیا | خارکش اسکی محبت میں رہا

عشق ہے اسکا حقیقی لامحال | جسکو ہو اک ذات کا ہر دم خیال

اسکا کیوں سمجھے ہے تو سودائے خام | جو کرے کچھ چند مرقد میں مقام

عشق اس زندہ کا کر تو اختیار | جو نہو ہرگز کبھی خاکی فرار

عشق تیرا ہی ہوا اس حق جو دیر | وصف حق ہی اسمیں جیسے مس تو زر

دوستو صورت سے گذرو تم اگر | پھر تو ہے گلزار جنت سر بسر

اپنی صورت جو شکستہ کر سکے | صورت گل توڑنا پھر سہل ہے

مشکل پڑا ہے تو جو تو ذرے سے گر
ہوں تعلق توڑا کہ یا تیرہ ہو

دیکھ گیا راہ و صحرا میں شبستان
ہو یہ اسکی راہ میں مصطفیٰ

مصطفیٰ جو ہے تجھے جوان تھا
اسکا رجہان نظم اقرآن تھا

مرد اہل دل کا ہو تو خاک پا
فرق پر شاہوں کے رکھنے سے

خسروان خاک سے کیا پاتے تو
ہوں نگہ پڑا کے س طرف

طالب حق ہے جو کوئی ہے
اسکے لاکھوں ہتھان میں ہیں بپا

جو نہیں ہوتے ہیں تو میاں
کاملین لیتے ہیں سکا امتحان

امتحان ہوتے کا کہاں ہے
ہر نفس جنگ میں ستم ہے

امتحان ہر ہر کا ہے
ہر نفس ستی کرتا جنگ

دیکھ پہنا کر نفس کو ذرہ
قید ہے دیکھے گر زخم کہ

ست ہی ہشیار کا
شب کو رہتا ہے وہ با جان تباہ

مرد حق کا مرتبہ ہے کہ
صور اسرافیل سے بھی بیخبر

بادہ حق سے تر
نوش کرتا ہے تو وہ فرغ

خود کو سمجھا تو جنید و بایزید
میں تیر سمجھا تھا ہوں اور کلید

ہر زبان سے جبکہ تو ید تر ہوا
تو شریک رہزنان یکسر ہوا

ہے جو گریہ ہوش و پیر اشکار
ہو مجھے حق پی تو آ کر شیر بار

کیا نہیں دیکھا کہ قرب اولیا
کیا کرامات ہیں جو تو نے بھر دیا

ہاتھ میں جو اُن کے آہن ہو موم
ہاتھ میں تیرے ہو موم آہن بشوم

تو غنیان خام سے کچھ نوش کر
ہے عبث مستانہ وش جنبید سر

چکھیاں کھاتا ادھر ہے اور ادھر
وجد میں ہو جیسے کوئی باخبر

راہ فانی اور ہے اے بو الہوس
جان کنی بیہودہ کیوں کرتا ہے بس

بادہ حق اولیا کو ہے روا
طور دیگر پکڑ ہے سر تا بپا

جو یہ مطلب ہے کہ خلق آوے بدام
ہے یہ مجازی تری پکڑ حرام

خوب تھا جو عیب اپنا بولتا
تا تجھے دیتا طبیب اُس کی دوا

جو کیا مخفی تو بارے ہو خموش
کب تلک کھیگا مکاری کا جوش

کیا نہیں فرعون کا قصہ سنا
جاہ و مکنت جب اُسے حق سے ملا

جسنے یہ دیکھا اُسے سجدہ کیا
بس اُسی افسون نے اُسکو کھا لیا

مست آیا وہ گدائے ندہ پوش
باسجود خلق و ہم بابان مجنو نوش

مال مار آیا کہ اُسمیں زہر تھا
ہوگیا وہ سجدہ اُسکو اژدہا

ہاں ہاں اے فرعون نا موسی نہ کر
تو شغال اظہار طاؤسی نہ کر

سوئے طاؤسان اگر پیدا ہوا	جان تو پھر سخت تر رسوا ہوا
موسی ہارون جو چون طاؤس تھے	جلوہ انداز اشبہ و جسم تھے
ہو گیا وہ زشت و رسوا تر کمال	سرنگون ہو کر پڑا از اوج و بال
آہ سگ پر حرص گو ہے بتر	مست ہے تو پوستین شیر نر
نعرہ شیری کا چاہے امتحان	شکل شیر و حملہ اخلاق سگان
ای شغال بے جمال و بے کمال	تجھ میں ہے نہیں طاؤسی بال
کہ نہیں فرعون ہے تو جان ہے	لیک تو فرعون بے سامان ہے

قصہ حضرت موسی علیہ السلام و فرعون کا بطور تمثیل

عہد فرعونی جو تھی پر نقص خام	جو وہ سیکھا تھا و دیدہ تھا تمام
تھے منجم حکم میں اسکے ہزار	تھے معبر اور ساحر بے شمار
مقدم موسی کے دیکھے اسنے خواب	جو کریگا ملک فرعونی خراب
ہو مخاطب پوچھا با اہل نجوم	کیسے ہو دفع خیال خواب شوم
سب یہ بولے ہم کرینگے ہمیں غور	سدرہ اسکی کرینگے ہم بغور
جب وہی شب جو شب مولود تھی	رائے سب فرعونیوں کی یہ ہوئی
تا کہ اسدن لائیں ہم وقت پگاہ	سوئے میدان بزم و تخت بادشاہ

پس ہوا فرمان فرعون شقی کا | ہو منادی شہر مین با کنار
الصلا اے جملہ اسرائیلیان | شہ بلاتا ہے تمہیں جاؤ وہان
جلوہ گر ہوتا وہ تم پر بے نقاب | تم پہ سو احسان کرے بہر ثواب
کیونکہ تھا پہلے یہ حکم بادشاہ | تا نہ دیکھیں اسکا وہ روئے سیاہ
سن یہ مژدہ جملہ اسرائیلیان | جانب میدان ہوئے گیر روان
جا کے تا دیکھیں وہ روئے ناسزا | تا کرے کیا خاصیت اسکی لقا
پر غرض سے اسکی تھے سب بیخبر | حرص سے حاضر ہوئے وہ سر بسر
پس ہوئے پر جوش اسرائیلیان | صبح سے تا جانب میدان وہان
جب بمیدان انکو فرعون لیگیا | سبکو دکھلایا وہ روئے ناسزا
پھر کہا سب سے کہ اے اہل نیاز | سو رہو شب تم اسی جا با دراز
سب یہ بولے ہم ترے فرمان پذیر | جو کہے یک مہ رہین یہان جاگیر
شاہ پھر آیا شبانگہ شادمان | اور کہا امشب مع قرب زنان
خازن اسکا تھا جو عمران معتبر | شہر مین آیا مع آن بد گہر
شہ نے فرمایا اسے وہ تو بباب | ہو نہ امشب سوئے زن ہرگز شتاب
گو کہ تھا عمران ز اسرائیلیان | پر وہ تھا فرعون کا محبوب جان

نے گمان شہ کہ وہ عصیان کرے | بلکہ یکسر طاعت فرمان کرے
شہ گیا سو یا وہ در بستر اس | شب مشب آئی زن اسکی اسکے پاس
کھینچا عمران نے اسے اندر کنار | کی سپرد اسکو امانت آشکار
پھر ہوئے میدان میں وہ سدم نعرہ | جبکہ پہونچے زود بالائی ہوا
شاہ ہیبت سے ہوا دل بیقرار | ابھر آ پہونچا یہ کیا ہی شور زار
سمت میدان سے اٹھا کیون غلغلہ | بھاگتا ہی جسکو سن ہیبت سے دل
بولا عمران عمر ہو شہ کی دراز | قوم اسرائیل کو ہی تجھپہ ناز
باعطای شاہ کرتے ہیں طرب | کف زنان رقاص ہیں وہ سب کے سب
بولا فرعون ہو ہی شاید مگر | وہم و اندیشہ مجھے ہی سخت تر
لیک عمران کی بھلا کیا تھی مجال | تا کرے اظہار اسپر اصل حال
ہو گئی جب جفت عمران باردار | نجم موسائی ہوا پھر آشکار
رحم میں ہو جس پیمبر کا قرار | نجم ہو اسکا فلک پر تابدار
روز ہونے پر ہوا فرمان شاہ | تا کہ ہے عمران طرف میدان کے راہ
شور و غوغا کا کرے دریافت حال | رفع ہو تا رات کا دل سے ملال
جب گیا میدان میں عمران وہ تب | سب سے پوچھا تھا کیسا شور و شغب

طرف بادشاہ کے نہ گمان کی کہ وہ خلاف ... اطاعت ... نطفہ حضرت موسی علیہ السلام ... میدان میں ... آسمان تک پہونچا

... یعنی ... عمران ... حاملہ ... علیہ السلام ... نطفہ ... آسمان ... صبح

ہر منجم سر برہنہ جامہ چاک ۔ [illegible]

تھے تماشا ان کے گویا سوگ کا ۔ [illegible]

سب کیا تم نے مگر افسوس آہ ۔ ہو گیا پیدا اب تمہارا پادشاہ

رات کو ظاہر ہوا انجم پسر ۔ جس سے ہوگا ... پیدا

بادل خوش شاد ہم ان سے نفاق ۔ گاہ کہتا آہ گاہے الفراق

گوش خوردہ ہوگئی جب یہ خبر ۔ ہوگیا غصہ سے تیرہ ...

بولا ان سب سے بغیظ اے خائنان ۔ اب ڈھونڈھو تمہیں ...

سالہا کھاتے ہو تم ملک و مال ۔ خلعت اور ادرار پاتے بے ملال

اسلئے تا جانکر روز جنین ۔ جان لو ... سب ...

کیا یہی تھا ماحصل علم نجوم ۔ ملک تھے تم یا ... مکار شوم

سجدہ کر بولے وہ سب انجم شناس ۔ دیو سے پایا جو ... گرت ...

سالہا کرتے تھے ہم دفع بلا ۔ وہم تھا حیران کہ جو ہم نے کیا

اب ہو لاچاری حمل آیا عیاں ۔ رہ گیا اندر شکم نطفہ نہاں

لیک استغفار یہ روز ولاد ۔ ہم نگہ رکھینگے اے شاہ قباد

جب کوئی لاوے شبیخون با قدر ۔ سرنگوں ہو کھائے سر ... خبر

نو مہینے بعد پھر وہ نابکار — تخت کو لایا میدان آشکار

پھر منادی کی بکیسر شہر سو — کا ہو زنان جو وہے باقی ہو بھر

جلد سید انہین مع طفلان جلد — بخششون ہے شاہ کی تا شاد

ساتھ لے لڑکون کو وہ جملہ زنان — خیمہگاہ شاہ پر آئین وہان

جب ہوئین سید انہین داخل وہ نگاہ — لیگئی لڑکون کو فرعونی سپاہ

کاٹ ڈالے حکم سے فرعون کے سر — جسقدر موجود تھے طفلان نر

پر زن عمران نہ تھی اسجا مقیم — جسمین سے متولد ہوئے حضرت کلیم

پھر بہر خانہ ہوئے مخبر روان — طفلک نوزاد کا تا دین نشان

ایک مخبر نے کہا عمران کے گھر — ایک ہی موجود زندہ طفل نر

جب درآئے گھر مین ایسا تب فتور — مان نے ڈالا تب آپ سے اندر تنور

حکم حق سے وہ پڑے اندر شرر — پر نہ پہونچا انکے تن پر کچھ ضرر

ندکران شہ نے کی تگ و دو — پر نہ پایا کچھ نشان طفل نو

پس ہوئے وہ انیس وہ جملہ ہمراہ — پھر ہوا اعمار کوئی بدنہاد

نوکروں نے پھر اٹھایا ماجرا — پیش فرعون پھر خبر خبر ہا

پھر ہوئے مامور وہ سو تلاش — بہر طمع اندک و دیہ معاش

گو ہوت کی اُن خیرون نے جستجو	تا کہ ما پیدا نہو اسکو وہ تاریک رو
مادرِ موسیٰ کو پھر حکمِ خدا	ڈالدے آگ میں اسکو نہ ہوا
نار اُنپر ہوگئی برد و سلام	پھر گئے خاسر و کفار لیام
پھر اُسے پہونچا یہ فرمانِ جلیل	ڈالدے موسیٰ کو اندر بحر نیل
رکھ تابوت اُسکی مادر نے اُسے	نیل مین ڈالدیا آخر اُسے
ملک کا فرعون کے تھا پایان نہین	لیک پایا اُسنے خبر نقصان نہین
بے شمار اون طفل کو مارا برون	پر تھے موسیٰ اُسکے گھر کے اندرون
مارتا تھا خبط سے ہر جا جنین	مکر سے وہ کور چشم و دوربین
اژدہا تھا مکرِ فرعون عنید	جسنے کھایا مکر شاہون کا وجود
بڑھکے فرعون سے وہ لے آیا پدید	مکر فرعونی کیا جسنے کشید
ہوگئی چوب عصا یک اژدہا	جسنے کھایا اسکا یا حکم خدا
اژدہا ہون گرچہ مکر و حیلہ یا	پیش الا اللہ ہین جملہ لا
جو کہ تھا فرعون ہین وہ تجھمین ہے	پر ہین قید چاہ تیرے اژدہے
ہے عزیزم فرعون جو تجھکو ملے	تیری آتش سے بھی کہ عالم جلے
تو اگر کامل ہے یا چالاک ہے	طالب با جل ہوا نا پاک ہے

طالب حق ہو اگر ہو دست یاب ‌ ‌ ‌ تا کہ ہو نعمت سے اسکی سرفراز

جو نہیں اپنے کو سمجھا ذرا ‌ ‌ ‌ سب سے آگے تھا سو پیچھے رہ گیا

کیوں بچا ہے تو نے راہ گیان ‌ ‌ ‌ خواجگی سے ہو گیا جو بندگان

[illegible] اپنے رنج ‌ ‌ ‌ ہاتھ آوے تا کہ تجھکو مفت گنج

تو جدا [illegible] ہے سنگ کام بلا ‌ ‌ ‌ جب گئی آفت تو پھر غافل ہوا

ہیں بہت بیدار چشم و خفتہ دل ‌ ‌ ‌ دیکھ کیا سکتی ہیں چشم آب و گل

جو دل بیدار ہے گر چشم سر ‌ ‌ ‌ سو گئیں تو ہیں کشادہ سو نظر

جو تو اہل دل نہیں بیدار بیٹھ ‌ ‌ ‌ دل طلب کر رہ و [illegible] ہشیار بیٹھ

دل اگر جاگا تو ہو خوش خواب ہے ‌ ‌ ‌ دل تجھے رکھے بچا ہر باب سے

سو رہے کیا غم کہ ہے دل جاگتا ‌ ‌ ‌ ایسے بیداران چاہوں دل فدا

جو بیداری دل ہے دوستان ‌ ‌ ‌ نہیں سکتی تجھ سے رو بیان

جا خبر لے [illegible] کبر و ناز کر ‌ ‌ ‌ خویش ہے کسکا خدا آئے بے بصر

بندگی [illegible] و تسکینی ہوا ‌ ‌ ‌ کچھ نہیں چارہ بدرگاہ خدا

عاشق شغل زر و شب باز و خرا ‌ ‌ ‌ ذلت و خواری ہے اسکا عقبا

عاشق صانع ہے با اقبال و فر ‌ ‌ ‌ عاشق مصنوع حق خوار و [illegible]

ہے وہی معشوق جو یکذات ہے | ہم سے جو نزدیک تر دن رات ہے
ہم فیان محوِ جمالِ ذوالجلال | ہیں نہیں وہ تابع اوقات و حال
خوبی و زشتی کو اپنی بھول جا | عشق اُس محبوب سے رکھ مدعا
تو ہے جس حال میں کر جستجو | جو پیا پانی تو ہو لب تشنہ تو
خشکی لب ہے دلیلِ اضطراب | بیقراری یہ تجھے بخشے گی آب
یہ طلبگاری ہے از بس سودمند | راہِ حق میں رکھ تو قید و بند
یہ طلب مفتاح مطلوبات ہے | یہ نشانِ دولت و درجات ہے
جو نہیں اسباب تجھی کر طلب | عشق میں چاہیے نہیں اسباب
ہے طلب میں جست ترہ فتح باب | کر طلب اللہ اعلم بالصواب

حکایت اُس شخص کی جو بے محنت زر چاہتا تھا

عہدِ داؤدِ نبی میں ایک مرد | مانگتا تھا یہ دعا با سوز و درد
اے خداوندِ کریم و کارساز | میں ہوں مفلس میں کر تو سرفراز
تیری بخشش کی نہیں کچھ انتہا | دولت بے رنج کر مجھکو عطا
مجھکو جو پیدا کیا کاہل بدن | کسب کی مجھمیں نہیں قوت و فن
کیونکہ میں بے ... ہوں آسودہ خوار | تیری بخشش کا بدل امیدوار

وہ کرے کوشش کہ مجھے دست و پا	کون مجھ بیدست و پا کا تجھ سوا
جبکہ ہے بیدست و پا طفل صغیر	مادر و دایہ اُسے دیتی ہے شیر
چاہتا ہون رزق بیرنج و تعب	سعی رکھتا ہون نہین ہین جز طلب
الغرض اُسکو بلطف کردگار	ملگئی بیرنج دولت بیشمار
فضل رب کب سبب کا رہے	بے سبب نیا او سبب کا کار ہے

بیان یہ کہ ہر چیز جہان مین ذاکر ہے مگر محجوبان بیخبر

ذاکر حق ہین سبھی ہر چیز ہے	پر ہوا اس تسبیح سے غافل بشر
آدمی جب آدمی سے بیخبر	پھر وہ ہو کیا واقف حال گر
سنیون مین خاص کچھ انکار ہین	جبریہ اُس فکر سے بیزار ہین
یہ انھین انکو کہتے ہین خلاف	بیخبر باہم ہین جب یہ اختلاف
سمجھتے ہین مگر صاحبدلان	دل ہین جن لوگون کے محک امتحان
عقل جزوی کے بلا ہین وہم و ظن	اسلیئے ظلمات ہے انکا وطن
عقل مین بھی ہے تفاوت بیقدر	صورتون مین ہے نمایان جسقدر
ہو زمین پر یاد گر خوڑی جو راہ	طے کرین مردم اُسے بے اشتباہ
ہو اگر یکدرع وہ دیوار پر	وہم سے گرنے کا ہو انکو خطر

بلکہ کرتا ہی توکنپ کروہ ہم سے	اس سخن کا اصل مطلب تجھ سے
دیکھ تو با سجدۂ خلق خدا	وہم ہیں غلطان آل فرعون ہا
وہم ہیں ایسا ہوا وہ خر اسیر	کہہ دیا اپنے کو رب بے نظیر
وہم فال بد ہے ہو بیار وست	گرچہ ہو کیسا ہی مرد تندرست
تن ہی مثل جامہ اسکو بھول کر	دل ہی جامہ پوش اسکی خبر
زندگی ہی جیسے تمکو سہل تر	سہل جانے مرگ عارف کی نظر
سروری کا تمکو یکسر شوق ہی	کسب کے کرنے کا کسکو ذوق ہی
ہر کسے را بہر کارے ساختند	میل او را در دلش انداختند
جو کہ پہلے سوچ لے انجام کار	کام میں اپنے نہو وہ شرمسار
مصطفے کہتے ہیں دل ہی بر مثال	کھیل کے ہاتھوں میں جو ہو پر بال
دیگ مثل آگ پر پر جوش ہی	یا بدر یا سر برائے نوش ہی
ہر زمان اک اور ہی اسکا خیال	پس شنو ایمن تو ای شوریدہ حال
جب قضا پہونچی تو آئے سر عیان	کور سے پھر تجھکو چارہ ہی کہان
دیکھ سنکر مر رہا ہی تو بدام	آیت انہ کے لیے ای نیکنام
بند تقدیر قضا جو ہی نہان	دیکھتا ہی کون جز روشندلان

دور کر دے دل سے تو حرص و ہوا | تا نہو آوارہ سوئے القضا

حرص سے مرغان اسیر دام ہین | دام مین بے دانہ وہ ناکام ہین

مچھلیان دریا کی دیکھو بیشمار | ہو گئین بیچارہ مر کر خاک وار

رشوتین لیلے طمع سے قاضیان | عاقبت کو اپنی کھو بیٹھے یہان

حضرت بایزید بسطامی کی ریاضت کا بیان
اور یہ کہ سواے اس بدن کے دوسرا تن بھی ہی

جبکہ بسطامی نے اکدن بسر | پایا سستی کا عبادت مین اثر

دلپہ آئی کاہلی وقت نماز | ہو گئی کم لذت راز و نیاز

فکر کر دیکھا تو پانی بیشتر | پی لیا تھا جس سے پہونچا یہ ضرر

پھر پیا پانی نہ مطلق سال بھر | حق نے صبر انکو دیا اس عہد پر

صبر تھا انکا یہ ادنی بہترین | ہو گئے آخر وہ قطب العارفین

جب کیا اسطور تن کو پائمال | حق نے بخشا تب انھین جاہ و جلال

تو خلاف انکے کرے ہی حفظ تن | ہو مبادا مرگ سے فانی بدن

خواب ہی دنیا بارشاد رسول | خواب پر تکیہ نکر اے بو الفضول

سر بسر یہ خواب مین تو دیکھتا | جب ہوا بیدار سر پا یہ بجا

پانوں دیکھا قطع اندر خواب و سست
جب اٹھا پایا بحال اپنے درست

خواب میں دیکھا تھا نقصان تن
اٹھ کے دیکھا تو سلامت سب بدن

جب کہ دیکھا خواب سے بیدار ہو
پانو کا گوشت خود درست یار ہو

بانٹا گوشت نے تو تھا ان اندھم
جو کہ رے ہی جذب اجزا کو بہم

پھر گیا وہ میں وے تو ان
جذب اجزا کر رہی تھی بے نشان

گر نہیں حکمت سے تیرے جسم کو
خود بخود ہوا ان کیا تو نے نگہ

تھا نہ تن کے کان سوزن کا محل
جو ہیں مرکز نہیں پیدا اجل

پس کشادہ کر تو چشم دل ذرا
حشر بھی اس طور سے ہوگا ترا

کوزہ گر چھتی جو کوزہ توڑ کر
پھر بنا سکتا ہے بار دگر

در بیان اسکے کہ انبیا علیہم السلام مظہر رحمت کلی کے ہیں اور دوسرے مظہر رحمت جزی کے

حق نے بھیجے انبیا اندر جہان
تاکہ ہوں وہ رحمت عالم عیان

رحمت جزی کے مظہر ہیں سبھی
رحمت کلی کے مظہر ہیں نبی

ہے یہ ارشاد امام مرسلان
حشر میں ہونگے شفیع عاصیان

صالحین ہیں جملہ از خود رستگار
ہو بر آمد عاصیوں کا مجھ سے کار

ہے شفاعت مین مجھے کوشش کمال — بہر عفو عاصیان خستہ حال

رہبر کامل وہی ہے ذی حشم — طاعت حق مین جو ثابت ہو قدم

جو فنا فی اللہ ہو وہ شد وہی — جو نہ باشد اللحیہ یا دیگری

جو نہین باقی اگر ہو مو سفید — رہبری کا اُس سے ہو تو نا امید

طالب رحمت ہے تو ہو شرمسار — عشق مین حق کے ہمیشہ ہو سوگوار

حرص کو تو چھوڑ تقوی کر شعار — تا کہ ہو تو سر حق کا رازدار

جب حواس بد خرد کے ہون اسیر — ہو خرد سالار تیری تو امیر

جبکہ ہو صبر و سکون تیرا عمل — صبر سے پائیگا تو مقصد کا پھل

حق کے نادر ہین عجائب کار و بار — عین غم شادی کرے پروردگار

جب تجھے بے باغ دیکھو وہ ثمر — باغ جو تیرا نہو تو صبر کر

روشنی دیکھو جو تجھکو بے چراغ — شمع کی خاطر نہو تو داغ داغ

صفت بعضے اولیا قدس اسرارہم کی

حال بعضے اولیا کا گوش کر — جو کہ ہین راضی قضا کے حکم پر

بعض ہین اُن مین بھی ایسے اولیا — گاہ کرتے گہ نہین کرتے دعا

اور بھی ہین اُس وہ پاک سے — جو نہین اندر دعا لب کھولتے

اسقدر رہتی رضا پر ہین مدام | ڈھونڈھنا ردِ قضا اُنپر حرام
ذوق ہی اُنکو بلا مین اسقدر | کفر ہی کرنا طلب دفع ضرر
نیک و بد یکسان ہی اُنکے روبرو | بد قضا سے وہ نہین ہین شکوہ جو
غم کو شادی جانتے ہین وہ تمام | آگ سمجھین آب حیوان کو مدام
حسن ظن کا اسقدر دل پہ قرار | غم مین کچھ ہوتے نہین وہ سوگوار
کفر ہی کرنا اُنھین ایسی دعا | کاے خدا تو پھیر ہمسے یہ قضا

نقل

ایک صوفی سے کہا بہلول نے | کر مجھے واقف تو اپنے حال سے
بولا وہ کیسا ہو اسکا کاروبار | حکم مین جسکے ہی چرخ زرنگار
آفتاب و ماہ و انجم سربسر | حکم مین اُسکے پھرین شام و سحر
زندگی و مرگ اُسکے چاکران | شادی و غم اُسکے سب فرمانبران
جس جگہ چاہے وہ بھیجے تعزیت | جس جگہ چاہے وہ بخشے تہنیت
سالکان رہ ہین اُسکے کام مین | ماندگان رہ ہین اُسکے دام مین
ہو نہ جنبان کوئی نبت اندر زمان | بے رضا و امر ربِ دو جہان
تب کہا بہلول نے ای خوش نہاد | معرفت تیری ہی اس سے بھی زیاد
ہو ترے رخ سے نمایان مشتری | ہی تجھے زیبا جہان مین سروری

لیکن اسکی شرح ظاہر کر تمام — تا کرین مفہوم اسکو خاص و عام

تب کہا اسنے کہ بیشک اسقدر — عامیان لکھتے ہین عالم سے خبر

حکم مین حق کے جہان ہے بو ج — ذرہ ذرہ اسکا ہی فرمان پذیر

ہے رضا کی قید مین بیبان ہو درخت — ہے قضا کی قید مین اسکے سخت

مشہور ہے یہ تشبیہ اندر گلو — تا نہ فرشتے وو فا و خطو

کی جو بندہ نے قضا حق قبول — یاد اسکی کیا اپنے کو بھول

تب رضا حق سے وہ شامل ہوا — بندگی سے سرور کامل ہوا

خرمن ہستی سے اپنے کر فراغ — عشق سے حق کے ہوا روشن دماغ

حکایت وقوقی رحمۃ اللہ علیہ کی

تھے دقوقی وقت سے پیر قدم — عاشق حق صاحب فضل و کرم

ماہ انکی سیر سے از بس خجل — شاد انسے عاشقون کے جان و دل

ایک منزل مین نہ کرتے دو مقام — کام تھا انکا سفر کرنا مدام

یہ کہا کرتے کہ رہنا ایک جا — دل نہادی ہے سبب نقصان کا

دل مین کرتے سیر اور شب نماز — حق سے تھا ہر دم انھین راز و نیاز

بیشتر مخلوق انسے فیض یاب — تھی دعا انکی بدر حق مستجاب

اسقدر شفقت تھی انکو خلق پر | مہربان فرزند پر جیسے پدر
جیسے کہتے تھے نبی با مومنان | باپ ہے مین بڑھکے تم پر مہربان
کیونکہ تم اجزا ہو میرے سر بسر | مین ہون کُل مجھسے جدا ای ہی
کُل سے ہو جو جزو جدا بیکار ہی | عضو جو تن سے کٹا مردار ہی
جزو اپنے کل سے تا شامل نہو | مردہ ہو وہ جان اُحاصل نہو
ہی نہین ملنے کا اُسکو اختیار | عضو کاٹے بعد بھی ہو بیقرار
کیا سمجھے ہو کہ کیا یہ جزو کُل | جزو ہی شل بو و کُل مانند گُل
یہ عجب کُل ہی کہ ہو گر جزو دو | کلیت مین ہو نہ کچھ اُسکی فتور
اسکا قطع و وصل ہو کیون بیان | فہم سے ہین جسکی عاجز مردمان
تھے دقیق الغرض کتنے یہ بین | صاحب تقوی امام العارفین
باہمہ اوصاف فرخندہ نام | طالب خاصان حق تھے مستدام
اُنکا مقصد اس سفر سے تھا یہی | تا ملے خاصان مولی سے کوئی
راہ چلتے اور یہ کہتے ای خدا | بندگان خاص سے اپنے ملا
حق سے پہونچی نہ اگاہی مرو راہ | عشق کی تیرے عجب ہی یا نگاہ
شوق ہی میرا انجھے مین بیترپاس | پھر بشر کی ہی تجھے ملنے کی آس

عرض کی تب اسنے ای دانای راز | تونے بخشا ہی مجھے ذوق نیاز
گرچہ ہون غرق دریا سر بسر | ہی طمع قطرہ کی اس دل کو مگر
حرص تیرے عشق مین ہی افتخار | غیر سے تیرے ہی بیشک ننگ و عار
ای عجب یہ اور ہی کچھ راز ہی | خضر سے موسی کو برگ و ساز ہی
بے نہایت ہی خدا کی بارگاہ | ہی ازل سے تا ابد تھوڑی سی راہ
حسن بے پایان ہی اسکا ای فہیم | دیکھ لے اس امر مین شوق کلیم
باہمہ شان رسالت ای عجب | خضر سے تھی فر عرفان کی طلب
مجمع البحرین تک پہونچے شتاب | تاکہ ہون اس فر سے وہ کامیاب
اس سخن کی ہی نہین کچھ انتہا | پھر کہو نہین جو توفی نے کہا
عشق مین مولا کے چلتا ہون نہین راہ | راہ سے غفلت خدا سے انتباہ
یا نہین شان جو کرین ہین طی زمین | عاشقون کا دل سے ہی چلنا یقین
وصف تن کا ہی درازو کوتہی | روح کی کچھ اور ہی ہی رہروی
راہ ہی منزل کی کوتاہ و دراز | دل بجانے جو ہی مست لنواز
یہ سفر نطفہ سے تا دانش تہا | قوت اقدام سے ہرگز نہ تھا
سیر جان بیچون ہی اندر قرب و دور | تن نے سیکھا سیر کا جان سے شعور

سیر جان ہر کس نہ دیکھے آشکار ۔ ایک سیر جسم ہی اندر نظار

وہی وہ توفیق نے پھر آ کے یون غیب ۔ تھا مرا مغرب سے تا مشرق سفر

ایکدن جاتا تھا مین مشتاق تر ۔ تا کہ دیکھون صنعہا اندر بشر

کسطرح قطرہ مین ہی دریا آب ۔ درج یک ذرہ مین کیونکر آفتاب

ناگہان بر ساحل بحر کلان ۔ شام کے نزدیک مین پہونچا دوان

سات مشعل دور سے آئین نظر ۔ روشنی ہر ایک کی مثل قمر

پر بحیرت تھا جو سمجھا مین نہ خوب ۔ موج فکرت مین گیا یکبار ڈوب

ہین یہ کیسی مشعلین جون آفتاب ۔ جیسے ہی عالم کی نظرون پر حجاب

ہین چراغ مردہ کے جو یا تمام ۔ بیخبر اس روشنی سے خاص عام

دیدہ کا انکی شرے مانع ہوا ۔ پردہ اسرار سے کیا من لیا

ملکے وہ ساتون نمین پھر اک نمود ۔ روشن اسکے نور سے چرخ کبود

ہو گئین پھر ایک ہی ساتون عیان ۔ دیکھ حیران تھا مین انکو ہر زمان

فصل کا یا وصل کا انکی بیان ۔ کب نہیں سکتی ہی میری یہ زبان

ایک یا اکثر کہا جاتا نہین ۔ راز یہ کچھ بوجھ مین آتا نہین

پھر بڑھا مین تا کہ ہون نزدیکتر ۔ تا کہ دیکھون جا یہ راز مستتر

دوڑتا تھا بیخودی سے میں ادھر | گر پڑا بیہوش آخر خاک پر
بعد یک ساعت جو آیا کچھ شعور | پھر ہوا تعجیل سے جویاے نور
پھر دوبارہ ہو کے بیخود گر پڑا | دوڑنے سے جب ہوا بیدست و پا
سات مشعل سے ہوئے پھر سات مرد | نور انکا تا سپہر لاجورد
پھر ہوا ہر مرد وہ یک یک درخت | میں ہوا یہ دیکھ حیرتناک سخت
اسقدر شاداب ہر اک جھاڑ تھا | دیکھکر میں جنکو حیران رہگیا
شاخ ہر ہر جھاڑ کی پتوں میں گم | برگ تھے میوہ میں پنہاں کلہم
ہمسر... وہ تھی ہر شاخ درخت | بلکہ اس سے بھی بلندی ایک لخت
بیخ سے وہ پہنچیں انکی تا قعر زمین | گاو و ماہی سے بھی گذریں بالیقین
بیخ تھیں شاخوں سے بھی سرسبزتر | عقل دیکھے سے جنہیں ہو زیر و زبر
پھل جو انسے ٹوٹ کر گرتا تھا دور | جاے شیرے کے نمایاں تھا نور
پر عجب تھا یہ کہ ان اشجار پر | سو ہزاروں خلق کرتی تھی گذر
آرزو تھی سایہ میں بیٹھی تھی جان | جابجا کمل کے کرتی سائباں
تھی مگر سایہ سے قاصر انکی دید | ایسی بینائی پہ لعنت بر مزید
اسنے تھا گویا کہ ختم کبریا | جو نہ دیکھا ماہ کو دیکھا سہا

در مسجد م ذرشت تھے وہ شہر یار ۔۔۔ پر نہ آنکھ انکی نے دیکھا آفتاب

کار روانہا جیسا ان میں ہا ۔۔۔ پختہ گرتے ہیں کیا سحر خدا

سیب یا پتہ وہ کو چن جاتی تھی خلق ۔۔۔ ایک پر گرتا تھا اک یا خشک حلق

پر نہ ان سب وہ یہ تھی انکو خبر ۔۔۔ سحر حق گویا تھا انکی چشم پر

یہ ندا ہر ہر شجر سے تھی وہاں ۔۔۔ آؤ تم ہم پاس اے دانشوران

حق سے تھی آواز جھاڑ ون یہ تند ۔۔۔ جنکی آنکھیں بصارت سخت کند

کوئی کرتا تھا جو انسے خطاب ۔۔۔ جا درختوں پاس ہو تم کامیاب

اسکو سب کہتے تھے یہ مسکین گدا ۔۔۔ از قضائے ایزدی مجنون ہوا

مغز سر اسکا بسودائے دراز ۔۔۔ ہو گیا محنت سے فاسد جون پیاز

مرد حیرت ناک ہو کہتا تھا حب ۔۔۔ خلق کو ہے اس گمراہی عجب

خلق کو تا کون یا حمد عقل ۔۔۔ اسطرف کرتی نہیں یکبار نقل

انبیا حیران کہ کیون منکر ہیں ۔۔۔ رحمت حق سے ہوئے ہیں گران

پر تعجب تھے کہ افسے نبی ۔۔۔ بولہب تھا پر تعجب انسے بھی

جب گیا آگے کو میں دل کہوں سخت ۔۔۔ ہو گئے اک جھاڑ وہ سات وہ درخت

سات تھے ایک ہو گئے دیدم ۔۔۔ دیکھکر یہ کپ گئے میرے قدم

[illegible]

پھر در آئے وہ درخت اندر نماز | کھینچکر مثل جماعت صف دراز

ایک انمین سے ہوا سب کا امام | دوسرے پیچھے رہے اندر قیام

وہ قیام و وہ رکوع و وہ سجود | تھا عجب جس سے ہوئی حیرت فزود

کیونکہ تھے انکے نہ پاؤن نہ کمر | تھی نماز انکی عجب ترتیب پر

آیا الہام خدا کا ہی با فروز | کام مین میرے عجب تجھکو ہنوز

پھر ہوئے وہ جھاڑ سا تون ہباء | قاعدہ مین آگئے جب فرد فرد

چشم کو ملتا تھا مین اپنی وہان | کون ہین یہ کیا ہی انکی قدر و شان

الغرض جا کر کیا مین نے سلام | یہ جواب انکا ہوا با احترام

کا ہی دقوقی فخر ارباب یقین | رحمت حق تجھ سے ہو ہر دم قرین

عرض کی مین نے کہ دیکھے مجھے | نام میرا کسطرح معلوم ہی

تب وے بولے کیا نہین تو جانتا | کشف لی ہر بات ہو مخفی بھلا

نام سے بھی ہو نہ واقف جو ولی | کیا ولایت بلکہ ہو وہ جاہلی

عاقبت مین ایک ساعت اپنی جا | روبرو انکے مراقب ہو گیا

بھی اسی ساعت چھٹی ساعت سے جان | کسلئے ہو سیر ساعت سے جوان

ایسی جون کہ چھوڑا کر بیچون ہوا | قید سے چھوٹا تو مطلق ہو رہا

برائے حضرت دقوقی کا الہام ہوا کہ تو میرے کام مین ابھی تک تعجب مین ہی اور میری قدرت و حکمت کا قائل نہین ہے [illegible]

کور باطن کو نہین اسکی خبر | ایسے کوروں سے حذر ہی خوبتر
ہی امامت کور کی شرعا کرہ | خواہ ہو قاری و حافظ یا فقیہ
چاہیے پرہیز قاذورات سے | سو یہ نابینا سے کمتر ہو سکے
کور ظاہر مین نجاست ہی عیان | کور باطن کے ہی وہ دل مین نہان
ہی نجاست ظاہری زائل بآب | باطنی زائل نہو جز اشک ناب
آنکھ ہی جو رہ نہ تو رونے سے باز | تا نہو تجھپر در رحمت فراز
ہی نجس کافر جو باحکم خدا | ظاہر اُسمین نہ پاپاکی ذرا
اُسکے دل مین ہی نجاست بالیقین | ہی جو اسکی مانع اخلاف دین
احمقان تصویر کے چوب و سنگ | جانکر معبود پوجین بیدرنگ
اصل مین معبود غیر از حق نہین | غیر اُسکے مالک مطلق نہین
کرے اہی سجدہ اُسکے غیر کو | جو کرین ہین وہ تبان دیر کو
مین تو تی کو کیا سب نے امام | قوم کا پیچھے ہوا اُنکے قیام
جبکہ کی آغاز تکبیر و نماز | ہو گئے مذبوح شمشیر نیاز
یعنی تکبیر ہین یہ ایما فلان | ہم ہوئے پیش خدا قربان بجان
نفس کو بھی اپنے قربان کیجیے | ذبح کے دم نام حق کا لیجیے

تن چو اسمعیل جان گویا خلیل ۔ جان کو لازم کہ تن کوں دے سبیل

نفس تھا جو طالب حرص و ہوا ۔ ساتھ بسم اللہ کے بسمل ہوا

تھا قیام اُنکا بصد سوز و گداز ۔ جب ہوے وو کاملین اہل نماز

اشک جاری ہی غموں سے دل پہ چور ۔ عشق میں جیسے کھڑے حق کے حضور

ہی نماز اک حالت روز حساب ۔ جیسے ہو کی پیش شہنشہ شتاب

جو یہ فرمان خدا ای بندگان ۔ واسطے اس دن کیا لائے یہان

عمر کی کس کام کے اندر بسر ۔ کیا عبادت کی مری کس طور پر

چشم و گوش و دل ہے کس کام مین ۔ کیدن ہے ہوش و خرد آرام مین

ہمنے مہلت ہی تجھین دی دراز ۔ کیا خریدا عاقبت کا برگ و ساز

ایسے ہی پیغام تھا ہولناک ۔ ہون انھین مسموع از درگاہ پاک

جب سنین تب مومنین ہو کر رجوع ۔ شرم سے وو جھک پڑین اندر رکوع

پھر یہ ہو فرمان اُٹھاؤ سر ذرا ۔ دو جواب حکم رب کبریا

سر اُٹھاوین جب وو بارے خجل ۔ گر پڑین سجدے مین ہو شرمندہ دل

پھر حضور حق سے ہو انکو خطاب ۔ سر اُٹھا سجدے سے دو میرا جواب

پھر اُٹھا ما سر کہو توں شرمگان ۔ سر بسجدہ ہون وہ ہو کر بے زبان

یعنی کہ ابراہیم علیہ السلام نے اسمعیل علیہ السلام کو قربان کیا اسیطرح جان کو لازم ہے کہ تن کو قربان کرے یعنی نفس ۔۔۔ [illegible]

تب یہ ہو اُنسے خطاب کبریا / سر اُٹھا کر دو جواب اے نا سزا

جبکہ یہ بیٹھا تھی اندر قیام / بیٹھ جاوین خوف سے وہ سب تمام

ہے یہ فرمان تمکو جو نعمت ملین / شکر انکا کیون کیا تمنے نہین

تب کرین وہ دست کی جانب سلام / انبیاے حق کو با عجز تمام

تا کرین وہ سب شفاعت تم کہا / ایسی مشکل مین ہے پیش کبریا

انبیا فرماوین اے جان یہ نہین / تمنے کھویا وقت کو اپنے کہین

مرغ بے ہنگام تھے تم اے زبون / سعی کیا حاصل بوقت جانکنی

تب کرین وہ جانب پیر سلام / اقربا کو اپنے با صد التیام

وہ کہین ہمسے نہو اسکا علاج / وہ جواب اپنا کہ جو لازم ہو آج

جبکہ ہون وہ ہر طرف سے نا امید / سخت تر لرزان ہون جیسے شاخ بید

کرکے دونون ہاتھ سوے حق بلند / یہ دعا کرنے لگین وہ مستمند

اے خداوند کریم و بے نیاز / اول و آخر تو ہی ہی کارساز

بخشدے چاہے کرے تو پھر عذاب / ہم ہین بندے تو ہو رب مستطاب

یہ اشارہ ہی تمھین اندر نماز / بوجھ لو یہ فرا اے اہل نیاز

تھے نماز اندر دقوقی اتنک / ایک جھاڑ آیا بدریا یک بیک

[illegible]

یہ مقولہ مولانا کا ہے وہ فرماتے ہین کہ تمھاری نماز مین تمکو یہ اشارہ ہے جو اوپر بیان ہوا یعنی بالکل سامنا روز حشر کا ہے اگر سمجھو

تھی تہ تاریک ابر و تند باد ۔ تھا تلاطم موج کا از بس زیاد
خوف سے غم سے بہ این گرداب سخت ۔ اہل کشتی کا ہوا دل لخت لخت
بیٹھے تھے اس بلا مین جملہ سب ۔ جو کوئی کشتی مین تھے اُسوقت تب
سن کے غوغا وہ فغان و خروش ۔ مہر سے آئے وہ سید مثل جوش
پس کہا اے رب تو اپنا فضل کر ۔ اپنی رحمت سے تو کر انپر نظر
اے کریم و اے رحیم سرمدی ۔ دور کر ان سے مصیبت [illegible]
اے دہندہ رایگان بے چشم و گوش ۔ نے برشوت بخش کردہ عقل و ہوش
دستگیر و رہنما توفیق دے ۔ کھول اس عقدے کو اپنے فضل سے
اشک کا سیلاب آنکھون سے بہا ۔ بیخودانہ مانگتے تھے یہ دعا
بندگان حق رحیم و بردبار ۔ خوی حق رکھتے ہین در اصلاح کار
ڈھونڈھ اس فرقہ کو تو اے مبتلا ۔ مغتنم جان انکو تو اندر بلا
جب ہوا اندر دعا وہ مرد خاص ۔ اس مصیبت سے ہوئی کشتی خلاص
سب نے پائی لطف سے انکے امان ۔ اہل کشتی کو ہے سمجھے خود گمان
تو دلا منظور حق اسوقت ہی ۔ [illegible]
حق کے ہی ہو مری دل پر نظر ۔ نے بشکل آب نے گل پر نظر

یعنی پارہ پارہ ۱۲
مہربانی سے ۱۲
صفت ۱۲
اہل کشتی

بیٹھکر پیچھے دقوقی کے نہان — یون لگے وہ مقتدی کرنے بیان

اس دعا مین ہمنے کہا کر شتاب — ظاہر و باطن کیا ہی ارتکاب

ہم نہین سمجھے امام بے ادب — اس دعا کو مانگتا تھا بو الفضول

کی فضولی اسنے اندر نقص — کام مین حق کے کیا جو اعتراض

ہوگئے غائب نگہ سے پھر وہ — دی دکھائی راہ کی انکی نہ گرد

شش جہت مین ان لیون کا اثر — پھر دقوقی کو نہین آیا نظر

پُر تحیر تھے وہ از بس کا ہی خدا — کیون ہے وہ پاس سے میرے جدا

سالہا انکے لیے روتے رہے — اشک سے آنکھون کے منہ دھوتے رہے

خاصگان حق نہین رکھتے روا — حکم مین حق کے تصرف غیر کا

تونے نکہ مرد خدا کو در نظر — کب در آوے با خدا از کر بشر

ہوگیا ہی اسسے ویران تیرا کام — تونے دیکھا انکو انسان ہمچو عام

تونے وہ دیکھا جو ابلیس لعین — کہ اٹھا مین نا رہون آدم ہی طین

چشم ابلیسی کو باندھا اک دم تو یار — کب تلک صورت پرستی ہی بکار

اے دقوقی باد و چشم ہمچو جو — مت کر امید انکی مت کر جستجو

جو کوئی دل ملک پر ہووے اعتزال — اسکی جاتی ہی دعا یا ذو الجلال

ذکر اسکا کہ جو ازل مین سعید ہی طاعت مین چالاک ہو

چاہ مین یوسف نے جب پایا مقام	جانب حق سے ہوا انکو پیام
ایکدن تم ہو گے شاہ نامدار	جور اخوان کو کرو گے آشکار
تھا اثر اس آواز کا تا وقت نظر	تنگ جاتا ہی دل اسکو با اثر
جب سنا یوسف نے پیغام خدا	چاہ تھا پھر انکو باغ دلکشا
بعد اسکے انکو جو پہونچی جفا	اس بشارت سے دل انکا شاد تھا
ایسے ہی تا حشر آواز الست	جان اہل اللہ کو رکھتی ہی مست
نی بلا مین انکو اصلا انقباض	نی قضاے حق پہ انکو اعتراض
لقمۂ تلخ انکو مانند شکر	خار ریحان سنگ ہین لعل و گہر
جسنے دیکھا خواب خوش روز ازل	وہ نہین لاتا ہی طاعت مین خلل
بار محنت کو اٹھاتا ہی بجان	بے قصور بے فتور بے تکان

بیان اسکا کہ نفس ظالم ہی قتل اسکا سبب نجات عقل کا ہی اور نفس اصل ہی بدی کا

کیا وہ جانے ظالم و مظلوم کو	جو کہ ہی خود حرص و شہوت مین گرو
ظالم و مظلوم وہ جانے ضرور	جو کرے اپنے سے شر نفس دور

ورنہ یہ ظالم جو ہے نفس لعین	خصم ہے مظلوم کا ہے بالیقین
دشمنی ہے سگ کو مسکینوں کے ساتھ	ڈالتا ہے وہ ہمیشہ اپنے ہاتھ
شرم ہے شیروں کو کتوں کو نہیں	صید ہمسایہ وہ کرتے ہیں کہیں
کافر و فاسق کریں ہیں ظلم خاص	کیونکہ رکھتے ہیں وہ کتوں کے خواص
ظلم ہے مستور انکی جان میں	جسکو لاتے ہیں نہ خود میدان میں
خاص وقت شہوت و غصہ کے تو	ظلم کو کرتا ہے ظاہر مو بمو
لطف حق تجھسے مدارا ہا کرے	حد سے جب گذرے تو پھر رسوا کرے
اقتضائے داوری کردگار	عمر و زید و بکر سے ہے آشکار
مرگ سے ظالم کی زندہ ہو جہان	شاکر حق ہوں تمامی بندگان
نفس کو تم مار ظالم زندہ کر	عقل کا اپنی تو اسکو بندہ کر
عقل ہے اس نفس ظالم کی اسیر	مارنا اس نفس کا ہے ناگزیر
تا کہ ہو اس عقل کو حق سے فتوح	روز ہی ہے رنج یعنے قوت روح
نفس ہے اصل بدی جو اسکو مار	ہو عطا روزی بغایت خوشگوار
دیکھ لے قرآن میں تو اسکے سبب	حضرت درویش و فیل و بولہب
کشف اسکا عقل جزوی سے نہو	بندگی حق سے تو ناکام ہو

بند معقولات مین ہین فلسفی	شہسوار عقل ہے عقل صفی
عقل کلی عقل کی ہے مغز جان	عقل تیری پوست ہے اندر میان
وہ سیاہی ہے سفیدی حق ازو ہے نور	جان و دل کے نور کا اس سے ظہور
قیمت ہمیان ہے زر کے سبب	زر نہو تو عزت ہمیان ہے کب
ایسے ہی قدر اس تن کی جان سے ہے	قدر جان کی پرتو عرفان سے ہو
نفس ہے جون اژدہا پر مکر و فن	کر حذر تو اس سے ای مرد کہن
سچ ہی نفس ہے از بس مفسد صحیح	ہین ہزارون حجت اسکی ناصحیح
نفس کی تسبیح و مصحف ہاتھ مین	خنجر و شمشیر اسکے ساتھ مین
اژدہا ہی نفس با صد زور و فن	رو سے شیخ اسکو زمرد و بدکن
تو جو چاہے ایمنی اژدہا	دامن اسکا ہاتھ سے مت کر رہا
مکر نفس و تن کا کیا جانین عوام	اہل دل آگاہ باقی والسلام

بھاگنا حضرت عیسی کا احمقون سے کیونکہ احمقی قہر خدا ہی اور قہر سے بھاگنا اور بچنا ضرور ہے

احمقون سے بھاگ ای مرد صحیح	کیونکہ بھاگے انسے ہین عیسی مسیح
صحبت احمق بلاے جان ہے	احمقی کا درد بے درمان ہے

احمقی ہی قہر رب بے نظیر ❊ بھاگتا ہی عیسیٰ ازبس ناگزیر

یاد آیا قصہ اہل سبا ❊ احمقی سے جو پڑے اندر وبا

وہ ہین ایسے کہ بچے ہانکے مور ❊ پر سلیماں سے تھی انکی چشم کور

تیز گوش ازبس لیکن بخت کر ❊ گوش ہین انکے نصیحت بے اثر

ناز سے مغرور قارون کی مثال ❊ لیک پاس انکے نہین یکذرہ مال

مرد دنیا کا ہی مفلس بے تمیز ❊ ہاتھ مین اسکے نہین ہی کوئی چیز

جیسے آیا ہی برہنہ جائیگا ❊ بے سبب چورون کی ڈر سے مرگیا

مال کا جب چھوڑ جانا ہی ضرور ❊ خاک سے کمتر سمجھ ای ناشعور

جو کیا سو واسطے آخرت ❊ زاد رہ تیرا ہی اسکو چھوڑ مت

گو وہ مین ہون طفل کے جیسے اشغال ❊ حفظ انکا وہ کرین مانند مال

جو کوئی چھینے تو رووے زار زار ❊ جو دیا واپس نہین جون خونبہا

طفل کو فہم سے جب بہرہ نہین ❊ خندہ و گریہ ہی اسکا بے یقین

حال تیرا بھی اسی کی ہی مثال ❊ جب تلک مالوف دل ہی تجھکو مال

پھر یہی صورت ہی اُن شخصون کی ❊ جنکو علم اور عقل دنیا کی رہی

سو ہزارون جانتے ہین وہ ہنر ❊ پر نہین اپنے حال سے خوب خبر

قیمتیں ہر چیز کی پہچانتے | پر نہیں اپنے کو احمق جانتے
اک مرض ہے دل کے اندر احمقی | حق شناسی کی وہی مانع ہوئی
نیک بھی اُسکے سبب سے ہو بد | کب غذا بیمار کو دیتی مدد
دوستان عقل عاقل سے اگر | جا ملیں ہمدم رہیں وہ دوستتر
آشنائے نفس بد نفسوں سے مل | بد صفاتی میں رہے وہ پا بگل
کیونکہ نفس اُسکا کرے پیدا علل | معرفت میں جس سے واقع ہو خلل
دوست سے ملنا اگر درکار ہو | عاقلوں کی عقل کا تو یار ہو
اس مرض کی ہے دوا اور دستگیر | وہ طبیب جان اور رشد ضمیر
ہو بدل تو ان طبیبوں کا غلام | تا کریں تجھکو دوا سے شادکام
ہے بسا دولت کہ آوے ناگہان | پر نہیں پہچانتے بے دولتان
ہیں بسا معشوق عاشق کے قرین | پر نہ سمجھیں عاشقان بے نصیب
جو غلط انداز ہے سوء القضا | ہے ہماری بے نصیبی کی جزا
جو بت سنگیں تمہارا قبلہ ہے | لعنت و کوری تمہارا ظلہ ہے
کم فضولی کر تو با جسم قدر | لائق دندان سگ ہے گوشت خر
ل ترا مجبور ہے قدرت کے ساتھ | جسطرح سے ہے قلم کاتب کے ہاتھ

اسکی جنبش سے ہی جنبان قلم	کیا تجھے معلوم ہین سر قدم
نہ بنائے زور جبر تضرع ریب نہین	ہر قلم اس قلب سے آگہ نہین
کب مثل لانا بھلا تجھکو روا	سوے درگاہ جناب کبریا
وہ مثل لانا اسیکا کام ہے	ظاہر و باطن کا جو علام ہے
کیا تو جانے بھید چیزونکا بھلا	زلف و رخ کی جو مثل لانے لگا
یہ مثل لایا تھا ابلیس لعین	ہوگیا وہ لعنتی تا یوم دین
یہ مثل لایا تھا قارون بالجاج	دھسگیا اندر زمین با طوق و تاج
یہ مثل لایا تھا نمرود شقی	کھا گیا مغز اسکا پشہ اے اخی
یہ مثل لائی تھی دیکھو قوم عاد	تا دوزخ مین گئی وہ نامراد
یہ مثل لایا تھا فرعون بغی	غرق دریا ہوگیا وہ لعنتی (یعنے دریاے نیل مین غرق ہوا)
یہ مثل لایا تھا ہر بدبخت دون	قعر دوزخ مین ہوا وہ سرنگون
ان مثالون کو جو زانج بوجہ	پست جتنے ہوگئے سو خاندان

مثل مارنا قوم نوح کا باستہزا بیچ کشتی بنانے نوح کے

نوح نے کی جبکہ کشتی کی بنا	سو مثل تسخر سے دیتا قوم تھا
ایک کہتا تھا یہان پانی نہین	ساخت کشتی ابلہی ہے بالیقین

ایک کہتا تھا کہ دو ٹھا سکا تپا | ایک کہتا تھا کہ پر سیہ مین لگا
کوئی کہتا تھا کہ گندہ بغل ہے | کوئی گندہ پشت کہتا تھا اُسے
کوئی کہتا تھا کہ پاپان ہے کہن | کوئی گندہ پا اُسکو کہتا تھا عیان
کوئی کہتا تھا یہ ہے مشک تہی | کوئی کہتا تھا کہ ہے یہ جادوئی
ایک کہتا تھا کہ کیا بہکے ہو یہ جو | ورنہ کب ہو بار ایسا تیز رو
کوئی کہتا نوح تو بیکار ہے | ہو کے بوڑھا عقل سے لاچار ہے
نوح کہتے تھے یہ ہے حکم خدا | ان مثالون سے نہین نقصان ذرا
الغرض جو تھے نہ واقف بران | غرق طوفان ہو گئے باجملہ سار
اے بنی آدم رہو تم ہوشیار | حزم لازم تر ہے از روز شمار
وہ عدو جو تھا پدر سے کینہ جو | لایا زندان مین چھوڑا قصر کو
کر دیا انکو برہنہ زار و خوار | سالہا روتے رہے وہ زار زار
الحذر اے گل پرستان الحذر | تیغ لاحول سے کاٹو اُسکا سر
دیکھتا ہے وہ تمھین ہو با کمین | دیکھتے ہو تم نہین اُسکو کہین
دام ہے مبسوط اُس صیاد کا | ظاہر اندر ہے باطن مین دغا
بار ہا تو دام مین اُسکے پھنسا | حرص مین دنیا کے دین کو کھو دیا

پس جہان میں ان ہوا سے کر حذر | تا نہ باندھے دام تیرے بال و پر

شکر ہو نعمت سے پہلے سود مند | شکر کر مت ہو فقط نعمت پسند

جان نعمت شکر ہو نعمت ہے پوست | شکر کرتا ہو تجھے دیدار دوست

شکر آگاہی ہے نعمت غافلی | غافلی ہے شکر حق سے جاہلی

انبیا کہتے ہیں یاں یہ بھی ہے بد | رحمتیں حق کی ہیں بیحد و عدد

یاس کے پیچھے بہت امید ہیں | در پس ظلمت بہت خورشید ہیں

وا ہیں ہم بجان خندان شاد و | گرچہ تن ہے مایۂ نقص و فساد

یہ دراز و کوتہی ہے جسم کو | جان کو یہ کچھ بھی نہیں ہے جو ہو

سالہا اصحاب کہف نامدار | غار میں تھے تن تھا انکا ہتوار

جب جگایا ان کو فیاض نے | اسکو جانا ایک ساعت سو گئے

جب نہ ہو روز و شب و ماہ و سال | کب ہے سیری و پیری کا ملال

جب عدم کے باغ میں ہے بیخودی | ہم رہینگے غرق لطف ایزدی

ناصحین کی جب نہیں سنتا تو پند | بس رہیگا قید بدخالی میں بند

قول کو انکے سمجھنا تو نے حق | مایۂ طغیان کا لے کر سبق

خصلت بابین لئیموں کو ہے کہ | تو کرے نیکی تو وہ کرتے ہیں بد

نفس تیرا ہی لئیم و بدسرشت | ساتھ ایسے بد کے نیکی سخت زشت
تو کریموں پر اگر احسان کرے | اُن سے وہ فی چوگنی نیکی ملے
جو لئیموں پر کرے جو رو جفا | وہ ترے بندے رہینگے باوفا
آدمی ہر کام کر سکتے ہیں لے | ہیں جو بندے صرف طاعت کے لیے
ہوں وہ مشغول عبادت ہی اگر | جلے جنت سرکشوں کو ہے سقر
جائے دنیا معبد مرد کریم | جائے دوزخ مقعد مرد لئیم
الغرض ہو بد لئیموں سے مدام | مار ہی سے وہ سب تیرے جانے غلام
شیر سے کب ہے شکوہ تو خاک | اُن کا گریہ خوب کرتی ہے ہلاک
کاسہ لیسوں سے ڈرے ہے دنیا لئیس | کافروں کا ہے خدا دیتو کنیش
بیغرض ہیں عاشقان پاک ذات | عاشقوں کو مرگ ہے آب حیات
مارتے ہیں وہ عدم میں جا قدم | چون علم یکرنگ ہیں وہ یکقلم
جب ہوا یکس تو بدبیر سے | پائیگا تو ننگ بختی پیر سے
چھوڑ خودبینی کو کر تو یاد حق | ہو تو بندہ تا کرے آزاد حق

معجزہ سرور انبیا صلی اللہ علیہ وسلم کہ ایک مشک پانی سے قافلہ سیراب ہوا اور حبشی بدرنگ کا فر خوش رنگ ایماندار ہو گیا

قحط سالی میں کہیں تھوڑے عرب — تھے کسی وادی میں حیران تشنہ لب

ناگہاں کوئی نہیں کچھ فریادرس — یعنی حضرت مصطفےٰ با چند کس

اُس جگہ پہونچے بجُز اتفاق — ہمرہے بخت کسان باوفاق

کاروان دیکھا وہاں پر اک کلان — اس بیابان میں سے تشنہ دہان

اشتر اُنکے سب بیابان آوخیتہ — خلق اندر ریگ ہر سو ریختہ

رحم آیا آپکو اُنپر کمال — جستجو کی تا ملے آب زلال

اتفاقاً وان کوئی حبشی غلام — لیکے اونٹوں کو در آیا تیز گام

پاس اُس حبشی کے تھا اک مشک آب — آپنے اُسکو بلایا پھر شتاب

جا کہا لوگوں نے اُس سے ای سیاہ — تیرا طالب ہی شہ عالم پناہ

بولا وہ میں جانتا اُسکو نہیں — بولے ہی وہ شاہ ختم المرسلین

یعنی حبشی
سید و سرور محمد نور جان — مہتر و بہتر شفیع مجرمان

اور بھی کی آپکی مدح و ثنا — پر وہ بولا ہی وہ ساحر بلا

سحر سے جسنے کیے اکثر زبون — اُسکی جانب میں نہ آؤنگا برون

الغرض لائے وہ سب اُسکو کشان — گو رہا کرتا وہ فریاد و فغان

آپنے سب سے کہا ای تشنہ لب — نوش کر پانی بھرو مشکون کو سب

مردمانِ قافلہ کو سر بسر | کر دیا اُس آب سے آسودہ تر

ہو گئے سیراب انسان و دواب | مشک تھی جیسی ہی ویسی پُر آب

کسنے دیکھا ہی بھلا اک مشک آب | جس سے ہوں پُر مشکہاے بے اضطراب

مشک تھی وہ پوش موج فضل رب | بحر رحمت تھا رواں جسکے سبب

آب جوش ہے جسکی قدرت سے ہوا | ہو ہوا اُس سے بسی آبہا

تو نے جو طفلی سے دیکھے ہیں سبب | جہل سے چسپیدہ ہو تو نیز اب

ہو سبب سے تجھے غفلت مگر | اُس سے رکھتا ہی سبب پر تو نظر

جب سبب دیکھا مسبب کو نہ بھول | ہی سبب کو حکم حق اصل الاصول

قافلہ حیران ہو کے دیکھا عجیب | بولے ای احمد یہ کیا ہی بوالعجب

کر دیا رو پوش مشک خرد کو | غرق فرمایا عرب اور کرد کو

پُر ہونا مشک غلام کا غیب سے بمعجزۂ رسول اللہ صلعم اور سفید ہونا اُس غلام سیاہ کا

ای غلام اس مشک کو تو دیکھ لے | تا نہ آئندہ شکایت ہو تجھے

اُس سیہ چہرہ نے جب دیکھا یہ حال | مشک سے پیدا ہے آب زلال

دیکھ اس برہان کو وہ حیران ہوا | جان و دل سے طالب ایمان ہوا

ہو گیا پر اشک ریز وہ غلام
پھر اٹھا وہ خواجہ کا اور پایا قیام

تھک رہے جنبش سے اُسکے دست و پا
زلزلہ اندام میں اُسکے پڑا

آپنے کھینچا اُسے اندر کنار
اور کہا اُس سے کہ ہو تو ہوشیار

وقت حیرت کا نہیں ہے یہ جوان
راہ ایمان میں در آ او بے گمان

کھلے تب باہی حبیب حق پہ سر
ہو گیا ایمان سے وہ بہرہ ور

سر پہ رکھ دست رسول کبریا
عشق سے دیتا تھا اُسپر جو بہا

آپنے دست مبارک کو اٹھا
چہرۂ زنگی پہ شفقت سے ملا

ہو گیا وہ سرخ رو با آب و تاب
مشک سے کافور سے زر ناب

مثل یوسف ہو گیا وہ باجمال
آپ لے جو قوم سے جا کہ یہ حال

وہ ہوا آگے رواں بے ہوش و مست
یا نہیں پہچانتا تھا وہ نہ دست

پس وہ آیا خوش بہ شکل پر دوان
پیش خواجہ از نواح کاروان

دیکھ اُسے خواجہ بہت حیران رہا
اہل قریہ کو طلب اُسنے کیا

اُسنے بولا کہ یہ ہے میرا شتر
پر نہیں ہے یہ وہ بندہ بلکہ حر

یا ہوا برگشتہ مجھسے وہ غلام
کھا لیا یا گرگ نے اسکو تمام

جب ہوا نزدیک خواجہ نے کہا
کیا تو زنگی ہے کہ ہے تو ترک زا

اُس سیہ کو کیا کیا تو نے تباہ
مار ڈالا یا کہ ہو کیا ماجرا

بولا وہ میں ہوں وہی بندہ ترا
تھا جو میں بیقدر سو قدری ہوا

میں وہی ہوں تھا جو با رنگ سیاہ
فضل یزداں سے ہوا میں ہمچو ماہ

خواجہ بولا تو نہیں ہے وہ غلام
رہت ترکہ سر گذشت اپنی تمام

عرش کی اُسنے وہی ہیں بندہ ہوں
گو سیاہی سے مبرا بندہ ہوں

رنگ بدلا ہے ولیکن جان پاک
ہے بری از لوم از ارکان خاک

تن شناسے ساں جلد مجھکو گم کریں
آب نوشاں ترک مشک و خم کریں

جان شناسے ساں فارغ از اعدا ہیں
بحر بیچونی میں پڑکر شاد ہیں

راہ جان سے جان ہو وہ جان شناس
یا پیش سوز فرزند قیاس

ایک پیدایش ہیں عقل و ملک
ہوگئے حکمت سے دو صورت وہ یک

مرغ ساں پکڑے ملک نے بال و پر
عقل نے بے پر کیا حاصل وہ فر

اسلیے دونوں مناصر ہوئے
دونوں جو بشر و پشت یکدیگر ہوئے

دونوں حق کی طاعت و جدا
دونوں آدم کے معین سجدہ ریز

نفس و شیطان ابتدا سے ایک تھے
حاسد و دشمن جدا آدم کے بنے

جسم دیکھا جسنے آدم کو پھر آ
جسنے نور مومن دیکھا جھکا

وہ جو دیدہ تھے منور بایقین | انکی آنکھوں نے نہ دیکھا غیر طین

یہ بیان الحال نہ سنچ | ہو دو پر انجیل پڑھنا کب روا

شیعہ بت کیونکہ میں نام | اب سکین سر بر ہے بجا ہوش کر

وہ نیاز مرضی و درد تھا | طفل جو انکے لیے گویا ہوا

تو نہیں جو لائق شرح و کلام | ناطقہ ناطق کہے کیا تجھسے کلام

بیان کہ حق تعالی نے جو پیدا کیا موافق حاجت کے پیدا کیا
ایک محتاج جس چیز کا کہ وہی ہے کہ امن یجیب المضطر اذا دعاہ

بہر محتاجان و سب تیرگی | تا طالب کو جو چاہیے وہی

حق نے پیدا کر دیے یہ آسمان | بہر دفع حاجت خوا بندگان

جسکا جو یا جو ہوا وہ پائیگا | جملہ عالم کا ہے حق حاجت روا

درد ہو جسکا دوا پہونچے وہان | نان پہونچے بینوائی ہو جہان

ہو جہان مشکل ملے مشکلکشا | آب پہونچے ہو جہان پستی کی جا

تا نہ کوئی طفل ہو نازک گلو | شیر پستان ہو نہ جاری ہیچ جو

تا سقاہم ربہم آوے خطاب | تشنہ ہو واللہ اعلم بالصواب

سلام کرنا اور ایمان لانا طفل دو ماہہ کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو

عیسی سخن گویا ہی بالکل حضرت مریم کی گہوارہ مین دی وہ درد و نیاز حضرت مریم کا تھا ایسا ہی اس کلام کے لائق اہل درد ہین ۱۲ ہر حاجت کے واسطے خدا نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے جسکا طالب ہو پاوے ۱۲

ایک عورت کا فرزند اکبار — طفل دو ماہہ کو لے اندر کنار

کہ کے یہ وادی کو بھیجو ہے مرا — امتحاناً آئی پیغمبر کے پاس

تھا وہ طفل شیر خوار بے کلام — پھر کیا اُس نے پیغمبر کو سلام

خشم کرتا ماں کہا اس سے خموش — کس نے ڈالا یہ سخن تیرے بگوش

کس نے سکھایا تونے اے طفل صغیر — ہو گیا ہے جب سے تو ہرسن کبیر

بولا وہ حق ہے مرا آموزگار — واسطہ ہے جبرئیل نامدار

ماں نے بولا دیکھتا ہے تو اسے — بولا وہ موجود ہے سر پر مرے

مجھکو وہ سکھلاتا ہے آواز سے — کردیا مجھکو زارباب عقول

آپ نے پوچھا کہ تیرا نام کیا — بولا وہ عبد العزیز اے مصطفیٰ

نام میرا ہے پیش حق عبد العزیز — پر کہیں ہیں عبد عزی بے تمیز

میں ہوں تیری سے بفضل حق بری — حق ہے جسنے تمکو دی پیغمبری

کودک دو ماہہ جیوں ماہ بدر — دس برس کا تھا جیوں اصحاب قدر

آیا جنت سے حنوط جانفزا — جس سے مغز طفل ما و خوش ہوا

دونوں کہتے تھے کہ از خوف سقوط — خوش ہو جانبازی ہیں کہ بے حنوط

جسکا ہوتا ہے نگہبان خود اللہ — ماہ و انجم بھی اسے رکھتے نگاہ

[illegible]

جسکا حافظ ہو خداے ذو الاکرام	اُسکے نگران مرغ ماہی ہیں تمام
ہی ترا اسکا بپابند قضا	کون کھوے اسکی چیز وقت
دانش و جرأت خدا سے کر طلب	یہ کتاب و قوت جاہل ہو سب
کس لیا کب جو قدرت بیان	عاجزی ہی بنائے پرہیزگار
عجز کو اپنے تو کر تیار	نفس کی آفت سے ہو
خواہشات نفس سے ہی تجھکو غم	ہی ترا استاد شیطان مدام
آرزو ہی کاہل ہی جس نے	کا شکر یہ ہو کبھی اغنیب تو

بیان یہ کہ ریاضت میں سر سبزی ہی اور دنیا نہ چاہیے ہو

آدمی کو حق نے بخشا اختیار	پیش ہو جبری تو ہو بیگو شعار
حق نے کر منا ہی آدم کہا	کی اُسے ہر کام کی قدرت عطا
سو وہ سترہ ہی قدرت میں چھپے	ہاتھ سے قدرت کو تو اپنی نہ دے
زندگی حق کی عبادت میں گذار	شکر اس قدرت کا کر لیں وہ بار
حاکم دنیا سیاست جب کرے	سر کو لیتا ہی بچا کچھ بال سے
تن فنا کر جان کھوے اسکی غوث	اک عمل تیرا نہو گا بے خوش
مومنون کو ہی عبادت عیش گوار	کافر اسکو جانتے ہین ہر بار

[illegible]

جو یہ تجلی اُنھین ہووگی	تجھ مین کیون جا اُنھون نے ڈالی
اولیا اس راہ سے آگاہ ہین	اور سب اس راہ سے بیراہ ہین
سالکان راہ نے بہر بقا	پیشوا اپنا ریاضت کو کیا
جو نہین تھا اسمین وا انکو تمام	کیون کیا اپنے پہ راحت کو حرام
بے عوض دنیا خدا کا کام ہے	یا ولی کا جسکا فیض عام ہے
بے غرض دیکھا نہین کوئی سلام	ہون جسمین اُسکو امیدین تمام
تن ہاتیر عبادت مین اگر	زندہ جاوید ہو جان سر بسر
قول ہے موسی کا دنیا جا مرگ	آخرت کا جلد کر تو ساز و برگ
یہ جہان فانی نہین جا معاش	آخرت باقی ہے اسکی کر تلاش
جسم یا اموال ہون ضائع اگر	جان کا اسمین فائدہ ہے سر بسر
پس سجان کر تو ریاضت کو قبول	تن کو رکھ خدمت مین اُسکی مشغول
ہو جو توفیق ریاضت شکر کر	بوجھ اُسے حق کی عبادت ای پسر

جواب امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کا خلائق کو

تھے جوان جب حمزہ عم مصطفی	بازنہ بستے مدام اندر وغا
اندر آخر جب آتے تھے جنگ	بے زرہ لڑتے تھے وہ با نام و ننگ

خلوت میں پوچھا کہ ای قوم رسول ‖ ای ہنر بر صدف شکن شاہ و نخول

بانزدہ ہتھے تم جب جوان ‖ بے زرہ ہو جبکہ ہو تم کم توان

لا ابالی وار با تیغ و سنان ‖ کیون در آتے ہو بجنگ کافران

بولے وہ جسوقت ہین ہم جوان ‖ موت کو سمجھا و داغ جاودان

کوئی کیسی موت کی رغبت کرے ‖ اژدہے کے منھ مین کیونکر جا مرے

پر طفیل نور احمد اب مجھے ‖ یہ جہان معلوم ہوتا کھیل باز

عالم سفلی ہے فانی و خراب ‖ مرگ مین حاصل ہے مجکو فتح باب

حسن ظاہر مین بلشکرگاہ شاہ ‖ دیکھتا ہون پر بنور حق سپاہ

خیمہ و خیمہ طناب اندر طناب ‖ لشکر نور خدا ہے بے حساب

جسنے سمجھا تہلکہ اس موت کو ‖ حکم لا تلقوا کا وہ پابند ہو

موت ہے جسکی نگہ مین فتح باب ‖ سابقوا کا اسکو آتا ہے خطاب

الحذر ای مرگ بینان ارجعوا ‖ العجل ای حشر بینان سابقوا

الصلا ای لطف بینان شاد ہو ‖ البلا ای قہر بینان تم ڈرو

دیکھا یوسف جسنے ہے کی جان فدا ‖ جسنے دیکھا گرگ برگشتہ ہوا

موت ہر یک کے ہے ہمرنگ جان ‖ آئنہ صافی بر و ہمرنگ جان

آئینہ ہو تیرگی سے خوشتر نگ تر | ہو وہ کالا اسے زنگی اگر
نور دین جب تک نہ حاصل ہو تجھے | آگ تیرے نفس کی کیونکر بجھے
خلق سب یکسان ہیں پھر بیا بزار میں | پر کوئی خوشدل کوئی آزار میں
ایسے ہی ہیں مرگ میں یکسان اہم | پر ہیں بعضے غم میں بعضے شادکام
تنگ ہے سب انبیا کو یہ جہان | ہیں وہ خسرو اندرون لامکان
اہل دنیا میں ہے دنیا کا وقار | ظاہر اسکا خوب باطن سخت خوار
ظاہرا خوشتر و لیکن تنگ تر | خندہ اوسکا گریہ عزت ننگ ہے
تن اگرچہ مرگ سے ہے بیقرار | جان کو ہے ہر دم نکلنا خوشگوار
درد سے جیسے زن بیتاب ہے | طفل کو شادی کا فتح الباب ہے
بیخبر ہے ایک بار درد و کرب | باخبر ہو وین ملے صاحب نظر
حال اپنا تو نہیں سمجھا تنا | تجھسے بہتر صاحب دل جانتا
جیسے پر تیری جو دیکھے اہل دل | خود ہیں کب تجھے تو ای از خود خجل
تن سے جب غافل ہوئی روح بدن | اسپہ ہو علم لدنی منکشف
سب گرانی و تعب ہے تن کی بات | تن گیا پھر جان ہے روشن صفات
تن سے جب فارغ ہوئی روح بشر | علتیں جملہ ہوئیں باہر سے در

پھر تو جان جانفی ہو مثل آفتاب | منقطع اعلیٰ کی جانب بے حجاب

جان ہے ہم پھر عقل پر ادراک تر | روح ہو کب اسکی منظور نظر

جان کرے جب عقل میں تاثیر ہا | عقل اس سے پھر کرے تدبیر ہا

ماہیان قعر دریا ہی جلال | بحر سے سیکھے ہین یہ سحر حلال

کیا خبر ہو تجھکو انکے قال سے | تو نہ سمجھے ہان مگر امثال سے

حال انکا تا ہے آیا محال | نحس اسجا پر ہوا ہی نیک فال

زہر شکر ہو گیا وان بالیقین | ہو گیا سنگ اس جگہ در ثمین

سنگ گر ہے خاک زر پا سر ہے | جز بہ بینا سہنین ہین دیدہا

کاملین جانیں ہین اس اسرار کو | حال انکا کاملون سے پوچھ لو

لیک ماہیات اوصاف کمال | کون سمجھے جز با آثار و مثال

طفل کب لطف طلی سے ہے خبر | مے مثال اسکو تو باحلوا ترا

پس ہوا ہے فہم طفلان پر نظیر | عقل کے نزدیک از بس ناگزیر

راز اس واجب کی ذات پاک کا | آدمی کے فہم سے ہے کب جدا

محرمان حق سے جب ذات صفات | غیر مخفی پھر نہان ہو کون بات

جمع و تفریق درمیان نفی و اثبات

جب ہوا بندہ فنا باقی بحق
نفی اور اثبات کا ہے مستحق

ہست اور نیست جو کہا
نفی اور اثبات کو ثابت کیا

نغمے جینکی ہیگی تو نے تھی
کیونکہ یہ قوت تجھے حق سے ملی

تو جدا سو جو تھی وہ ذات رب
تو نہ تھا باقی مگر اسکے سبب

یہ کہا قائل نے نہیں [illegible] ہے
کب ہو وہ درویش جو باخویش ہو

بلکہ ہوا جو وہ فنا باقی بحق
وصف اُسکا فانی رب فلق

شمع کی لو جیسے پیش آفتاب
ظاہرا ہے نیست ہستا [illegible]

ہست اُس رو سے کہ [illegible]
نیست اس رو سے کہ ہے پرتو اسکا

روشنی اسکی فنا سے ذات ہو
اُسکے شعلہ کی بقا اثبات ہو

شہد وہ جس میں کہ آکے تو دخل
ذات سے اپنی فنا ہو کے حل

ذائقہ میں شہد خود باقی رہے
وزن میں بڑھ جا جو تو لیں اُسے

ہے یہ فکر ناقص اندر کا رہے
عشق کی جوشش ہے [illegible]

نبض عاشق بے ادب عقل سخ
کفہ شہ میں جو رکھے آپ کو

بے ادب اُس سے نہیں جہان
با ادب اُس سے نہیں اندر نہان

جو بظاہر اُسکو دیکھے بے ادب
عشق کے دعوی کا اُسکے ہے سبب

جو نہان نہ دیکھے تو پھر دعوی کجا | پیش سلطان تو بھی ہم خود نما
ما کہم اس شرح کے اندر بسا | رب سلم رب سلم کہو بس
قبض مین ہو بسط کا امیدوار | چین بہ پیشانی نہ لا تو زینہار
کون کان انس و جان تا یان ہوش | غم جگر کہو واسطے شاہ ہی پیش
آنکھ لڑکون کی ہے آخور پر | عقل ہے تو آخرت مین فکر کر
موت کے آنے سے پہلے مر ابھی | تا کہ ہو زندہ بعشق سرمدی
وہ مسلم نہ تھے ہین عاشق اپنی جان | مرگ ہے انکو حیات جاودان
انکو وہ سب جان کر دیوے خدا | وہ کرین ہر دم تمام اس پر فدا
ایک کے بدلے انہین دس عطا | وارد قرآن ہے عشر امثالہا
ناجوانمردون کا تو مت سن کلام | عشق کا کب جانتے ہین وہ مقام
ناجوانمردون کے پیچھے تو جا | عاقبت مین کچھ تو پچھتائیگا
سخت محنت لیک دین کی تجھکو ہے | لاف بازی سے تو انکی منھ کو موڑ
نفس شیطان دونون ہم عصر ہین | بالیقین تیرے وہ بد اندیش ہین
مال و تن سب جائیگا ہر طور پر | اس سے بہتر راہ حق مین دو کر
رنج غربت کا نہ دیکھا تو نے یار | کب ملے معشوق کا تجھکو دیار

سنئے یہ تمثیل اپنی قدر جان	مت پھرا تو وہ بلا سے ای جوان

یہ حکایت بطور تمثیل کے ہی کہ مومن ابتلا سے بھاگتا ہی جیسے دانۂ نخود وقت بھوننے کے

جب نخود کو دیگ مین تھی جوش	وہ اُچھلا اسمین کرتا ہی خروش
مارتی کفگیر کد بانو اُسے	تا نہ اُچھلے خوب آتش مین لگے
یہ نہ گمانا کچھ عداوت سے نہین	بلکہ ہو پُر ذائقہ گلکر کہین
تا کہ ہو محبوب طبع قوت جان	یہ نہین خواری ہی لیکن امتحان
کسلیے مدت تلک وہ سبز تھا	جاے آتش آب وہ پیتا رہا
رحمت حق کو ہی سبقت قہر پر	تا کہ نقد زندگی پاوے بشر
ہی تقاضا پھر تو حق کے قہر کا	تا کرے ایثار وہ نقد بقا
جب کرے نقد وجود اپنا نثار	دے بقای دائمی پروردگار
قہر کے آگے سر اپنا کر فدا	ہیچو اسمعیل سر اپنا کٹا
یہ گمانا وہ نہین جس سے مرے	بل حیات جاودانی ہی تجھے
جان ہی تسلیم مقصود ازل	سونپ دے جان تا سکتا ہو بخلل
اہی نخود کر جوش اندر ابتلا	تا رہے باقی نہ ہستی سے ذرا

ولنبلونکم بشیء من الخوف والجوع ونقص من الاموال والانفس والثمرات وبشر الصابرین الذین اذا اصابتهم مصیبة قالوا انا لله وانا الیه راجعون

ہو غذا و قوت اندیشہا	شیر تھا ہوشیار اندر بیشہا
تھا تو اندر صورت باران آب	اب چلا اندر صفات مستطاب
جزو شمس و ہوا باران پہلے تھا	نفس و فعل و قول و فکر تھا ہوا
ہستی حیوان ہی با مرگ نبات	راست آیا اقتلونی یا ثقات
جبکہ یہ اسپر ہی ہکو بعد مات	راست آیا ان فی قتلی حیات
پس تعجب جا شیرین خوش باختیار	فی یہ تلخی و کراہت زرد وار
جبکہ تلخی سے تو دل پر خون ہوا	جملہ تلخیہا سے تو بیرون ہوا
پھر تو ہوا اسوقت شیرین خوی عسل	فارغ آوے تو تو بہتیں تجھیہ
جو ہوا صابر منہین اندر بلا	مقبل درگاہ حق و کب ہوا

تفسیر واجلب علیہم بخیلک و رجلک

جبکہ تو کرتا ہی عزم دین درست	مارتا شیطان ہی تجھپر بانگ چست
یعنی اے نادان نکر یہ پیروی	تجھپہ لاویگی فلاکت و غوی
بینوا ہو جائیگا یاروں سے دور	خوار ہو ہوگا پشیمان پر ضرور
سنکے تو اس ملعون کی ندا	بھاگتا ہی غار مین کر دین ہا
اور یہ کہتا ہی کہ ہی مہلت دراز	ڈھونڈھ لونگا کل کو میں راہ نیاز

خلق کو دیکھا جو مرتے کد کیو
پھر تو لاتا ہی طرف خدا توبہ کے رو

دین کو کرتا ہی تو اپنے استوار
خوف سے مرنے کے ہو کر بیقرار

پھر تجھے کہتا ہی شیطان مکر سے
کیون ہوا تخویف تیغ فقر سے

سخت گھبرا کر تو کرتا پھر گریز
دین اور دانش سے ہو کر ستیز

سالہا اس بانگ کا تو بندہ ہو
ایسی ظلمت مین نمد افگندہ ہو

ہیبت آواز شیطان نے گرو
کر لیا کیسا تمامی خلق کو

تو سے یا یوں ہی لیا انکی جان
گو ہین ہون جیسے جان کا فران

خوف اس یا نوی کا ہی جب حال
ہیبت بانگ خدا اپھر کر خیال

لیکن اس ہیبت سے ہی تو بے خبر
تجھ پہ ہی شیطان کی ہیبت بسر

باز سے ڈرتا ہے کبک غریب
مکھیون کو اس سے کب یہ ڈر نصیب

باز مکھی کا نہین کرتا شکار
بلکہ لیجاتی ہی مکڑی اسکو مار

دیو مکڑی تو ہو مکھی سے بتر
کر و فر اسکا ہی تجھ پر مختصر

بانگ شیطان گلیان اشقیا
بانگ سلطان پاسبان اولیا

ولیکن تیرے مہر حق ہو وے اگر
مہربان ہو تجھ پہ رب بحر و بر

دو قوت جالب سے محبت چاہیے
کس طرح اک ہاتھ سے تالی بجے

ضرب حق عاجز کو تھی چھپ کر لگی	جب خود اپنا ہی تو دشمن ہو گیا
ہے خدا کا لطف اندر بیکسی	اس کو کیا [illegible]

تبسم فرمایا حضرت رسولؐ نے ان پر اور فرمایا اس حدیث کو
عجبت من قوم یجرون الی الجنة بالسلاسل والاغلال
تعجب ہے ان لوگوں سے کہ کھینچے جاتے ہیں جنت کی طرف بیچ طوق و زنجیر

جبکہ پائی لشکر دین نے ظفر	قید میں کفار آئے بیشتر
جب چلے لیکر انھیں سب کر کے اسیر	وہ لگے فریاد سے کرنے نفیر
دیکھ حال قیدیان با سزا	مسکرائے فخر پیغمبر دوسرا
اس تبسم سے وہ با غیظ و محن	تھے رسول کبریا پر طعنہ زن
پیستے تھے جملہ وہ پیچ غضب	سید ابرار پر دندان لب
پر نہ تھی طاقت کہ مارے کوئی دم	کیونکہ تھے پر غل وہ از سر تا قدم
سو ہزار انکا سے چلتے تھے آہ	زیر لب طعنہ زنان ہر گاہ
کچھ نہیں چارہ ہمارے درد کا	ہے مثال چارہ دل اس مرد کا
ہم ہزاروں شیر مردان پر توان	با دو سہ عریان سست و نیم جان
ایسے عاجز ہو گئے با کجروی	یا یہ ہے بد اختری یا جادوی

[illegible]

ہم ہین از شومی بخت و نصیب	جو ہوئے ہم سرنگون اُسکے قریب

یعنی بد نصیبی ۱۲

کیا ہم اُسکی سحر سے بالا ہوا	بے حقیقت سحر ہم سب کا ہوا

کی دعا جسنے شب و روز و صلوۃ	پیش لات و پیش عزی و منات

اگر چہ حق نے کیا اسکو بلند	جو تمہین ہی کر دیا اسکو زیر بند

تو تمہین دیکھا تو بہ منصور تھا	ہم کبھی ظلمت تھے پردہ نور تھا

آپ نے اس حال کو معلوم کر	دیکھ ہم کی آنکھین آخر جہ[illegible]

[illegible] وقت آواز است	بند مین دیکھا تھا سرگردان و [illegible]

بامدد شہ آسمان پر جا [illegible]	مین نے جو دیکھا وہی ظاہر ہوا

تمکو سب کو دیکھا سرنگون	پیشتر کا یا زآب و گل بدن

جنگ میری اسلیے ہرگز نہ تھی	تا کرون تسخیر دنیا ہی و فی

یہ جہان سب جیفہ و مردار ہی	کب مجھے اسکی طلب درکار ہی

مین جنعون کو توڑتا ہون اسلیے	تا نہو تمکو ہلاکت کفر سے

مین نہین کرتا ہون یہ قتل بشر	تا کہ ہو دنیا مین میرا کروفر

کاٹتا ہون اسلیے چندین گلو	تا رہا ہون انسے جملہ نیکخو

چاہیے مثل پروانہ تمکو	تمکو آتش ہے بسے محبوب تر

بیشتر ہین مومنان خ و فنون	اہل جنت پر خصوصیت ہے زبون
از برای مخلصی مومنان	ہے مناسب مخلصی کافران
مین بچاتا ہون تمھین با ہر دو دست	آتش دوزخ سے ای دنیا پرست
مانگتے ہو تم بہشت ہم جایگاہ	مین دکھاتا ہون تمھین جنت کی راہ
یہ تماشا دیکھکر یاران عجیب	مین ہنسا اے مردمان بے نصیب
بس مقلد کا یہی احوال ہی	راہ دین مین جو کہ نیکو فال ہی
کھینچ لیتے ہین انہین اہل مقام	دست بستہ جانب دار السلام
قید ہو ہر یک بطور ابتلا	راہ چلتے ہین طفیل اولیا
جب کہ اس راہ مین ہی نیکنام	مصطفی کا جان و دل سے ہو غلام
ہی محبت حق کی با امید و بیم	تارہ تقلید سے پاوے نعیم
وہ محبت حق ہی جو حق کے لیے	پاک ہو سب علت اغراض سے
بیغرض یا با غرض جب ہے طلب	سب کو خود کھینچے ہی اسکو لطف رب
عاشقان ہیں یہ ہین معشوق آفتاب	ہون فنا اسکی بقا مین جو شتاب
جبکہ ہو خورشید تابان چرخ پر	انجم و شب کا ہے پھر کب اثر
کب ہے پشہ بوقت تند باد	فہم کرو واللہ اعلم بالرشاد

تجھکو اے مشتاق ہو یہ آرزو — عشق مین بہتر ہی ہو جو نیست تو

دوست ہے وہ جو کہے اے کردگار — مین ترا بندہ ہون تو پروردگار

داد چاہنا مچھر کا ہوا کے ظلم سے حضور سلیمان علیہ السلام مین

باغ سے مچھر سلیمان پاس جا — باد کی بیداد کا شاکی ہوا

کہا ہو تم اے انس و جان کے بادشاہ — عدل سے تیرے ہی تھا ظالم کو بیا

مرغ و ماہی کو ہے تم سے امان — دو تیرے فضل سے ہین فران

باد کے جور و جفا سے ہم غریب — سیر گلشن سے رہے ہین بے نصیب

داد دے اس غم سے کر ہمکو جدا — دستگیر اے دوست تو دست خدا

بولے پیغمبر کہ اے انصاف جو — چاہتا ہے داد کس ظالم سے تو

اے عجب اس عہد مین ظالم کہان — جو نہین محبوس ہے اندر جہان

جب ہوا مین ظلم اُس دن مر گیا — عہد مین میرے کہان جور و جفا

جب میں آیا نور پھر ظلمت کجا — بالیقین ہے ظلم کو ظلمت غذا

بلکہ اب کہا ہے مین نے وہ طریق — تا نہو فریاد خوان کوئی فریق

بولا پشہ داد مجھکو باد سے — ہے کہ وہ مغرور ہے بیداد سے

ہم اُسکے ظلم سے ہین سخت تنگ — ورنہ وہ ہیلگر ہمنے بجنگ

داد ہم سب کی تو دے اس باد سے | ای کہ تو ہو صاحب شفقت بسے
تب ہوا ارشاد سلطان غیور | خصم کا ہونا یہاں ہی ہے ضرور
مدعی تنہا اگر دعوی کرے | فیصلہ کس طرح ہو بے خصم کے
باد کو یہ حکم پہونچا پھر شتاب | آکے اس دعوی کا دے شافی جواب
باد سن یہ حکم آئی تیز تیز | دیکھ اسے مچھر نے لی راہ گریز
مدعی سے تب سلیماں نے کہا | داد کا طالب ہے پھر کیوں بھاگتا
عرض کی اسنے کہ ای شاہ جہاں | زندگی اس باد سے میری کہاں
جب وہ آتی میں کہاں پاؤں قرار | ذات سے میری وہ برلاوے دمار
ہے اسی مانند تیرا ماجرا | جب خدا آیا تو بندہ لا ہوا
وصل ہے گرچہ بقا اندر بقا | لیک پہلے اس بقا کے ہے فنا
سایہ ہا ہوتے ہیں سب جویائے نور | نیست ہو ویں نور کا جب ہو ظہور
رہ بدر حق کے فنا ہے سب جہان | پھر بقا بعد از فنا ہے بیگمان
ہو گئی ہے عقل اس محضر میں لا | جب یہاں پہونچا قلم بے سر ہوا
فضل عشق خو سے ہے انساں فضول | ہے اسی سے وہ ظلوم ہم جہول
کیونکہ جاہل صید مشکل کیسے پائے | شیر کب خرگوش کے پنجہ میں آئے

علی السموات والارض والجبال فابین ان یحملنھا واشفقن منھا وحملھا الانسان انہ کان ظلوما جہولا

شیر کا جو دبدبہ وہ جانتا	کب شکار اپنا اُسے پہچانتا
ظلم جس ظالم نے اپنے پر کیا	عدل پہ ظلم سبقت لیگیا
جہل اُسکا علم کا استاد ہی	علم اُسکا جہل کو ارشاد ہی
اے سرا میں قیا مت گاہ عشق	اے تو عشق عشق انی لخواہ عشق
اولیں خلعت جو دیگا مجھکو تو	حسن مرنا ہے یہی ہی آرزو
حال میرا گو تو بہتر جانتا	کہہ قبول اتنا مرا تو مدعا
ہیں عیاں تجھپر ہمارے قلبہا	نقد سا انکو پذیرا کر لیا
دو جہاں کا عشق ہی بیگانگی	عشق میں ہو جو تر دیوانگی
عاشقوں کو بادہ تحقیق ہی	عشق پنہاں ساقی صدیق ہی
بندہ حق سایہ حق میں درا ہے	طالب اُسکا تب اُسے لاریب پائے
جا ئیگا جس سے یہ تو با اعتقاد	پائیگا اُس در سے آخر کو مراد

تجھکو جو مطلوب ہی یہ گفتگو
دفتر چارم سے کر تو جستجو

تمام ہوا خلاصہ دفتر سوم کا

خلاصہ دفتر چہارم مثنوی مولانای روم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تمام تعریفین واسطے اُس خدا کے ہین جو لائق تعریف وستایش کے ہو کہ جسنے بقدرت کاملہ وحکمت بالغہ خود چار نامہ انوق کو کیسا موافق کیا اور صورت مقیدمین ہر طرح کا جلوہ اپنے ظہور کا رکھا ے عشق مے باز د خدا با خویشتن ٭ شد بہانہ درمیان مرد وزن ٭ اور درود نا محدود اُس نبی محمد محبوب رب الودود پر کہ اگر ذات پاک اُسکی نہوتی تو مطلق اس مقید کا عاشق نہوتا اور یہ چار مخالف کہ مثل ربعہ متناسبہ کے ہین تناسب ملیح نپاتے اور اُنکی آل اطہار اور اصحاب باوقار پر جو رکن رکین چار مقام

بلکہ عارف اُن تمام کے ہین آمابعد یہ حرکت ہمارہ ہی
طرف نیکترین منزلون اور بزرگترین فائدون کے شاد و
خوش ہوتے ہین دل عارفون کے اُسکے مطالعہ سے مثل
خوش ہونے باغون کے قطرہ فشانی ابر سے اور مانند
آرام پکڑنے آنکھون کے خواب خوش سے بیچ اس حرکت کے
راحت ہی جانون کی اور شفا اُنکی اور وہ حرکت ایسی ہی
کہ چاہتے ہین اُوسے مخلص اور دوست رکھتے ہین اسکو اور
خواہشمند ہین اُسکے راہ چلنے والے اور آرزومند ہین اُسکے
منزل مقصود کے ڈھونڈھنے والے چشمہاے اہل عشق کو
اُس سے خنکی ہی اور نفوس کیئہ اہل بنیش کو اُس سے خوشی
وہ خوشتر ین میوہ ہی واسطے اُسکے جو چُنے اور بزرگترین
آرزون کی ہی جو تمنا کرے پہونچانے والی جبار کی طرف
اُسکے طلب کے اور راہ دکھانے والی دوست کی بجانب
اُسکے حبیب کے اور وہ حرکت بحمد اللہ بزرگترین عطیات اور
نفیس ترین مرغوبات ہی تازہ کرنے والی زبان الفت کی

اور آسان کرنے والی دشواری اہل رنج وکلفت کی افزون
کرتا ہی دیکھنا اسکا تاسف اس شخص کو جو اس سے دور ہی
اور خوشی و مستی اسکو کہ نیک بخت اور اسکے حضور ہی وہ حیرت
نور ہی واسطے یارون ہمارے کے اور ایک گنج ہی خاص کی
پس آیندون ہمارے کو رحمت کرے اللہ اگلون اور پچھلون
دریادلون دانشورون ایفا کنندگان وعدون پر ساتھ
فضل وکرم اپنے کے اور ساتھ نعمتون بزرگ اپنی کے وہ
بہترین سوال کیا گیا ہی اور بزرگترین امید رکھا گیا ہی پس
وہی بہتر و برتر ہی درحالیکہ وہ نگہبان ہی اور مہربانترین
مہربانون کا اور بہترین وارثون کا اور بہترین روزی
دینے والون کا و بہ نستعین والحمد للہ رب العالمین

وہ حسام الدین تر افیض نظر — مثنوی جس سے ہوئی شک قمر
ہمت عالی تری ای جان جان — اسکو کھینچے ہی خدا جانے کہاں
جبکہ تو اس نظم کا مبدا ہوا — ہو جو افزون تو نے جو افزون کیا
جو خدا چاہے وہی تو چاہتا — حق ہو حاجت بخش جملہ اتقیا

خدا جانے کہاں کھینچ کر لیجائیگا جبکہ تو سبب تصنیف کا ہوا تو جسقدر وہ زیادہ ہو تیری ہی زیادہ کی ہوئی ہو بسبب شوق تمام کے ۱۲

کان للہ تھا جو تو در ماجرے | تا کہ کان اللہ لہ آئی جزا

شنو ہی تھی تیری شاکر اصفیا | ہاتھ اوٹھا کرتی تھی شکر و دعا

حق نے جب دیکھا ہے شاکر است | لطفہا فرمائے اوسپر بیشتر

کیونکہ شاکر کو زیادت وعدہ ہی | واسطے قربت کے جیسے سجدہ ہی

آیہ واسجد واقترب قرآن مین دیکھ | قربت جان سجدہ ابدانمین دیکھ

جو زیادت اسکی ہی اس وقت ہی | نی درازی اسکی ہا و ہوست ہی

جا تو لے اس کاروان کو تا بحج | ای امیر الصبر مفتاح الفرج

حج طواف خانہ ہی ہر روزگار | حج رب البیت مردون کا شعار

اسلیے مین نے شہا تجھکو کہا | تو ہی خورشید اور یہ ہی ضو و صفا

حج فقط ہی سیر حق کے دار کی | تو ہی کچھ اور ہی اس یار کی

جبکہ پاوے دولت دیدار یار | کب ہو پیدا در و دیوار یار

جب نیاز و درد سے عشق طلب | تب کرے بندہ شکایت پیش رب

حق کرے اسکو یہ رنج و بلا | منزل مقصود پر ہو رہنما

فی الحقیقۃ ہی عدو دارو تری | کیمیا ای نافع دلجو تری

بھاگتا ہی جس سے تو اندر خلا | استعانت فضل حق سے مانگتا

دوست وہ تیرے نہیں ہیں اے شقی	دور والیں جو غضب سے ہو بچو
وہ دوا اگر تو بلاکش ہو سکے	جو بچے شہود و پھرتا شقی
انبیا پر جو ہوا رنج و تعب	خلق سے بڑھکر تو تھا تقوی و تعب
تاکہ جان انکی سب ہو وین پاک	اسلئے انکو نہ تھا کچھ ترس و باک
جو کہ پہونچے جو بلا انکی غیر	دفع اسکا بر ترا ز تدبیر
جو جفا دیکھے تو شیرین ہو بلا	جسمین ہو سختی وہ ہے شیرین دوا

سوال کرنا ایک مرد کا عیسی علیہ السلام سے

ایک نے جاکر مسیحا سے کہا	سخت تر ہے اس جہان میں کیا بلا
آپ بولے سخت ہے خشم خدا	کانپتی ہے جس سے دوزخ و سما
عرض کی اسنے کہ ہو کیونکر اماں	آپ بولے چھوڑ تو غصہ یہان
جبکہ ترک غیظ ہو خط پناہ	ضبط کر کے یا دلا خشم اله
ہون اگر روشن تجھے یہ چشم سر	الفت ماں باپ سے ہے نیکتر
تو مقام راستی میں بے قرار	چشم روشن چاہیے جو تجھکو یار
چشم روشن جو ملین تجھکو یہان	ہیں یہ از نعمات ماء و نان
چشم دل ہے در حقیقت ای ہمن	یہ وہ چشم حس ہے جسکی خو شنی

شیخ ہو تیرا جو کوئی راہبر — امتحان اُسکا غرض ہے تو مگر

جو کرے تو امتحان اُسکا بدن — تو بھی ہوگا ممتحن ای بے یقین

ہو جہالت پھر تری اُسوقت فاش — امتحان کی جو کرے اسکی تلاش

جو تجھے وسواس ہے ایسا تو زود — روبروے حق تو ہو اندر سجود

سجدہ کہہ تر کر تو با اشک روان — کای خدا اگر دور میرا یہ گمان

امتحان تیرا جو ہو مطلوب یاں — مسجد دین ہو تری خروب دار

امتحان میں جو تجھے وسواس ہے — رو بحق لا اس گمان کو دل سے کھو

تانگہ رکھے تجھے وہ ممتحن — از گمان و امتحان انس و جن

قصہ بنای مسجد اقصی کا

ای ضیاء الحق حسام الدین تو آ — پڑھ فسانہ حضرت داؤد کا

جو درآیا عزم داؤدی بہ تنگ — تا بناوے مسجد اقصی بسنگ

حکم ہو پہنچا ترک کر اس کام کو — ہاتھ سے تیرے نہ یہ انجام ہو

ہی نہیں تقدیر میں تیری یہ نام — تا برآوے مسجد اقصی کا کام

عرض کی داؤد نے ای کبریا — جرم کیا جو ہو نہ مجھسے یہ بنا

حق نے فرمایا نہیں کیا یہ گناہ — خون مظلومان ہی تیرا داد خواہ

تیرے الحان سے خلایق ہشیار	مر گئی اور رہ گئی اُسکا شکار
عرش کی تھا مین سے مغلوب حال	ہاتھ تھا میرا بندھا اے ذوالجلال
کیا نہ جو مغلوب تھا مرحوم تھا	کیا نہ المغلوب کالمعدوم تھا
حق نے فرمایا کہ غدمیت کجا	چپ ہو یہ مجہول ہو دعوی ترا
جو ہمارے لطف مین مغلوب ہے	وہ نہین طالب ہے بل مطلوب ہے
بے سگال اندر سوال و ہم جواب	دم نہ مار اللہ اعلم بالصواب
پھر خطاب آیا بداؤد از خدا	کا ہے گذرین پیغمبر نیک لقا
دل نہ ڈالے اندر تفکر اُس سے تو	رہ نہ دے دل مین ملال اور رنج کو
گو نہو تجھسے بنا اسکی تمام	پر کرے فرزند تیرا انصرام
فعل اُسکا ہے ترا فعل اے حکیم	مومنون کو ایک جان اندر قدیم

شرح بیان انما المومنون اخوۃ والعلماء کنفس واحدۃ
خاصتہ اتحاد داؤد و سلیمان و جملہ انبیا کا کہ اگر ایک سے
بھی اُنمین تو منکر ہوا تو ایمان ترا ساتھ کسی کے بھی درست نہو
یہ علامت اتحاد کی ہے کہ لا نفرق بین احد من رسلہ

مومنان سب جان واحد ہین بہم	ایک ہین سب دین کے ثابت قدم

ہین تشخص مین جدے ایمان ایک ‌ ‌ ‌ تن سے ہین وے معدد لیکن جان ایک

ہین جدے فہم و عقل اگا و خبر ‌ ‌ ‌ لیک انسان کی ہی عقل و جان گہر

پھر جدا از عقل و جان آدمی ‌ ‌ ‌ ہی نہی کی جان او جان ولی

جان حیوانی نہین ہی متحد ‌ ‌ ‌ ہین جدے ہر ایک مانند جسد

ایک نے کھایا تو دیگر ہو نہ سیر ‌ ‌ ‌ ایک جو نامرد ہی دیگر دلیر

اک مرے تو وہ سر اشادی ‌ ‌ ‌ ایک کھاوے غم و دیگر کب مرے

جان حیوانی نہین ہی ہر اک جدا ‌ ‌ ‌ متحد ہین جان شیران خدا

ظاہرا ہر اک جدا از روی تن ‌ ‌ ‌ ذات مین سب متحد ہین بے سخن

جسطرح ظاہر مین نور آفتاب ‌ ‌ ‌ ہی بہر خانہ جدا اندر حساب

لیک ہی وہ نور واحد یکسان ‌ ‌ ‌ جب نہ ہو حاجب کوئی اندر میان

جبکہ فانی ہونگے اجسام بشر ‌ ‌ ‌ مومنان یکنفس آوینگے نظر

اسجگہ دشوار تر ہی قیل و قال ‌ ‌ ‌ یہ نہین ہی مثل لیکن ہی مثال

فرق تھا بیحد ہین اندر شخص شیر ‌ ‌ ‌ تا شخص آدمی زادہ دلیر

لیک وقتِ مثال ہی خوش نما ‌ ‌ ‌ اتحاد از رہ جانبازی مراد

تھے مثالِ شیر شاہ مرتضا ‌ ‌ ‌ با شجاعت نی بزور دست و پا

کوئی نقش آسمان نہ کھینچے سیرا	تا مثل اسکی کرون مین تجھ پہ وا
ہان مگر لاتا ہون کچھ قصہ مثال	تا چھٹے حیرت سے عقل خیال
رات کو ہر گھر مین روشن ہو چراغ	ایک کو دیگر سے ہی یکسر فراغ
وہ چراغ تن ہی اسکا نور جان	بے فتیل و تیل روشن ہو کہان
بے فتیل و تیل اسکو کب بقا	یہ فتیل و تیل ہوا آخر فنا
اس فنا مین بھی ہین باقی مگر	روز واہو گیر سب حس بشر
جان کو اور اس کی حس کو جان تو	ہیچو خانہ و حس کبھی فانی ہو
یہ فنا ہی جون نجوم ماہتاب	محو ہون جب طلوع آفتاب
بچ گئے دنیا سے مردان خدا	بے فنا ہین پر صفت سے ہین فنا
ہین صفات حق مین محو انکے صفات	جیسے محو خور دگر نور یا نیات
شاہد قرآن کو سن انکو و فیہ	حق نے فرمایا لدینا محضرون
روح محجوبون کی ہو اندر عذاب	واصلون کی روح خالق کی جناب
اس چراغ حس سے اپنے بالیقین	کچھ بتا پاوے نہین ابھی مرد دین
روح اپنی متصل کر ابھی فلان	زود با ارواح قدس سالکان
کیونکہ نور انبیا ہی آفتاب	ہی ہمارا نور جون شمع و شہاب

ایک مدت تا ایک ہفتا تا بروز	ایک شب مردہ دگر عالم فروز
جان حیوانی کو جارہ ہے حیات	پھر اسیکو ہی بہر گونہ ممات
جان حیوانی کی بس ہے یہ مثال	جان باقی ہی بیشک بیزوال
نفس کے وسواس ہین دشمن تجھے	سر بسر ہین جو حجاب اس عقل کے
جب حجاب شک مین تو مختفی ہوا	دیدہ ادراک کو بس کھو دیا
نفس کی ہر گز نکر تو پیروی	عقل و دین کو پیشوا کر اے اخی
حق نے فرمایا کہ جنت کے مکان	اور بھی اشجار و اثمار جہان
آگہی رکھتے ہین اور جاندار ہین	اہل جنت سے وہ ہم گفتار ہین
اینٹ پتھر کچھ نہین اسمین لگا	بلکہ ہے اعمال و نیت سے بنا
نور حق وہ ہے کہ جسپر ہو عیان	بو علی سے بھی نہو اسکا بیان

بیان یہ کہ حکما آدمی کو عالم صغیر کہتے ہین اور عارف باللہ اسکو عالم کبیر کہتے ہین کسواسطے کہ علم انکا بصورت آدمی مقصور ہے اور علم انکا بباطن اسکے

حکمت ظاہر سے ہے جو بہرہ ور	وہ کہے ہے عالم صغر بشر
پر اسیکو عارفین کاملین	عالم اکبر کہین ہین بالیقین

گو بظاہر عالم اصغر ہی وہ ۔ پر بمعنی عالم اکبر ہی وہ

گرچہ شاخون سے بظاہر پھل اُگے ۔ پر بباطن پھل اصول شاخ ہی

جو نہوتا میل و امید ثمر ۔ کب بنھاتا باغبان بیخ شجر

اس جگہ ہی قول پاک مصطفٰی ۔ سب مرے پیچھے رہینگے انبیا

اول آخر مین ہین اُن سب کے ہون ۔ رمز نحن السابقون الاخرون

ظاہرا گو ہون مین آدم کا پسر ۔ باطنا مین اُنسے آیا پیشتر

سجدہ آدم ہوا میرے لیے ۔ چرخ پر میرے سبب آدم گئے

پس حقیقت مین وہ ہین میرے پسر ۔ جسطرح میوہ سے پیدا ہو شجر

فکر پہلے اُسکے پیچھے ہی عمل ۔ خاص وہ جو فکر ہو وصف ازل

الغرض یکدم مین سیاح تو آسمان ۔ آتا جاتا فکر کا ہی کاروان

ہی نہین اس کاروان پردہ دران ۔ مہلکے سے وہ پھرا یا امن بان

دل تو جاتا ہی بکعبہ ہر زمان ۔ جسم بیچارے طبع دل با امتنان

جسم کو ہی یہ دراز و کوتہی ۔ ہی طریق معرفت اس سے بری

جب گئے اس جسم کی تبدیل حق ۔ راہ کو اُسکی کرے بے میل حق

سو امید اسوقت ہین ہم گام زن ۔ عاشقانہ اُسطرف کہہ بے سخن

گرچہ پیلہ چشم کو ہر ہم تو مار	خفتہ جاتا ہی تو کشتی پر سوار

تفسیر اس حدیث کی کہ مثل اہل بیتی کمثل سفینۃ نوح من تمسک بہا نجی ومن تخلف عنہا غرق

اسلیے ہی قول پاک مصطفےٰ	ہیں ہوں کشتی میں طوفان بلا
ہیں مرے اصحاب ہیں کشتی نوح	جو در آیا اُسمیں ہی اسکو فتوح
ہوکے اندر حفظ جا بخشش قوی	بیٹھ تو کشتی میں کرتا رہزنی
جا وہ پیغمبر ایام خود	تکیہ کم کر با فن با کام خود
ہی دراز و کوتہی اس جسم کو	پاس حق کے کچھ نہیں یہ پوچھ لو
گرچہ ہی تو شیر لیکن بے دلیل	جو گیا اس راہ میں ہوگا ذلیل
جا نہیں تنہا بدون راہبر	تا طریقت سے وہ بے بوجھ خبر
ہو نہ پران لیک با پر شیخ	تا کہ دیکھے عون لشکر ہائے شیخ
قہر کو اُسکے نہ ضد لطف جان	اتحاد انکا تو کر دل میں گمان
جسم عارف کو ملا وصف جماد	تا لگے اسپر گل ونسرین شاد
پر جو وہ دیکھے نہ دیکھے اسکا غیر	جز بمغز پاک بوئے خوش بخیر
مغز کو کر خالی از انکار یار	تا کہ سونگھے طیب صد گلزار یار

کھینچ ہر دو پا کشتی ہو رواں — جو کہ جاتا ہے تو سوے جان جان

پھاٹتا اندر سخن پردہ قیاس — جو نہ ہوتا سمع سامع کو نعاس

اے فلک برسا گہر اس گفت پر — ملک سے اسکے جہانا شرم کر

واسطے تیرے ہی بہتر یہ ثنا — ہو ترا سرمایہ از یک یک ہزار

قصہ ہدیہ بھیجنا بلقیس فرمانرواے شہر سبا کا طرف حضرت سلیمان پیغمبر علیہ السلام کے

جسطرح بلقیس نے مرسل کیا — ہدیہ خود با سلیمان پادشا

ہدیۂ بلقیس تھے چہل اشتران — خشت زر کا اُنپہ تھا بارگران

جب ہوے او دشت سلیمان مین گذر — قاصدون نے فرش اک دیکھا زر

تا چہل منزل چلے اُس فرش پر — زر تہِ خود آیا حقیر اُنکو نظر

قصد ہمراہان مصمم تب ہوا — تا کہ واپس جائین وہ سوے سبا

جس جگہ پر اسطرحکا فرش ہو — ایسا ہدیہ اُسجگہ کب ہے نکو

پھر ہوے کچھ فہم کر وہ سب رواں — جانب تخت سلیمان جہان

جب سلیمان کے ہوے پیش نظر — خندہ آیا آپکو اُس ہدیہ پر

بولے آنحضرت کہ اس ہدیہ کو کب — تمسے تھا کسدن کیا مین نے طلب

یعنے حضرت سلیمان ۱۲

ہین میں کہتا ہوں ہر مجھکو | چاہتا ہوں تم سے لے ہدیہ

نخیب سے مجھکو یہ نادر ہدیہ ہے | غیر کے ہدیہ کی کب حاجت مجھے

یوں جسے اختر ہوتا وہ زرگر ہین | یوں جو اسکو پوجتا ہوں جسکو یہ بین

یوں جسے ہو آفتاب چرخ کو | خوار کرتے جان عالی فرخ کو

ہے ہمارا نان بز مہر سما | احمقی ہے جاننا اسکو خدا

راہ حق میں جو چلے تو راہ پر | چھوڑ دے تو پوجنا شمس و قمر

جبکہ چھوڑا تو نے انجم پوجنا | آفتاب نیم شب سے جا ملا

مشرق اس خورشید کا ہے جان پاک | روز و شب ہے نور جسکا تابناک

آفتاب گم ہے اس نور کے | ایک ذرہ سے بھی کم معلوم ہے

ہے عجب یہ نور جسنے یک بیک | کر دیا ظلمت کو خورشید فلک

طرفہ مینا گر کہ جسکا ایک رنگ | دیکھکر عالم ہوا یکبار دنگ

طرفہ صانع کر کے جسنے یک عمل | کسقدر بخشے خواص اندر زحل

کیا کو اکب کیا جواہر کیا جان | ہین اسی انداز سے سب کا مدان

چشم ہو جسکی نظر میں آفتاب | چشم ربانی کی ہے یہ آب و تاب

آفتاب اس چشم جان سے ہو خجل | جب کرے اسکو کشادہ اہل دل

وا قاصد بلقیس سے پھر سلیمان نے کہا
زر سے تو مجکو دل کے اللہ رسی بچا

جو کہ دیکھا جا کہو بلقیس سے
تا کہ تو وہ تب کو ہوے بے جان سے

ہین نہین ہون طامع زر و گہر
ہو عطا زر آفرین سے مجکو زر

وہ کہ جو چاہے تو جملہ یہ زمین
سر بسر ہو وے زر و ہم در ثمین

مین نہین محتاج اس سے ہون غنی
خاک یون کو کر دکھاتا ہون تجھے

ال دنیا دام دنیا وار ہی
ملک تجھ سے مطلب ابرار کی

اے اسیر دام دنیائے دنی
آ کہ تجھے بتاؤں تو ہو شاہ غنی

ریش پر اپنی نہین ہے تجھ ہنسی
نیک تو بدبو یہی شاہی کی گھر

تو سمجھتا ہے ریش ہو تیری سفید
جو ہنسی اتر وا تیرے عکس الامید

جب تجھے دارہی سے ہے ہو خجالت
پھر نکر تو پادشاہی پر غرور

ہی وہی اک پادشاہ بیزوال
جسکو چاہے بخشدے ملک و مال

پر نہیں شوق مساجد ہو ملا
وہ نہین کچھ ملک و دولت مانگتا

بلکہ کہتا ہے کہ مجھ سے دیگا
مجھ سے کر تو ملک مجھ پر فدا

پادشاہان جہان با بدرگی
پی نہ کہین زشراب بندگی

ورنہ ابراہیم ادہم کی مثال
خاک مین پامال کرتے ملک و مال

مرد حق ہے آنکہ چشم و گوش بشر
اُسے آباد دنیا کا یہ گھر

گر دیا مرغوب اُنکو تخت و تاج
چون شکر شیر مین کیا امتزاج

گنج قارون سا اگر ہے جمع
آخر اُسکو چھوڑ کرتا ہے سفر

لے نہ تو اسلئے تیغ گنج پہ
سر پہ بار اُسکو اُٹھا نہین ڈال

یہ جہان اک چاہ ہے تاریک و تنگ
مثل یوسف چھوڑ اُسکو بیدرنگ

جبکہ تو اس چاہ سے ہوگا بدر
بانگ یا بشری سے ہوگا بہرہ ور

عارفان حق ہین اہل کیمیا
بے حقیقت جنکے آگے کیمیا

حکایت اُس درویش کی جسنے لنگریون کو سنوا کر دیا

نقل یون کرتا ہے اک درویش مرد
طالب یزدان اسیر سوز و درد

خواب مین مجھکو گروہ خضریان
سبز پوش آئے نظر مین ناگہان

مین نے پوچھا کہ کہان قوت حلال
ڈھونڈتا ہون نہ یہ دنیا وبال

بولے کوہستان مین ہے اسکی راہ
اسطرف جانے لگا مین صبحگاہ

تھی غذا میری سدا جنگل کے پھل
تب ہوس اسے گئی میری نکل

دوسری نعمت کی بھلا آرزو
میری خاطر مین نہ رہی ہیچ رو

کسب سے تھی پاس میرے کیدرم
جیب سے رکھتا تھا مین اُسکو بہم

یک بیک صحرا سے آیا اک فقیر / پا برہنہ سر برہنہ جیسے اک حقیر
دیکھ کے اُسے دل مین میرے آیا خیال / یہ ذرہ یہ دون اُسکو بے ملال
تا اُسے کچھ دون تو کھاوے غریب / بعد ازان قسمت ہو اُسکی یا نصیب
راز دل سے میرے وہ واقف ہوا / کیونکہ دل اُسکا بسان شمع تھا
کچھ نہ تھا پوشیدہ اُسکے روبرو / بھید دل کا جانتا تھا مو بمو
وہ لگا آہستہ تر کرنے عتاب / کچھ زبان سے فکر کر میرا جواب
گو کہ مین اُسکو نہین سمجھا ذرا / رعب نے اُسکے مگر کی دل مین جا
شیر وش ہیبت سے آیا وہ نظر / پڑ گیا لرزہ مرے اندام پر
پھر زمین پر رکھا اُسنے عصا / سر سے اپنے لکڑیونکا جلد تا
کی یہ اُستدعا کہ اے پروردگار / ۱۴ لکڑیان ہو جائین زر تابدار
پھر جو دیکھا مین نے اُنکو غور کر / ہو گئی تھین لکڑیان سب ہی زر
دیکھکر یہ حال مین بیخود ہوا / تا بخود آیا پھر سنبھلکر مین ذرا
تب کہا اُسنے کہ اے بیکس نواز / چاہتے خاصان نہین کچھ برگ و ساز
پھر ہو مین لکڑی اُٹھا تب وہ فقیر / شہر کی جانب چلا مانند تیر
مین نے چاہا یہ کہ ہون پیچھے روان / تا کرون حل اُس سے اشکال گران

پر ہوا ہیبت سے اسکی پاے بند / جا میاں خاصوں کے ہوں کیں بہرہ مند

تو غنیمت جان اس توفیق کو / جبکہ پاوے صحبت صدیق کو

نی چوا لہ جبکہ پاوے قرب شاہ / سہل ور آسان ہے [illegible]

پاول دشا ہے کا ہے شوق / صرف بخشش ہور زر ور رحمتی

بخشت دینا سلیمان علیہ السلام کا رسولان بلقیس کو پھیر جانے کی او ہجرت بلقیس بطرف آنحضرت

جب کہ حضرت سلیمان نے کہا / مذہب خیل لشکر حمد سبا

کای عزیزان آئے تم یاں ہو ورود / موج زن ہے دیکھو دریاے بحر جود

وا آتا ہے ساحل بے خطر / جوش اس کا ہے سے یہیں گھر

الصلا کہتا ہوں دیا اہل نشان / آج حاصل ہے کشادا اندر کشاد

چون ہوا قاصدان حکم نبی / جامع بلقیس دین نبی

کہو اس سے کہ آوے دین سب تمام / زود کان اقتدیہ عوا بالسلام

طالبان دولت آؤ سہ طرف / تا فتوح غیب پاؤ ہر طرف

جو نہیں طالب ہے آوے نیر وہ / اس طلب کی پاوے تا تمیز وہ

بھیجوا دہم بہشت پا دولت یار / تا کہ ہو ملک بقا کا شہریار

اصل دولت ترک حرص آز ہی	عاشقون کو بانگ نی ناساز ہی
نالۂ سرنا و آواز دہل	کیا بتائے لذت عشق ازل
فلسفی کہتے ہین جو ہی پیدا	گردش فلکی سے ہی اسکی بنا
بانگ دورِ آسمان ہی یہ بخلق	جو کہ گاتے ہین بطنبور و بحلق
مومنان قائل کہ آواز بہشت	ہی اصول خوبی آواز زشت
ہم ہین سب اجزائے آدم بالیقین	حسن چکھے ہین نغمۂ خلد برین
گرچہ اس عالم مین ہمکو شک پڑا	پھر بھی کچھ یاد آگیا وہ ماجرا
لیک جب ہم غفلت تن مین پھنسے	زیر و بم کچھ وجد و حالت مین سنے
پر غذائی عاشقان ہی وہ سماع	جس سے پیدا ہی خیال اجتماع
ہوں خیالات دل اُس سے تیز تر	جلوۂ معشوق ہو پیش نظر
جو کہ ہی تشنہ یہ اُسکا کام ہی	حوض کی گردش مین صبح و شام ہی
ای حسام الدین امیر معنوی	مثنوی سے ہی غرض میری یہی
مثنوی از ابتدا تا انتہا	تجھسے ہی تو نے اسے روشن کیا
تجھسے استمداد کی ہی التجا	ہی بھروسا تیری شفقت پر مرا
لطف سے تو نے لگایا یہ شجر	تجھسے ہی پیدا سب اسکا بار و بر

مقصد ان لفظون سے تیرا راز ہے | نظم سے مطلب تری آواز ہے
ہے تری آواز اسرار خدا | عاشق و معشوق ہین کیونکر جدا
اتصال بے تکیف بیقیاس | ہے خدا نے ناس کو یا جان ناس
ناس ہے آدم کہان ہے مردمی | تو دکھاتا ہے نہ ستر آدمی
مارمیت اذ رمیت پڑھکے کیا | جسم ہے اس سے تجزی مین پڑا
ملک تن کو مثل بلقیس اے غنی | چھوڑ تو بہر سلیمان نبی
پڑھتا ہون گرچہ لاحول مین | پر نہین اُس پر جو کہتا قول مین
ہے فقط یہ منکرون کے فہم پر | جو کہ اندیشہ مین ہین زیر و زبر
ہے گمان انکو مرے اشعار سے | دلمین سود شعاری و انکار سے
منکرا ہے عقد مین میری تجھکو شعور | پس مجھے لاحول پڑھنا ہے ضرور
جب مرا کہنا ترا لائے گلہ | مین ہوا خاموش آگے بول تو

حکایت بطور تمثیل

تھا بڑا استاد کوئی نے نواز | نے نوازی کے ہنر مین سرفراز
ناگہان نے پھونکنے کے وقت پر | باد نیچے سے گئی اسکے گذر
رکھکے نے مقعد پہ اُسنے یہ کہا | جو بجاتی ہے تو مجھسے خوش بجا

اے مسلمان خود ادب کر تو طلب	جو نہیں حمال ہے ہر بے ادب
اس شکایت گر کو تو بدخو نہ جان	بلکہ اُس بدخو کو بدخو کر گمان
شیخ کا شکوہ سمجھ حکم خدا	بو خصومت کی نہیں اُس مین ذرا
یہ شکایت ہے فقط اصلاح بین	جسطرح شاکی ہوے ہین مرسلین
انبیا ہوتے ہین بد کے بُردبار	بُردباری ہے باَمر کردگار
اے سلیمان درمیانِ زاغ و باز	حلم حق ہے با ہمہ مرغان بساز
اے وہ صد بلقیس حلمت از بون	کا بہ قومی انہم لا یعلمون

تہدید بھیجنا سلیمان علیہ السلام کا بلقیس کو کہ اصرار شرک پر نکر اور ایمان لانے مین تاخیر لا کہ فی التاخیر آفات

آ او اے بلقیس ورنہ ہو بُرا	تیرا لشکر پھر کے ہو دشمن ترا
تیرا حاجب خود ہو تیرا پردہ در	جان تری ہو دشمن جان پیشتر
جملہ ذرات زمین و آسمان	لشکر حق ہین بگاہ امتحان
عاد سے کیا باد نے دیکھا کیا	آب نے طوفان کو کیا برپا کیا
غرق کیسا ہو گیا فرعون بہ نیل	کیا کیا ابابیل نے با فوج فیل
کیا کیا پشہ نے با نمرود مست	کیسی دی اُسکو مع لشکر شکست

کیسے برسے سنگ اعدا کے لوٹ
کیسے دوزخ میں ہوا ...

جو کھون مین از جمادات جہان
عاقلانہ یار ہی پیغمبران

مثنوی ہو جاے از حد بیشتر
سخت عاجز ہو جو کھینچے بار زر

جان تیری ہی تری دشمن قوی
ہی ترا درمان ترا خود مدعی

گو کہ اب کہتے ہین تجھسے سب وفاق
وقت پر ظاہر کرینگے وہ نفاق

چشم کو کہدے اگر ہو پر درد گا
درد سے بر لاے وہ تیرا دمار

دانت کو کہدے اگر وہ ذات کی
درد سے وہ بھی کرے تجھکو ہلاک

جبکہ ہی وہ جزو کل کا جان جان
جان جان سے دشمنی آسان کہان

چھوڑ دے تو لشکر دیو و پری
گر میان جان کنان تو صفدری

ملک اسے ہی بلقیس کہدے تو رہا
مجھکو پایا ملک ہی پھر سب ترا

نقش ہی گو نقش سلطان غنی
شکل ہی یہ جان ہی ہی بے جانی

زینت اسکی ہی براے دیگران
یا وہ ہی وا کردہ چشم و دہان

تو یہان جس طرح ہی تو نیک بین
لیک جو مین ہون تجھے وہ تو نہین

وہ تو کب ہی جبکہ ہی اندر بدی
خرم و زیبا و مست خودی

مرغ ہی تو صید ہی تو دام تو
صدر ہی تو فرش ہی تو بام تو

ہے وہ جوہر جو کہ ہے قائم بذات | عرض کے قائم بدیگر ہین صفات
جو تو آدم زاد ہے بیٹھا اُسکے طور | کر تو سب ذات کو اپنے مین غور
کیا ہے اندر خم نہین جو نہر مین | کیا ہے گھر مین جو نہین ہے شہر مین
یہ جہان ہے خم بگرداب جو آب | یہ جہان ہے حجرہ دل شہر عجاب
آو ایسی تقسیم مین ہون نبی | قاتل شہوت ہون و بے شہوتی
ہے جو شہوت مین ہین شہوت پرست | بت نہین ہے نمین شہوت کا اسیر
اصل میری بت شکن ہے دیکھ آ | ہون خلیل اللہ و دیگر انبیا
جو در آون بتکدہ مین گاہ تیز | ہون بتان سب میرے آگے سجدہ ریز
احمد و بوجہل مین یہ فرق تھا | بتکدہ مین جب گذر اُنکا ہوا
وہ گئے ساجد ہوے اُنکے بتان | یہ گیا اُنکی طرف سجدہ کنان
قلب ہین کفار پاکان صاف زر | جبکہ وہ پرکھے گئے ہین خوب تر
قلب کا انجام آخر تیرگی | زر کو ہے اپنی زری مین خیرگی
زر نے ڈالے آگ مین جب ہشت پا | ہے جو خود وہ آگ مین خندان ہوا
جسم پر روپوش ہے اندر جہان | ہے جو دریا زیر اس کہ کے نہان
شاہ دین کا سنگ ہے نادان بہ طین | یہ نظر رکھتا تھا ابلیس لعین

کون مخفی کر سکے خورشید کو	باکف گل جو کہ ہی سب سے نکو
خاک یزدان اسپہ ہو کوئی ہزار	نور ہو اسکا تمامی آشکار
گھاس کیا ہی جو چھپائے روی آب	خاک کیا ہی جو چھپاوے آفتاب
اُٹھ تو ای بلقیس ہم وار ز رو	دے اُٹھا اس ملک پر تو اپنے دو

نقل ابراہیم ادہم کی

جیسے ادہم نے سنی بالا بام	تک و ہمک جس طرح مارے کوئی گام
پوچھا کیا ہی ہوا لعجب یہ ماجرا	کون ہی اس بام پر یہ کھڑا
سقف کی جانب سے آئی ندا	ڈھونڈھتے ہین اونٹ اپنا گم ہوا
آپ تو بے بام پر اشتر کہان	ابلہی سے ڈھونڈھتے ہو تم یہان
بولے وہ ای شاہ با تخت و جاہ	کیون تو ڈھونڈھتے ہی با آفات الٰہ

بقیہ قصہ بلقیس

جبکہ پہونچے قاصدان اندر سبا	ہو گئی بلقیس مشتاق لقا
عزم اُسکا جب ہوا جانے کا	ہو جہان رفتہ تاسف بھی کیا
چھوڑا ملک و مال اپنا اُس زمان	ہی جو ترک نام و ننگ عاشقان
وہ غلامان و کنیزان پر ناز	اُسکے آگے ہیچ پوسیدہ پیاز

لگیں معلوم ہونے جنہیں حقیقت تھیں ۱۲

باغہا و قصرہا و آب رواں ۔ ہمچو گلشن اسکو ہوتے تھے عیاں

سبز زمرد کو دکھاوے گند نا ۔ عشق کی غیرت یہ ہیں معنی لا

لا الہ الا ہو سکہ جان تو ۔ جو دکھاوے گیا تیرہ ماہ کو

پس سلیمان نے کہا اُسے آگہ ہوا ۔ واں میں جو بلقیس کے افسوس تھا

جو کہ سمجھے بانگ غان وہ بھلا ۔ کب نہ سمجھے راز دل ہر شخص کا

دوسرے دیکھا کہ وہ تسلیم کیش ۔ تخت آئی با فراق تخت خویش

تب سلیمان نے کہا با فسران ۔ تخت اسکا جلد لاویں ہیں یہاں

جن کی آصف نے آئی خوب کہی ۔ اسم اعظم پڑھ منگا لیا ہیں ابھی

حاضر آیا تخت بھی بلقیس کا ۔ باکرامتہائے آصف پر خدا

پس سلیمان نے کہا دیکھ اسکا تخت ۔ گرچہ یا احمق ہی تو نے ہی درخت

رو بروہی پیکران چوب سنگ ۔ سجدہ ریزان احمق بے نام و ننگ

ساجد و مسجود دونوں بے خبر ۔ عقل کا مطلق نہیں ان میں اثر

ہوگئے جو دید ہا حیران تنگ ۔ کیا سخن ہو کیا اشارہ ہونے سنگ

ہی یہ نا موضوع تر اوابلہی ۔ جانتا ہی شیر پیکر کو شتی

صرف ہی شیر حقیقی کا یہ جود ۔ استخوان پیش سگان ڈالے جود

قصہ بابری چاہنا حلیمہ دائی آنحضرت صلعم کا بتون سے وقت گم کرنے اُنکے کے اور لرزنا و سجدہ کرنا بتون کا وقت سننے نام آنحضرت کے

قصۂ زار حلیمہ سُن ذرا تا مٹلے وے ذکر اسکا غم ترا

جب رضاعت کی ہوئی مدت تمام لائین حضرت کو سوی بیت الحرام

راہ مین کرتی تھین حفظ نکات تا کہ پہونچاوین پیغمبر انکو بجد

جبکہ لائین حفظ کر انکو بیم پہونچین اندر کعبۂ شہر حطیم

بانگ سے پہونچی صدا یہ کا حطیم تجھپہ چمکا آفتاب از بس عظیم

ای حطیم اس دن مین آئی تجھپہ سو ہزارون نور از خورشید جود

ای حطیم اس دن مین تجھپہ لاوین رخت محتشم اک شاہ جسکا پاک بخت

ای حطیم امروز بیشک حق سے ہو برتری رتبہ کی تیری نو بنو

جان پاکان خیل خیل و جوق جوق ہر طرف سے تجھمین آوین مست شوق

سُن حلیمہ یہ ندا اس آن مین جب منادی کو نہین دیکھا کہین

شش جہت خالی و شکل او ندا اس ندا پر تھی ہیان جان فدا

مصطفے کو رکھ حلیمہ بر زمین اس ندا کی جستجو کرنے لگین

بیان گم ہو جانا آنحضرت صلعم کا

ڈالتی تھیں چشم ہر جا سو بسو | تا کہ جا بیٹھیں وہاں اس راہ کو
جب نہ دیکھا ہو گئیں وہ نا امید | جسم لرزاں تھا مگر چون شاخ بید
واپس آئیں جب با طبع حزین | مصطفےٰ کو واں سمجھ پایا نہیں
ہو گئی حیرت میں بس اُنکی جان | ہو گیا تاریک آنکھوں میں جہان
ہو پریشان وہ رُوتی تھیں بدر بدر | اور یہ کہتی تھیں کہاں ہو وہ پسر
تم کہاں کہتے تھے ہم واقف نہیں | ہے کہاں تیرا وہ طفل نازنین
اسقدر رو رو کے کرتی تھیں فغان | جس سے گریان تھے سبھی تب کنیان
سینہ کوبان اسقدر روتیں وہ زار | دیکھ اختر ہو گئے سب بیقرار
پیش آیا ناگہاں اک پیر مرد | پوچھا کیا ہے اے حلیمہ تجھکو درد
کسلیے دی آگ دل کو تو نے تاب | کیوں بنایا ہے جگر تجھنے کباب
بولیں وہ میں ہوں مرضع احمدی | گم گیا اُسکو یہاں میں نے ابھی
جبکہ پہونچی میں یہاں اندر حطیم | باد سے آئیں صدا ہائے عظیم
جب سنی میں نے ندائے ہوا | چھوڑ احمد کو گئی سوئے صدا
تا کہ دیکھوں کسکی یہ آواز ہے | جو لطیف و مرحمت پرداز ہے
نے کوئی دیکھا مگر خود نشان | نے ہوئی منقطع ندا یکبارگان

جب پریشاں ہوتیں واں سے چلی ۔ طفل کو اسنے جا نہ دیکھا وای وای

پیر نے اُس سے کہا تو غم نہ کھا ۔ لیجاوین تجھکو نزد پادشا

وہ بتاوے طفل گم گشتہ کا حال ۔ وہ ابھی کھووے ترے دل کا ملال

تب حلیمہ نے کہا ای خوش لقا ۔ تیرے اس کہنے پہ جاؤں میں فدا

جلد دکھلا مجھکو وہ شاہ نظر ۔ طفل کی میرے جو دے مجھکو خبر

پیش عزی لیگیا وہ پیر اسے ۔ اور کہا تو رازدانِ غیب ہے

ہم ہزاروں فیض ہی پاتی تجھسے راہ ۔ جبکہ لی ہمنے ترے در پر پناہ

پھر کہا اُس بت سے سجدہ کرکے زود ۔ ای خداوندِ عرب ای بحرِ جود

ہم پہ تیرے ہیں بہت اکرام ہا ۔ تجھسے چھوٹے ہم نہ قید و دام ہا

ہی عرب پر حق ترے انعام کا ۔ اسلیے ہیں حکم کش وہ جملہ ہا

یہ حلیمہ سعدیہ کرکے امید ۔ آئی تیرے پاس لی زان ہی جو بید

گم ہوا ہی اسکا فرزند صغیر ۔ نام ہی اسکا محمد ای کبیر

جب لیا یہ نام وہ جملہ بتاں ۔ گر پڑے سجدے کے اندر اُس زماں

پھر آئی اُنسے یہ غیبی ندا ۔ لے نہ نام ای پیر تو اس شخص کا

اسکے ہاتھوں سے ہمارا قتل ہے ۔ عہد میں اسکے ہمارا عزل ہے

کب وہ ہو گم جسکی پہونچی بارگاہ | آب پہونچا اب یتیم ہو تباہ
دو دہ ہوا ہی پیر فتنہ مت اٹھا | رشک سے اسکے نہ تو ہمکو جلا
پھونکتا کیا ہی تو دم اژدہا | کچھ سمجھتا ہی یہ ہی کیا ماجرا
خون ہوا اس سے دل یار و کان | اس خبر سے ہیں طپان ہفت آسمان
پیر نے یہ نام سے جب سنا | گر پڑا پھر ہاتھ سے اسکے عصا
جب حلیمہ نے یہ دیکھا اسکا حال | بھولین اتنک پیر دل سے خیال
پیر بولا ای حلیمہ شاد ہو | شکر کر اس غم سے تو آزاد ہو
غم نہ کر پاوے گا وہ تیرا پسر | بل جہان یاد ہوا اس سے بسر
ہر زمان بار شکست عزت پیش و پس | سو ہزاروں پاسبان ہیں رہبر
کیا نہ دیکھا یہ بتان ذو فنون | نام سے اسکے ہوے سب سرنگون
یہ زمانہ ہی عجائب پر زمین | مین نے ایسے وقت کو دیکھا نہین
جس رسالت سے ہین نالان گنہگار | دیکھے ہم سب یہ پہنچے کیا بلا
جب ہوا معلوم جد مصطفا | سن حلیمہ کا فغان ہم سب کا
گم ہوا ہی اس سے وہ جسکا پسر | نامت جسکے ہین ان سب جگر
مار کر سینے پہ ہاتھون کو سپر | رونے بر گم گشتہ طفل غم

وہ پہ کعبہ کے در آئے با شغب | اور کہا ای رازدان روز و شب
کچھ نہیں مجھ مین ہی لائق تر ہنر | تا کہ ہون اس در کا مین مقبول تر
قدر ہی میری دیان با سجدہا | یا کہ با اشک ندامت پندہا
پر جو مین طفل ہر یک سیر عیان | مین نے دیکھے لطف کے تیرے نشان
تمسے ہی وہ لیک وہ ہمسا نہین | مس ہین ہم وہ کیمیا ہی بالیقین
مین نے دیکھے ہین عجائب اُسپہ جو | اس صفت کا کوئی پنہان بحر جو
لطف تیرا مین نے جب دیکھا ہے | اُسپہ جو اک رہی دریا سے ترکے
اُسکو لاتا ہون شفیع مدعا | حال سے اُسکے خبر دے ای خدا
اندرون کعبہ سے آئی ندا | تجھکو دکھلاؤن مین گم گشتہ ترا
با دو صد اقبال و محفوظ ہی | کچھ نہین خطرہ کسی سے ہی اُسے
ظاہر اُسکا شہرۂ کیہان کرون | باطن اُسکا سب سے مین پنہان کرون
عشق ہی ہمکو بہت اُس خاک کا | کیونکہ ہی اُفتادہ وہ اندر رضا
دی فضیلت اسلیے اُس خاک کو | تا کہ سب برگون کا ہو گیاہ پیدا جو
ظاہر اُسکا اُسکے باطن سے ہے ننگ | باطن اُسکا گوہر ظاہر ہے سنگ
اک جہان اُسکو ہمیشہ مین نہ بند کرون | چرخ اُسکا خادم و بندہ کرون

یعنے آسمان ١٢

مطلب نے عرض کی ہے وہ کہاں	اے علیم السر دے مجھکو نشان
تب ہوئی کعبے کے اندر سے ندا	جسکو تو ہر اک جگہ ہے ڈھونڈھتا
تو نہ کہا اے مطلب تو اس ہان	مجھکو دیتا ہوں میں اُس کا نشان
ہے فلان ادی میں زیر درخت	بیٹھا ہے وہ نیکبخت
ساتھ میں اُسکے امیر قریش	کیونکہ تھا جد اُسکا عیان قریش
مطلب پہنچے جو اس صحرا میں جا	گوہر مفقود اُنکو ملگیا

بقیہ قصہ دعوت سلیمان کا بہ بلقیس بطرف ایمان کے

اُٹھ تو اے بلقیس باہر کر نظر	سوے ملک سرور جن و بشر
اُٹھ کہ تو جلدی سعادت یار ہے	ملک سے اپنے تو اب بیزار ہے
اُٹھ تو اے بلقیس اب با اختیار	پیشتر تا مرگ کی ہو گیر و دار
اُٹھ تو اے بلقیس پیش از اجل	تا کہ دیکھے ملک بگڑے نے خلل
اُٹھ تو اے بلقیس یار اپنے کو چھوڑ	آ و اس فرمان پر منہ کو موڑ
اُٹھ تو اے بلقیس ہمت کر تو ہم	تا قضا سے نہیں بہلا کرم
اُٹھ تو اے بلقیس اکبار دیکھ	ملک سلطانان مع دربار دیکھ
باطناً بیٹھی میان بوستان	ظاہر امیں خار اندر دوستان

بوستان ساتھ اسکے جاویں جہان | ہیں بحکم خلق ایکیں وہ زبان

مطبق کرسی فلک سے ہو بال | ہے چو خورشید و چو بدر و چو ہلال

نے نہنگ غم تری کشتی ڈبائے | نے زبونی مرگ سے کچھ تجھکو آئے

ہو تو سلطان ہو تو لشکر ہو تو تخت | ہو تو نیک بخت ہو تو خاص بخت

آپ ہے کم کب ہو تو ہی خوش خصال | ہیں تیرا جب ہوا سب ملک و مال

مسجد اقصیٰ بنانا حضرت سلیمان علیہ السلام کا بتعلیم وحی بعد حضرت داؤد کے

بعد ازان آئی ندا از پیش تخت | با سلیمان نبی نیک بخت

کا ہی سلیمان مسجد اقصیٰ بنا | ہو نمازی لشکر اس بلقیس کا

جب ہوا آغاز اس مسجد کا کام | کارکن تھے جن و انسان سب تمام

ایک با رغبت دگر اکراہ سے | کار پردازی میں سب مشغول تھے

خلق مثل دیو شہوت سلسلہ | کھینچتے انکو دکان و غلہ

ہے یہی زنجیر خوف ہم ولا | دیکھ مت تو خلق کو بے سلسلہ

کھینچتی ہے انکو سوئے نیک و بد | قول حق فی جیدہا حبل مسد

ہے نہیں یہ خلق بے بند گران | ہے کمند و بند از بہر نفع نقصان

یہ مراد تعلقات دنیا سے ہے

ہے یہی تیری کارہ بین آگ جو | ہو یہی بہتر کہ اس سے تو بچے
وسوسے سے جون سلیمان ہو بری | تا ترے محکوم ہون جن و پری
دل ترا خاتم ہو رکھ اسکو نگاہ | دیو سے بھاگے نہ مکاری کی راہ
لیگیا انگشتری شیطان اگر | ہوگا اُسکا جون سلیمان کر و فر

در آنا حضرت سلیمان کا ہر روز مسجد اقصیٰ مین واسطے عبادت کے و ارشاد بعابدان معتکفان اور جمنا گیاہ نو کا مسجد مین اور کلام کرنا اُسکا آپ سے

ہر صباح آتے سلیمان با نیاز | مسجد اقصیٰ مین بہر نماز
کچھ گیاہ اُسمین نئی جسدم نمو | پوچھتا کیا ہے نام کیا ہے تو بین
ہر گیاہ نے اسم و فعل اپنا کہا | نفع اور نقصان کو بھی ہر کہا
دی سلیمان نے حکیمون کو خبر | جو کہ تھا ہر گھاس مین نفع و ضرر
جس سبب سے ہو گئے وہ نیک ہر | آپکی تعلیم مین دانائے دہر
کین کتابین علم حکمت کی بنا | ہے نجوم و طب وحی انبیا
رنج سے اجسام کو خالی کیا | عقل و حس کو سبب سے سوء یا
عقل جزوی عقل استخراج نے | جز پذیرائے فن محتاج نے

قابل تعلیم ہی جز وحی جزو — انبیا سے ہی تمیز نیک و بد

وحی کی قوت سے ہین حرفت تمام — عقل کو اُس سے مدد ہی لا کلام

دانشِ پیشہ جو ہوئی عقل سے — ہوتا حاصل پیشہ بے استاد کے

وا غرض کی جب سلیمان نے نظر — ایک گوشہ کیطرف پھر غور کر

اگ گیا دیکھی بگوشہ تازہ تر — دانہ ہا جیسے جمے تھے سر بسر

پوچھا اوس سے آپنے کیا نام ہی — بولی وہ خروب کہتے ہین مجھے

آپ نے سمجھین ہی تاثیر کیا — بولی جس جا ہوں میں ویران ہو وہ جا

مین کہ ہون خروب ہون خانہ خراب — ہادم بنیاد ہون طین و آب

تب سلیمان نے یہ سمجھا زود تر — مرگ پہونچی اب کرونگا مین سفر

جب تلک پہونچے نہین مجھکو اجل — مسجد اقصیٰ نہ لاوے کچھ خلل

ہو مرے پیچھے مگر مسجد خراب — ہی یہی منظور رب مستطاب

دل ہی مسجد ساجد اُسکا جسم ہی — ہو جہان مسجد گھاس اُسجا جمے

کھود ورنہ ہو جو بالا یہ گیاہ — تجھکو اور مسجد کو کردے وہ تباہ

عاشقا خروب تیری ہی بدی — سے بدی چون طفل کوشش بجد ہی

جان تو طفلانہ گو نادان بہ زیر — تا کہ اُستاد تجھکو نیک دے

[illegible]

جو کہے جاہل ہو نہیں تعلیم پذیر — عدل یہ بہتر ترے نامہ بسب
بات ہے تو سیکھ آداب امیر — ظلم کا اس نفس کے اقرار کر
مثل ابلیس لعین لیل و نہار — ہو ستیزہ تجھکو با پروردگار
جبر کا کب تک رہیگا پاے بند — اختیار اپنا نہ بھول اے خود پسند
عقل جزوی کو وزیر اپنا نکر — عقل کل کو کر وزیر اے باخبر
ہو لعینوں کو شقاوت میں غلو — اُسسے کر پرہیز تا مقدور تو
وہ کرے شاہی میں اپنی دار و گیر — جسکے ہو ہمراہ آصف سا وزیر
جسکا ہامان سا ہو دستور شقی — وہ مع دستور خود ہو دوزخی
حرص کے تابع ہیں جو شاہ و وزیر — دوزخ انکے واسطے بئس المصیر
کشتی خاصان ہی عشق کبریا — جسمیں آفت کم خلاصی ہے سدا
زیرکی کو چھوڑ حیرت کر خرید — زیرکی سے دورتر ہو انکی دید
زیرکی نے کیسا کنعان کو کیا — غرق طوفان سوچ تو اسکو ذرا
زیرکی ہی مورث کبر و غرور — ابلہی سے ہی قیام فضل ضرور
ابلہی بے مغز ہو مانند پوست — ابلہی وہ ہی کہ ہو شیدائے دوست
اس طرف سے عقل تیری ہو فنا — عقل عرفانی تجھے بخشے خدا

عقل کامل نیک تیری راہبر — تھی ہو تین او عقل...

علم و فن سیکھے جو کوئی بد گہر — ہو وہ بست راہزن کو باتبر

احمقون کو ہو جو مالک شان و غلبہ — عاقلون کا جس نے ... کہ ... کا

جب ہوا احمق رئیس ملک دار — دائرہ کون ہوا اسکا حملہ کا ...

مستحقون پر نہو احسان اکرام — غیر استحقاق کو بخشے درم

سے احسان رہتے بازان ہیں ذلیل — ہیں ان عزیزان جاہلان مکار و بخیل

پس تجھے ای بادشاہ او گر — چھیننا رہزن سے ہی تیغ و تبر

فرض ہے تمکو غزا ای مومنان — چھین ہی مجنون سے تا تیغ و سنان

تفسیر سورۂ مزمل

علم مزمل میں یہ حق سے ہے ہوا — مصطفے کمبل سے تو باہر کو آ

باہر آ کمبل سے ای سرور جوان — تو جہان ہے جسم تو جان جہان

تو نہو پنہان بہ ننگ ... — جیسے شمع دی جھکو وہی گئی

ہان قم اللیل ای زہے شمع منیر — شمع کو تو جاگتا ہے نا گزیر

جو نہو ظاہر ترا نور جمال — روز ہو جائیگا پھر شب کے مثال

جو نہو تیری پناہ از جہند — شیر ہو خرگوش کے پھندے میں بند

[illegible]

صبح نو ہو [illegible] | بلکہ تیرا اس نے [illegible] پایا
[illegible] | خاص اس پایہ [illegible] نور مہر
دیکھ اس حجرے کا روان [illegible] | پھر ملے اک [illegible]
[illegible] خضر [illegible] | پھر کسی مظلوم کا ہو داد رس
[illegible] | جب کہ تو اس وقت کا ہو [illegible]
[illegible] اس جمع [illegible] شمع [illegible] | چھوڑ خلوت آ دکھا راہ یقین
وقت خلوت [illegible] | ہے تو اس اوج ہدایت کا ہما
[illegible] فلک پر [illegible] | کب سگوں کے بھونکنے سے ہے نہاں
[illegible] سگاں | دیکھتا پایاں ترا بدر جمال
[illegible] | ہو گیا ہے ان کو حکم فاستقیموا
[illegible] | حق کرے ہے اسپہ فوج کو حرام
[illegible] | ذوق [illegible] قطار اندر قطار
کام [illegible] | خاتم آخر زمان تجھ سے ملا
خاتم ان ایام کا ہے تجھ سے [illegible] | ذات سے تیری ہے عالم کو شرف
[illegible] | ان خیال اندیشگوں کو [illegible]

[illegible]

ملک میں تیرے جو رکھے دل گرو ❊ اسکا کاٹھون میں گلو تو شاد ہو

سامنے صرصر کے میری شمع ہے چراغ ❊ وہ بجھ گل ہونے سے کب ہے فارغ

اٹھ تو یکدم پھونک صور ہولناک ❊ تا برآوین مردہ ہای خفتہ خاک

جب تو اسرافیل ہے اسوقت کا ❊ حشر کے آگے قیامت کر بپا

جو قیامت کا کرے تجھ سے سوال ❊ کہہ قیامت میں ہوں دیکھ اسکی مثال

دیکھ تو ای سائل محنت کشے ❊ سو جہان قائم ہوے اس حشر سے

جو نہیں ہے اہل ان اذکار کا ❊ پس جواب احمق کا خاموشی بھلا

ای دریغا وقت خرمن گم گیا ❊ دن ہمارے بخت کا بیگہ گیا

وقت تنگ اور یہ سخن از بس دراز ❊ عمر کا بھی تنگ ہے سب کی ساز

وقت تنگ و خاطر و فہم عوام ❊ تنگتر ہیں وقت سے ای نیکنام

جب جواب احمقان ہے خامشی ❊ طول میں کیوں ہے تجھے محنت کشی

بیان اس حدیث کا کہ ان اللہ خلق الملائکة ورکب فیہم العقل وخلق البہائم ورکب فیہم الشہوة وخلق بنی آدم ورکب فیہم العقل والشہوة فمن غلب عقله علی شہوته فہو اعلی من الملائکة ومن غلب شہوته علی عقله فہو ادنی من البہائم

ہے حدیثِ سرورِ کون و مکان | تین فرقون کو کیا حق نے عیان
ایک فرقہ ہے ملائک کا تمام | جز عبادت کچھ نہین ہے انکا کام
شہوت و حرص و ہوا سے سب بری | نور مطلق محو عشق سرمدی
دوسرا فرقہ خرد سے ہے تہی | کاہ سے حاصل ہے اسکو فربہی
گھاس و دانہ کے سوا ہین بیخبر | ہین سعادات و شقاوت سے بدر
تیسرے ابناء آدم ہین تمام | کچھ ملک کچھ ہین خران بے لگام
نیم خر ہے جسکا میلان خاک پر | مائل افلاک ہے نیم دگر
تا کہ غالب کون ہو اندر نبرد | کون ان دونون مین لیجاتا ہے نرد
عقل غالب ہو تو ہوا ازبس بلند | وہ بشر خیل ملک پر شادمند
اولین وہ خیل ہین آرام مین | یہ بشر حیران ہے اپنے کام مین
اس بشر کے بھی ہوئے ... | صورت آدم ہے سیرت مین ...
ایک جماعت محو عشق کبریا | ہوکے پہونچی رتبہ اعلی پہ جا
وہ فرشتہ سیرت و شکل بشر | پاک ہین شہوت سے جملہ سربسر
اسقدر زہد و ورع مین ہین شدید | تو کہے گویا نہین آدم نژاد
قسم دیگر مثل حیوانات کی | شہوت و حرص و ہوا مین ہین سبھی

وصف جبریلی جو تھا اُنہین گیا | وصف حیوانی سراپا رہ گیا

مردہ ہو وہ شخص جو بیجان ہوا | خر ہوا وہ جو کہ بے عرفان ہوا

زاغ ہی پیچھے جو زاغون کے چلے | جسم ہو وہ جان جو عشق حق بے

جو نرکھے ذوق حق وہ جان ہے پست | حق کہا صوفی نے جو ہے اسمین مست

نور دہ کار یہان ہی علم ہندسہ | یا نجوم و علم طب و فلسفہ

واسطے دین کے نہین اصلا مفید | عقل ہو تو آخرت کو کر خرید

علم دین و رتبۂ علم خدا | جانتا ہو صاحب دل برملا

روح حیوانی نرکھے غیر نوم | حسّہا ہی منعکس رکھتے ہین قوم

یقظہ آیا نوم حیوانی گیا | انعکاس عکس خود ظاہر ہوا

لاجرم اسفل ہوا از سافلین | چھوڑ دے تو لا احب الآفلین

کیونکہ استعداد تبدیل و دغا | تھی اسی پستی سے اسکو کھو دیا

جبکہ استعداد حیوان ہین نہین | عذر حیوانی کو اسکے کر یقین

جب وہ ہو انسانیت سے بیخبر | جو کہ وہ کھاتا ہو وہ مغز خر

جو بلادر کھائے ہو افیون ضرر | عقل مین اسکی پڑے یکسر فتور

رکھتی اک قسم اور اندر عباد | نیم حیوان نیم حی بارشاد

آدھے تو صفت حیوانیت کی رکھتے ہین اور آدھے زندہ راہ راست پر ہین

کشمکش مین ہین ات ن مین دوبرے | جنگ مین ہین ایک دیگر سے اڑے

نقل بطور تمثیل بہ نسبت کشمکش کے

جیسے مجنون ایک ن ہو بیقرار | جانب لیلی ہوا ناقہ سوار

ہانکتا تھا اُسکو لیلی کیطرف | وہ طرف بچے کے ہوتی منحرف

یہ اُدھر کو زور کرتا وہ ادھر | کشمکش دونون مین تھی یا کدگر

تین دن تک رات تھی اس حال پر | سالہا مجنون رہا زیر و زبر

تب کیا ناقہ سے اُسنے یہ کلام | عاشق دلبر ہین ہم تو لا کلام

پر ہین دو ضد ہم دو یک ناسزا | جسنے ڈالا کشمکش مین وا کیا

حسب میری ہو نہین مہر و وفا | ورنہ کرتا تجھسے دوری اختیار

ایک گویا دوسرے کا راہزن | ہی وہ جان گمراہ جو محکوم تن

جان کو ہی عرش پر جانیکا شوق | تن کو ہی لذات نفسانی کا ذوق

جان ہی کھولے سو بال الاباق | تن ہی چنگل مارتا اُسپر بکمر

عشق مولا ہی نہین لیلی سے کم | عشق مین ہو اُسکے تو محکم قدم

جن بتون کا ہو رہا ہی تو شکار | بعد پیری دیکھ ہین خوار و زار

لگ گئے ہین جو ترے دلکو کال | دیکھ تھوڑے دنمین ہین پیر وہ زال

ہے یہی عالم کے ہر ہر چیز کا حال — اول آخر ہین ہیچ و پایمال

جو ہے آخر بین وہ ہے مسعود تر — جو ہے آخور بین وہ ہے مردود تر

روے ہر یک چیز مین فاخر تو دیکھ — جو نہ دیکھا اوسمین آخر تو دیکھ

تا نہووے عور تو شیطان کی مثال — نصف دیکھے نصف کا دیکھے خیال

دیو نے آدم کو دیکھا صرف طین — پر نہ دیکھا اوسنے اوسکا فضل و دین

فضل مردون کا نہین عزت پر — باتنومندی و باکسب ہنر

ورنہ شیر اور فیل کا انسان پر — فضل ہوتا زور کے باعث مگر

بلکہ ہے از روے دانش بالیقین — ہر جو زیادہ زن سے ہے انجام بین

عاقبت بینی مین ہے جو ہر دم — عاقبت اوس سے چون نہ ہو کم

ہین جہان مین دو صدا این غیب کی — ایک صدا اوسکا ہے تو طالب اوسی

ایک صدا سے متقی ہین بہرہ یاب — دوسری سے ہین شقی از بس خراب

کافرون کو کفر کے اندر غلو — مومنون کو سر بسر ایمان کی لو

اہل دنیا اور دنیا سے نہ مل — ہین فانی مین ہین دونون ایکدل

وہ جہان اور اوسکے جملہ ساکنان — ہین وفاداری مین کامل بیگمان

اور آخر سمجھکے کام کر — مثل شیطان کے نہو تو کور و کر

تعریف کرنا رسول صلعم کا عاقلونکی و برا جاننا احمقونکی

مصطفے کہتے ہیں احمق ہو عقل	[illegible] تیرا دل اس سے [illegible]
مرد عاقل کا ہے تو دوست آ	[illegible] ہست ہو جب تیرا انجام کا
عقل پیدا ہو ہے مشعل شتاب	شیر دل کو شیطان سے کہنے لگا
نور ہے اسکا حاکم [illegible] گان	نعرہ اسکا مانے ہے جب [illegible]
عقل سے تن [illegible] ایمان ہے	نقد ہے جب [illegible] زندان ہے
بو ہے [illegible] لاکھ [illegible]	جب ہے سر [illegible] و اسکا [illegible]
کب ہے [illegible] تن ہے سر سنبھالا	عقل [illegible] کو کر تو [illegible]

بیان کہ عقل کامل ہے اور وہم اور شہوت و حرص خصم عقل کی ہے

ہر عاقل چاہیے [illegible]	[illegible] شہد [illegible] اچھی
کیونکہ تھا ابلیس بھی [illegible]	[illegible] تھا وہ بے خبر و ملعون ہوا
جو ہوا القا [illegible]	[illegible] ہو حقیقت آشنا کا
نور اسکا ہے ولیل [illegible] زبان	[illegible] ست بھاڑے جو [illegible]
[illegible] بن گیا [illegible]	[illegible] کیا ہے وہ [illegible] ہو گیا

قاصیان جو چشم ظاہر پر گئے | ظاہری حالات پر جو تھے لکھے
دو منافق وہ جو ہو ظاہر پرست | عقل سے نہ شناخت بنیان سست
ہی کرتا ہے جو تمیز نقش و عین | عقل کل باتی کہ ہے منسیب
عقل وہ تیری جو ہے روشن | فقط کا اسکے ہوا ایجاب ہے
جسکو دی تو عقل وہ بھی تھی بھلا | کیونکہ عاقل کو وہ بہتر جانتا
خر ہے وہ جو عقل سے ہو دور تر | عاقلون سے وہ ہے دست
بالکل عقل اے پروانہ خسیس | بھول جاوے واں آتش شمع
جو نشین گوہر ہو تا بگل کہان | ہو نہ گر عقل جمع دل کہان
ہی تکبر اسکو دانشمند سے | تا خردمندون سے عجب
احمقون کو یہ تکبر کب روا | کیون چلا بیراہ اے خر بھلا
ناک سے تو سونگھ خوشبو پھول کی | سونگھنے کو کب بھلا
عزم کر دریا کا دے چھوڑ آبگینہ | ہو نہ تو گرداب غفلت مین
جسکے مین اطوار جون گل کلاب | بدگمان ہوا اولیا سے وہ خراب
سند شہود عقل ہے جسکی بنیاد | ہی وہ جاہل جو کہ ہو تو خود پسند
وہ نہ تھا فرعون عالم سوز کو | عقل تھی موسی جہان افروز کو

جو کچھ بھی ہوے تجھے درانی [illegible]	ہیں سب تجھے چھپا [illegible]
کبھی کھا ہو تیرا گوشت [illegible]	[illegible]
جب کبھی تیا ہو تیرا جو تو [illegible]	[illegible]
جب تو نے عیش سے کام [illegible]	[illegible]
ہیں گئے اکثر سو شاہ [illegible]	پر نہیں کچھا [illegible]
ہیں گئے اکثر سے چند سرا	پر نہیں دیکھا [illegible]
ہیں گئے اکثر تہ پستان [illegible]	کچھ نہیں کھا لیکن [illegible]
طالب ہر چیز نے دیکھا وہی	جسکا دم طالب ہوا وہی
اس بن جنکہ پیچ تو جا [illegible]	ہو رہا تن چشم سب [illegible]
[illegible] گفتہ [illegible]	[illegible] چشم [illegible]

بیان ریاضت نفس توڑنے اور حسد چھوٹنے کا

شاہ کو لازم کہ سیکھے خوبی خلق	[illegible] رحمت کو تا ہوے [illegible]
تا نہ ہو غالب غضب شیطان سا	جب سے ہوتی [illegible] پایمال
پر غضب سا نہ ہو کبیر حلیم	تا نہ ہو [illegible]
ہو مراقب جو تجھے ان جہات	تا تجھے ہر کام میں نیکی سے

یا ایہا الذین آمنوا توبوا الی اللہ توبۃ نصوحا عسی ربکم ان یکفر عنکم سیئاتکم ویدخلکم جنات تجری من تحتہا الانہار

جو زیادہ تر تو ہمت اپنی ... — طاقت سے حق کے تو ہو نہ زار ...

دیکھ آہن آگ میں بنے ... — پا گیا صیقل سے پھر کیسی جلا

عقل کا صیقل جو حاصل ہو ... — غیر تیرا اس جلا سے آنکھ ...

کب تلک بھاگیگا تو اے نابکار — جیسے بھاگے فرشتہ نفاس ...

بھاگ کیسے سکتا ہے زیبا ہے ... — حق کی جانب ...

کر تو استغفار معصیات سے — تا کہ ہو پیدا دل تو پر نور ذات سے

قرب ہو کب بے مشقت کے بھلا — لیس للانسان الا ما سعی

جس نے کی کوشش وہ آخر پا گیا — مرد بے کوشش ہمیشہ پچھتایگا

گھر ہی کہتا ہے تیرا یہ بدن — جسقدر تو آگے بڑھیگا پیرہن

ہے تو نسل بادشاہ نامدار — پارہ دوزی سے کیوں پھر تجھکو پیار

کیا نہیں کچھ شرم تجھکو اے دنی — چھوڑتا بیشہ پارہ دوزی ...

جنس شیطان میں سے کفار ہیں — وہ سکھاتا ہے انہیں اپنے علوم

سیکڑوں ہزار ہیں جو بد نہیں نہاں — عقل سے محجور ہے بدگمان

کیونکہ ہر اک نے نمیں مذہبی بد دماغ — غیر کا چاہیں نہیں روشن چراغ

سیکھا ہی جہول علم معرفت — فضل سے اوروں کے لیجا سبقت

اس مرض یعنے حسد کی تو دوا | مانگ حق سے تا کرے تجھکو عطا
وہ شراب حق عجب ہے پاک ہے | مست اُسکا دو جہان سے پاک ہے
عشق گو ہے وہ شراب معرفت | دولت جاوید ہے اسکی صفت
بادۂ فانی سے مت ہو مست گاہ | مست حق عیسی خران ہین مست گاہ
جسنے پی یک جرعہ فانی شراب | ایکدم ہو شاد وہ خانہ خراب
بعد اک ساعت کے ہے پھر زہر مار | جان شارب کو کرے جو خوار و زار
خضر نے کشتی کو توڑا اسلیے | تا کہ وہ ظالم کے پنجے سے بچے
پس مناسب ہے تو اپنے تن کو توڑ | اے فقیری سرکشی سے منھ کو موڑ
واسطے گردن کشون کے ہے تبر | عاجز و بیچارہ اُس سے بے خطر
جسکو ہے مغروری ما و منی | سرنگون آخر کو ہوگا وہ دنی
جسقدر ہوگا تکبر مین کمال | اُسقدر خواری سے ہوگا پایمال
پس غریبون کو نہ دے آزار تو | قہر سے حق کے نہو تا خوار تو
قہر جب کرتی ہے ماد طفل پر | دوڑ کر پکڑے ہے وہ مان کی کمر
مان اگر مارے تو پھر روتا ہوا | دوڑ لیتا ہے اوسیکا آسرا
غیر سے چاہے نہین ہرگز مدد | خوب ہو انجام اُسکا یا کہ بد

نہیں حق سے کر تو ہر دم التجا	غیر سے ہرگز نہ مانگ اسکے سوا
ہے کریم ما خداوند کریم	ہمت شاہان کیہان یاد کیم
غیر اس خاوند کو جا بھول تو	تا کہ اسکے درگاہ ہو مقبول تو
جسکو عین لطف سمجھے ہین عوام	قہر ہی وہ عاشقون پر والسلام

بیان اسکا کہ روح حیوانی و عقل جزوی خیال ظاہر ہی اور روح وحی و عقل کامل مخفی ہے

روح حیوانی و جزوی عقل کو	جز خیال و وہم کچھ ظاہر نہو
جو ترے آثار ہین سب عیان	عقل کل و روح وحی ہین نہان
جسطرح ہے دودھ مین روغن خفی	عقل کل اور روح ایسی مختفی
دودھ تن ہے جو ہی ظاہر بر ملا	روغن جان اسکی باطن مین چھپا
جب ملے رہبر کوئی صاحب کمال	دودھ سے وہ کھلائے روغن نکال
جب تلک پیدا نہین ہے راہبر	آشکارا ہو نہین اسکا اثر
جسکو تو موجود دیکھے وہ فنا	جو نہین ظاہر اُسی کو ہے بقا
جب کہین رہبر تجھے ملجائیگا	پھر تجھے تو کون ہے بتلائیگا
سر حق کو جاننا آسان نہین	آپ کو پہچاننا آسان نہین

انبیا و اولیا کا ہو غلام ۔ جب نظر آوے اثر تیرا تمام

نقل اُس شاہزادی کی جسنے بعد ترک مجازی لذت حقیقی پائی

تھا کہیں اک بادشاہ نامدار ۔ ظاہر و باطن ہنر میں ہوشیار
اسکا اک فرزند تھا جو مہ جبین ۔ حسن اُسکا رشک حسن حور عین
خواب میں اُس شہ نے دیکھا ناگہان ۔ مرگیا فرزند اسکا رایگان
جب ہوا بیدار پائی اک نوید ۔ شاخ سے پیدا ہوا بار امید
دل میں سوچا یہ شیادی کا سبب ۔ خواب ہی تک رنج تھا شادی ہے اب
خواب میں ہوا اگر خندہ عیان ۔ تھا یہ بیداری مصیبت کا نشان
پھر ہوا حکم شہ نیکو سیر ۔ جلد ہو طیاری عقد پسر
ایک زاہد تھا وہاں نیکنام ۔ اسکی دختر کا کیا شہ نے پیام
جبکہ کی زاہد نے وہ نسبت قبول ۔ خوشدلی شہ کو ہوئی از بس حصول
ماں نے شہزادے کی جب پائی خبر ۔ شاہ سے بولی کہ اے والا گہر
شرط خویشی کی نہ لایا تو بجا (یعنے اپنایت کی) ۔ اک گدا کو تو نے خویش اپنا کیا
وہ فقیر اور ہم ہیں شاہ نامور ۔ بخل سے تو نے کیا ایسا مگر
شہ نے فرمایا نہ کہہ اسکو گدا ۔ ہو کہ صالح ہو وہی ہے بادشا

بندۂ شہوت ہیں جو شاہ و وزیر — در حقیقت ہیں وہ بد تر از فقیر

شاہ کہنا انکا ہی بر عکس کام — جس طرح زنگی کا ہو کافور نام

بادشہ کہنا نہیں اسکو حلال — جو کہ ہو پابند حب جاہ و مال

پھر ہوئی شادی بشاہان خسروان — مشتری جیسے ہوئی ہم قران

حسن میں تھی اک قیامت وہ پری — حور بھی کرتی تھی اسکی چاکری

شکل اسکی آفتاب صبحگاہ — تھی ملاحت میں بھی اپنی واہ واہ

پاک حسن و پاک سیرت خوش نظر — تھی شرافت میں بھی سب سے طاق تر

شاہزادے کو ہوا پر سخت میل — ایک عورت پر جو تھی بڑھی چڑیل

چھوڑ کر اس ماہ وش کو وہ ہوا — اک شب دیجور کے اوپر فدا

وہ نہ تھی زن بلکہ تھی اک دیو زاد — رہزن شہزادہ والا نہاد

اس زن قحبہ کی صحبت کے سبب — شاہزادہ ہو رہا تھا جاں بلب

اک بہشتی تھا وہ از خود بیخبر — پاؤں پر اسکے ملے تھا چشم و سر

شاہ پر عالم شب دیجور تھا — پر وہ شہزادہ بدل مسرور تھا

شاہ بیچارہ ہوا اس نادان پر — روز و شب کرتا تھا قربان مال و زر

رات دن فریاد و زاری میں رہا — حق نے تب مقبول کی اسکی دعا

ایک جادوگر بڑا استاد کا | راہ سے آیا بہ پیش شہریار
دو دو سے اُسنے سنی تھی یہ خبر | ہو اسیر پیرزن شہ کا پسر
کس لیے ہو وہ زنانہ جادوگر | بے نظیر و امین مثل وہ
ہاتھ میں اک فوق تکیہ پہ تھا | با تن و بازو بیا دست
تھتھا ہی نہتما دست الہ | منتہا ہی جو بیا بحر ستیاں
بولا شہ یہ فعل یا تجھ سے گیا | بولا ساحر ای کامل ہو دوا
ہے نہیں ساحر کوئی ہمتا نئی | جز مرے دنیا مین ہو شاہ
چون کف موسی بامر کردگار | سحر کا بر لاؤن مین
صبح کے ہمراہ کوہستان جا | کوہ ابین اسجگہ اک پائیگا
سوے قبلہ کھڑا تو اسکو ذرا | تا کہ دیکھے قدرت و صنع خدا
کوہ گہ مین جب گیا شاہ جہان | سوے قبلہ کوہ رکھ لا
جادوئی دیکھی بان پہ خفی | صد گرہ اک تار مین تھی بندھی
جب کیا اس عقد کو شہ نے کشان | تب رہائی شاہ کی اسد
دو بہ پسر با زیب پیش آیا دوان | سوے تخت شاہ با صد امتحان
رکھ دیا سر کو زمین پر ایکبار | شاہ کو سجدہ کیا با انکسار

جب شہزادہ نے پیا رحمی حیات ۔ اس نے ان قحبہ کو دی اُسنے طلاق

وہ خبیثہ غیرت کہا کیسے تاب ۔ مرکے جا پہونچی جہنم میں شتاب

تب ملا جا وہ عروس ناز سے ۔ دل لگایا اُس مہ ممتاز سے

باپ کی خدمت میں جاکر زود تر ۔ معذرت چاہی میں کو چوم کر

شہ نے بعد اک سال پہ پوچھا اُسے ۔ ہی کہاں تیری وہ منظور نظر

شاہزادے نے کہا ابکار سے ۔ میں ہوا بیزار اُس مردار سے

اب مجھے بخشا خدا نے ہے سرور ۔ ہو گیا میں اُس بلاے بد سے دور

اب ہوا مجھکو عطا آب حیات ۔ لگئی اُس بیسیرت سے نجات

ایسے ہی مومن ہے جو راہ یاب ۔ سوے نور حق گیا اُسنے شتاب

ہے یہ بیشک وہ شہزادہ ہی تو ۔ بیوفی دنیا ہی جان اُسکو عدو

سحر میں ہے اسکو کامل دستگاہ ۔ مرد کو جادو سے کرتی ہے تباہ

رنگ و بو دکھلا کے وہ قحبہ ہے ۔ مکر سے کرتی ہے مردوں کو اسیر

وہ بفن ساحری ہشیار ہی ۔ حل سے اُسکی آدمی لاچار ہی

عقل اس مشکل کو حل کرتی اگر ۔ انبیا کو حق نکرتا راہبر

ڈھونڈھ کوئی رہبر مشکلکشا ۔ رانداز یفعل اللہ ما یشا

جب تلک ہی تو اسیر پر زوال ۔ وہ عروس من ہی تجھے پانا محال

پس وصال ہین ہی دنیا کا فراق ۔ جان ہی بیمار جب تک تن ہی جاق

جب تجھے دنیا کی دوری سخت ہی ۔ دین سے تو نہو اری کمبخت ہی

تو نہین نیلا ہو سکتا صبور ۔ حیف ہی جو ہو جدا اپنے دور

یک نفس دیکھے اگر نور خدا ۔ جان و تن کو اپنے دے آتش لگا

یہ جہان پھر تجھہ آویگا نظر ۔ جب تو دیکھے قرب حق کا کروفر

بچہ شہزادہ تو ہو پہنچے نزد یار ۔ پانون سے اپنے نکالے جبکہ خار

جہد کر ہستی کو اپنی بہول جا ۔ جب ہم پہونچے تجھے اسکی لقا

جب تو اس رخسار کی دیکھے چمک ۔ پھر ترے ساجد ہون سب جن و ملک

گر طلب ہر دم فروغ حسن یار ۔ ہان نہو قانع بحسن مستعار

نہین دریا مین تو بیٹھا تشنہ لب ۔ دھوپ سے کرتا ہی پانی کی طلب

گر کہین تو دور سے دیکھے سراب ۔ اسکو پانی جان کرتا اضطراب

تشنہ لب پانی مین ہی تو بیگمان ۔ نحن اقرب کیا نہین اندر قران

بادشاہی ہی غلامی دوست کی ۔ بندگی حق ہی شاہی سے بھلی

دیو ہی تو جو انا خیر کہا ۔ خود نمائی ہی شعار ابلیس کا

[illegible]

جو خوبی کلہہ تجھے سون انجام | تو خدا سے دور تر ہی والسلام
ہو نہ تو مغرور اپنی بود پر | جلد تر کر جستجوے راہبر
بندگی اہل حق کمتر نہ جان | عشق حق سے چہوڑ شیطانی گمان
تو تکبر مین عبث اتنا نکر | تکبر سے یہان ہو زیر و زبر
جو کہ ہی انجام مین سعد و نکار | عشق سے اکدم نہو اسکو قرار
سرمہ اپنا خاک پاکون کا بنا | تا کہ چشم دلکو تیری ہو جلا
بزرگی تجہکو بخشے پہر خدا | سب جہان ہو جا فرمانبر ترا
حق نے دی ہی خاک لے تیا کو | ہی جہانگیری مین وہ جون آفتاب
کر خدا سے التجا ہر بات مین | تا نہو منزل تری درکات مین

یہ مناجات ہی نفس کی تنبیہ مین

ہاتھ اٹھا ہی ملتجی کا ہی کروگار | معصیت سے کر نہ مجھکو شرمسار
تجھ سوا کس پاس جاوین ہم غریب | تجھ سوا کس سے کہین ہم بے نصیب
اس ہی مین ہی تجھے مستی کمال | جسمین ہی ذات صفات ذو الجلال
بندگی مین اسکی ہو بستہ کمر | تا کہ ہو تیرا وہان بیکہ و فر
نفس ہی فرعون اسکو کر نہ شاد | تا نہو مغرور یہ کافر لعین

پھر سنکارے یا کہ روئے زار زار — وہ ہوا ایماندار و ہوشیار

تن کو کر فربہ نہ تو بز کی مثال — تا ہوا آخر کو نہوں تیرا حلال

خواب غفلت ہے یہ دنیا سر بسر — اسمیں تو غافل ہوا ہے باخبر

تو رہا اک شہر میں مدت دراز — سو رہا بھولا اسے ہو بے نیاز

یہ نجانا اب جہاں ہے نہیں گرو — شہر سابق یہ نہیں ہے شہر نو

بلکہ جانا تھا اسمیں ہے مقام — ہے یہی جا جسمیں تھا میں صبح شام

شہر سابق کا نہیں آتا خیال — خواب میں ایسا ہوا تو پائمال

جب مقام اپنا گئی یہ روح بھول — کیا عجب اس خواب میں گر ہو ملول

خواب کو جب آزمایا چند بار — خواب دنیا بھی ہے کر تو شمار

گر تو کوشش کیوں نہیں کرتا کہ تا — صاف دل ہو کر کے دیکھے ماجرا

سر نکالے دل ترا از بحر راز — پیش و پس دیکھے تو کر کے چشم باز

پہلے آیا تو بتسلیم جماد — پھر نباتی ہو گئی تیری نہاد

پھر نباتی سے ہوا حیوان تو جب — اس نباتی پن کو بھولا ہے عجب

پر رہا میلان بھی کچھ اس سمت یار — جبکہ آیا وقت ریحان مع بہار

جیسے میل کودکان با مادران — یہ نجانے سر میل اندر لبان

عقل جزوی ہی اُس عقل کل سے ہے	جنبش اُس سایہ کی شاخ گل سے ہے
سایہ اسکا اُسمین ہو آخر فنا	جان لے تب سر اُسکے اصل کا
سایہ شاخ درخت اے نیکبخت	کب ہو جنبان جب نہ جنبان ہو درخت
پھر تو حیوانی سے جب انسان بنا	عقل و دانائی ہوئی تجھکو عطا
اور لین عقلین ہین تجھکو یاد	اس سے بھی پھیرینگے تجھکو یاد
تا چھٹے یہ عقل پُر حرص و طلب	سو ہزاروں عقل دیکھے بوالعجب
گرچہ سویا اور بھولا پہلی بات	دینگے اُس نسیان سے پھر تجھکو نجات
تجھسے پھر لوٹینگے اُس غفلت کا بند	تا کرے حالت پہ اپنی ریشخند
کیا وہ غم کھایا تھا جو مین نے بخواب	کیوں فراموش ہو گیا حال صواب
کیا سبب جانا نہیں اُسکو خیال	وہ سراسر خواب تھا اور اسکا حال
ایسی ہی دنیا خیال و خواب ہی	خفتہ جانے قائم اور پُرتاب ہی
جب بر آوے ناگہاں صبح اجل	سب خیال اُس وقت پر جاوین بدل
ہنس پڑے کر یاد وہ غمہاے خود	جبکہ دیکھے مستقر و جاے خود
نیک و بد جو دیکھتا ہے تو بخواب	ہوں عیاں سب تجھپر وہ روز حساب
خواب دنیا مین جو کچھ تمنے کیا	ہو بہ بیداری عیان سب ماجرا

تا سنجانے خواب مین جب تین — جو کیا تعبیر اسکی کچھ نہین

پس تو اخفته ہو گر بیت — روز تعبیرات اے بیدار کر

اس جہان مین گرچہ بیدار ہے تو — وقت بیداری کے ہے یکسر خوف

اے ورندہ پوستین در دہان — گرگ صورت ہو اٹھیگا تو وہان

گرگ ہو کر ایک جیک خوبار تر — غیظ سے پھاڑیگا وہ خصمانہ تر

خون ہو خفته مرگ اندر قصاص — تو نہ کہہ مر کر ہوا ہون مین خلاص

پس تری یہ عقل مضطر ابتھی — تا کہ قرب حق سے لیتی آگہی

قرب ہو جیون تیری عقل کو — زیر و بالا پیش و پس اسمین نہ ہو

اسلیے ہے قول پاک مصطفا — بحث کم ڈھونڈھو ذات کبریا

ذات مین اسکی تفکر جو کرے — وہ نظر در اصل اندر ذات نے

ہے وہ پندار اسکا زیر راہ — ہین حجاب اس سے ہزاران تا الہ

ہر کوئی پردہ مین ہو موصول جو — وہم ہے اسکو کہ ہے وہ ذات ہو

پس کیا وہ وہم پیغمبر نے دور — تا غلط ہو کر نہو جویاے نور

کیونکہ اسنے وہم سے چھوڑا ادب — بے ادب کو سرنگون کرتا ہے رب

بین ہوے خیر لا احصی یہ جان — کسلیے ہے حد سے باہر یہ بیان

جانا ذوالقرنین کا بکوہ قاف اور درخواست کرنا کہ اے کوہ عظمت حق سے شمہ بیان کر اور جواب دینا اُسکا کہ صفت عظمت اُسکی تقریر مین نہین آتی اور لابہ کرنا ذوالقرنین کا کہ کچھ تو بیان کر

جب گیا ذوالقرن سوے کوہ قاف — دیکھا اُسکو ہی زمرد پاک صاف

جملہ عالم کو ہوا ہی وہ محیط — ہو گیا حیرت مین کچھ اُسکو بسیط

بولا تو ہی کوہ دیگر چیز کیا — برتری ہین جو کہ ہو ہمسر ترا

بولا وہ رگ ہین مری سب پہاڑ — کو ہی ہی مجھسا نہ با فر و بہا

ایک رگ ہر شہر مین میری نہان — ہی رگون سے میری بستہ جہان

زلزلہ چاہے جو حق اُس شہر کا — حکم ہوتا رگ کو دون جنبش ذرا

جلد حرکت دون مین اُس رگ کو بقہر — متصل جس رگ سے واقع ہو وہ شہر

جب کہے بس تو ہو اُسکو سکون — مین ہون اُسکی اقتضا پر سرنگون

ہیچو مرہم ہون مین ساکن کار کن — عقل وش ساکن ولے اندر سخن

پر وہ کہتا ہی کہ جو واقف نہین — ہی یہ لرزہ یا بخارات زمین

یہ بخارات زمین ہرگز نہ جان — حق سے ہی یہ امر واز کوہ گران

مورنے کاغذ پہ جو دیکھا قلم — دوسری چیونٹی سے بولی ہو کے ہم
ہیں قلم سے یہ عجائب نقشہا — پر پہچان دیکھ تو اسکو ذرا
تب وہ بولی ہاتھ سے یہ خط گرا — زور سے اُسکے قلم ہی ہے سوا
تیسری بولی یہ ہے بازو کا کام — انگلیوں کو اس سے ہے قوت تمام
اسطرح ہر اک نے باندھا اُسپہ وہم — افسر موران تھی اک تیز فہم
بولی صورت سے نہ دیکھو یہ ہنر — وہ بخواب مرگ ہوتے ہیں بیخبر
صورت آئی جیوں لباس جیوں عصا — بجز عقل و جان نہ ہوں یہ نقشہا
بیخبر اس سے کہ ہے عقل و فواد — ہیں ہمیشہ تابع رب عباد
اس سخن سے گو وہ سب پایا ہدا — تب تو دانا قرینوں نے اُس سے کہا
کا ہے سخنگو ہے یہ راز دان — کچھ صفات حق کو کر مجھ سے بیان
بولا وہ ہمت سے ایسے ہیں بلند — جسجگہ پہونچے نہیں کوئی کمند
بولا وہ دانا قرین اے کوہ کلان — کچھ تو کہہ صنعت سے اسکی داستان
بولا وہ یہ دشت ہی جسکا ہے لدا — دیکھ لے یہ برف باحکم الٰہ
کوہ پر کب بے شمار ہے بیعدد — برف سے اُسکو پہونچتی ہے مدد
برف باری کوہ پر کوہ دگر — دمبدم زرانبار ہے پیشتر

جو نہ ہوتے اسقدر روا و نہیا	آگ دوزخ مجھکو کر دیتی فنا
تھا فلان کو پردہ ہا برروئے جان	تا نہ جل جاوے حجاب ازدہان
